نام کتاب	:	الاسماء والمصاهرات بين آل البيت والصحابة
اردو نام	:	اہل بیت اور صحابہ کرام کے تعلقات (اسماء اور قرابت داری کی روشنی)
تصنیف	:	ابو معاذ السید بن احمد بن ابراہیم
ترجمہ	:	عنایت اللہ وانی

اہل بیت اور صحابہ کرامؓ کے تعلقات

(اسماء اور قرابت داری کی روشنی میں)

تالیف

ابو معاذ السید بن احمد بن ابراہیم

باحث مرکز الدراسات والبحوث ۔ سیرۃ آل والاصحاب

مترجم

عنایت اللہ وانی

انتساب

تمام گھر والوں کے نام:
والدہ اور شریکِ حیات کے نام
بیٹوں بلال، معاذ اور اسی کے نام
ان کے ماموں ابو احمد اور ابو مریم کے نام
ان کے چچاؤں ابو احمد اور ابو مہ اللہ کے نام
اور "مبرۃ الآل والأصحاب" کے بہترین رفقاء کے نام
ابو حسین العنزی
ابو محمد الخالدی
ابو عبد الرحمن العنزی
ابو حسان المصری کے نام
اور ان تمام لوگوں کے نام جو اہلِ بیت اور صحابۂ کرام سے محبت و عشق رکھتے ہیں
اللہ کی رحمت و سلامتی ہو ان سب پر۔

فہرست مضامین

حرف چند	۹
مقدمہ۔مؤلف	۱۱
مقدمہ۔دوسرا ایڈیشن	۱۹

باب اول

ہاشمی اور بالخصوص علوی خانوادے کی شخصیات کے اسمائے گرامی جن کے نام صحابۂ کرام کے ناموں پر ہیں

تمہید	۲۱
حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ	۲۳
آپؓ کا نسب	۲۳
حضرت ابوبکرؓ کے ہمنام لوگوں کا تذکرہ	۲۴
۱-ابوبکر بن علی بن ابی طالب	۲۴
۲-ابوبکر بن حسن بن علی بن ابی طالب	۲۶
۳-ابوبکر علی (زین العابدین)	۲۷
۴-ابوبکر بن موسیٰ (کاظم)	۲۸
۵-ابوبکر علی (رضا) ابن موسیٰ (کاظم) ابن جعفر (صادق)	۲۸
۶-ابوبکر (مہدی منتظر) ابن حسن عسکری	۲۹
۷-ابوبکر بن عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب	۲۹
ایک اہم نوٹ	۳۰
۸-ابوبکر بن حسن (المثنیٰ) ابن الحسن (السبط) بن علی بن ابی طالب	۳۰

حضرت عمر رضی اللہ عنہ	۳۱
آپؓ کا نسب	۳۱
اہل بیت میں حضرت عمر بن خطابؓ کے ہم نام لوگوں کا تذکرہ	۳۲
۱-عمر الأطرف بن علی بن ابی طالب	۳۲
ایک اہم نوٹ	۳۳
دوسرا اہم نوٹ	۳۵
۲-عمر بن حسن بن علی بن ابی طالب	۳۵
اہم نوٹ	۳۵
۳-عمر بن حسین بن علی بن ابی طالب	۳۸
۴-عمر (الأشرف) ابن علی (زین العابدین) ابن الحسین شہید	۳۹
۵-عمر (الشجری) ابن علی (الأصغر) ابن عمر (الأشرف) ابن علی (زین العابدین)	۴۰
۶-عمر بن محمد بن عمر (شجری) ابن علی (اصغر المحدث) ابن علی بن عمر	۴۲
۷-عمر بن یحییٰ بن حسین بن زید (شہید) بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب	۴۲
۸-عمر (ابو علی) ابن یحییٰ بن حسین (نقیب) ابن احمد (محدث وشاعر) ابن عمر بن یحییٰ بن حسین بن زید (شہید)	۴۲
۹-عمر بن محمد بن عبد اللہ بن عمر بن سالم بن ابی یعلی ابن ابی برکات	۴۳
۱۰-عمر (ابو یعلی) المختار النقیب بن مسلم (ابو العلاء) (ابن ابی علی محمد (الأمیر) بن محمد	۴۳
۱۱-عمر ابن الحسن (الأفطس) ابن علی (الأصغر) ابن علی (زین العابدین) ابن الحسین (شہید)	۴۳
۱۲-عمر بن علی بن عمر بن الحسن (الأفطس)	۴۴
۱۳-عمر (منجورانی) ابن محمد بن عبد اللہ بن محمد الأطرف	۴۵
۱۴-عمر بن جعفر (الملک المولتانی) ابن ابی عمر بن عبد اللہ بن محمد بن عمر (الأطرف)	۴۵
۱۵-عمر بن موسیٰ (الصادق)	۴۶
۱۶-عمر بن عبد اللہ بن محمد بن عمران بن علی بن ابی طالب	۴۶
۱۷-عمر بن محمد بن عمر (الأطرف) ابن علی بن ابی طالب	۴۷

حضرت عائشہ کے ہمنام مرد لوگوں کا تذکرہ ۶۱
۱- عائشہ بنت جعفر صادق ۶۱
۲- عائشہ بنت موسیٰ (کاظم) ابن جعفر (صادق) ۶۱
۳- عائشہ بنت جعفر بن موسیٰ (کاظم) ابن جعفر صادق ۶۳
۴- عائشہ بنت علی (الرضا) ابن موسیٰ (کاظم) ۶۳
۵- عائشہ بنت علی (الھادی) ابن محمد (الجواد) ابن علی (الرضا) ۶۳
۶- عائشہ بنت محمد بن الحسن بن جعفر بن حسن (المثنی) ابوالحسن بن علی بن ابی طالب ۶۴
حضرت عائشہ صدیقہؓ کے نام کے بارے میں بہترین تتمہ ۶۸
حضرت عائشہ صدیقہؓ اور ان سماء کے مابین تعلق و محبت ۶۸
اہم اور دلچسپ خاتمۂ بحث ۷۴

دوسرا باب

اہل بیت اور صحابہ -رضوان اللہ علیہم اجمعین- کے مابین رشتہ داریاں

لغوی بحث ۷۷
اہل بیت اور آل بیت صدیق کے مابین رشتہ داری ۸۰
۱- محمد بن عبداللہ -رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۸۰
۲- حسن بن علی بن ابی طالب ۸۰
۳- اسحاق بن عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب ۸۱
۴- محمد (باقر) ابن علی (زین العابدین) ابن الحسین ۸۲
ایک اہم بحث- "ابوبکر نے مجھے دو مرتبہ جنا ہے" اس مقولے کے بارے میں حق الیقین ۸۳
۵- موسیٰ (الجون) ابن عبداللہ (محض) ابن حسن (المثنی)
ابن الحسن ابن علی بن ابی طالب ۸۶
۶- اسحاق بن عبداللہ بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب ۸۶
اہل بیت اور آل زبیر کے مابین رشتہ داریاں ۸۷
۱- صفیہ بنت عبدالمطلب (رسول اللہ ﷺ کی پھوپھی) ۸۷

۲-ام الحسن بنت حسین بن علی بن ابی طالب ۸۷
۳-رقیہ بنت حسن بن علی بن ابی طالب ۸۹
۴-ملیکہ بنت حسن (المثنی) ابن حسن بن علی بن ابی طالب ۸۹
۵-موسیٰ بن عمر بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب ۸۹
۶-جعفر (الاکبر) ابن عمر بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب ۸۹
۷-عبداللہ بن حسین بن علی بن حسین بن ابی طالب ۹۰
۸-محمد بن عوف بن علی بن محمد بن علی بن ابی طالب ۹۰
۹-بنت القاسم بن محمد بن جعفر بن ابی طالب ۹۰
ایک اہم نوٹ ۹۲
۱۰-محمد (نفس زکیہ) ابن عبداللہ ابن الحسن (المثنی)
ابن الحسن (السبط) ابن علی بن ابی طالب ۹۲
۱۱-حسین (الاصغر) ابن علی (زین العابدین) ابن الحسین شہید ۹۳
۱۲-سکینہ بنت حسین بن علی بن ابی طالب ۹۳
۱۳-حسین بن حسن بن علی بن ابی طالب ۹۶
۱۴-علی (الخزری) ابن حسن بن علی بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب ۹۶
۱۵-فاطمہ بنت علی بن ابی طالب ۹۶
۱۶-احمد (عقیقہ) ابن علی بن حسین (الاصغر) ابن علی زین العابدین ۹۸
۱۷-ابراہیم بن حسین بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب ۹۸

اہل بیت اور قبیلہ بنو عدی کے آل خطاب کے مابین رشتہ داریاں ۱۰۰
۱-محمد بن عبداللہ-رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۱۰۰
۲-حسین (الافطس) ابن علی بن علی (زین العابدین) ابن حسین ۱۰۰
۳-حسن (المثنی) ابن الحسن بن علی بن ابی طالب ۱۰۱
۴-ام کلثوم بنت علی بن ابی طالب ۱۰۲
۵-ام کلثوم بنت ابراہیم بن محمد بن علی بن ابی طالب ۱۰۳

بنو تیم اور بالخصوص آل طلحہ اور اہل بیت بیت کے مابین رشتہ داریاں ۱۰۵
۱-حسن بن علی بن ابی طالب ۱۰۵
۲-حسین بن علی بن ابی طالب ۱۰۶
۳-عبدۃ بنت علی بن حسین بن ابی طالب ۱۰۶
۴-حسن (المثلث) ابن الحسن (المثنی) ابن الحسن بن علی بن ابی طالب ۱۰۷
۵-عون بن محمد بن علی بن ابی طالب ۱۰۷
۶-ابوعلی ابراہیم بن محمد ابن الحسن بن محمد ابن عبید اللہ ابن الحسن (الأصغر) ابن علی (زین العابدین) ۱۰۸
اہل بیت اور بنو امیہ کے مابین رشتہ داریاں ۱۰۹
۱-حضرت رقیہ اور حضرت ام کلثوم-رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادیاں ۱۰۹
۲-حضرت زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۱۱۰
۳-حضرت علی بن ابی طالب بن عبد المطلب ۱۱۰
۴-حضرت خدیجہ بنت علی بن ابی طالب ۱۱۱
۵-رملہ بنت علی بن ابی طالب ۱۱۳
۶-علی بن الحسن بن علی بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب ۱۱۴
۷-زینب بنت الحسن (المثنی) ابن حسن بن علی بن ابی طالب ۱۱۴
۸-نفیسہ بنت زید بن حسن بن علی بن ابی طالب ۱۱۵
۹-ام ابیہا بنت عبد اللہ بن جعفر بن ابی طالب ۱۱۶
۱۰-ام القاسم بنت الحسن بن الحسن بن علی بن ابی طالب ۱۱۶
۱۱-فاطمہ بنت حسین (شہید) بن علی بن ابی طالب ۱۱۷
تین مستند اقتباسات-جن سے فاطمہ بنت الحسین کی
عبد اللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان سے شادی کا ثبوت ملتا ہے ۱۱۹
ایک اقتباس-جس کو عمدۃ الطالب کے محقق نے نقل کیا ہے ۱۲۱
مصعب زبیری کی نسب قریش سے ایک دوسرا اقتباس ۱۲۱

شیخ عباس قمی کی "منتہی الآمال" کے بعض متفرق اقتباسات　۱۲۴
۱۲-حسن بن علی بن ابی طالب　۱۲۵
۱۳-اسحاق بن عبداللہ بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب　۱۲۶
۱۴-ام کلثوم بنت عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب　۱۲۶
۱۵-لبابہ بنت عبداللہ بن عباس ابن عبدالمطلب　۱۲۷
۱۶-رملہ بنت محمد بن جعفر بن ابی طالب　۱۲۸
۱۷-ام محمد بنت عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب　۱۲۸
۱۸-خدیجہ بنت حسین بن حسن بن علی بن ابی طالب　۱۲۸
۱۹-ابراہیم بن عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب　۱۲۹
۲۰-حسن بن حسین بن علی بن حسین بن علی بن ابی الب　۱۲۹
۲۱-لبابہ بنت عبداللہ بن محمد بن علی بن ابی طالب　۱۳۰
۲۲-نفیسہ بنت عبیداللہ بن عباس بن علی بن ابی طالب　۱۳۰
خانوادۂ علوی اور عباسیوں کے مابین رشتہ داریاں　۱۳۱
۱-محمد (جواد) ابن علی (رضا) ابن موسی (کاظم)　۱۳۱
۲-علی (رضا) ابن موسی (کاظم) ابن جعفر (صادق)　۱۳۲
۳-عبیداللہ بن محمد بن عمر (اکطرف) ابن علی بن ابی طالب　۱۳۳
۴-ام کلثوم بنت موسی (جون) ابن عبداللہ (محض) ابن حسن بن علی بن ابی طالب　۱۳۳
۵-زینب بنت عبداللہ بن حسین بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب　۱۳۴
۶-محمد بن عبداللہ بن حسن بن حسن کی صاحبزادی　۱۳۴
۷-میمونہ بنت حسین بن زید بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب　۱۳۵
آخری بات　۱۳۶
ضمیمے　۱۳۸
ضمیمہ (۱) مصعب زبیری کی "نسب قریش" سے ایک اہم اقتباس　۱۳۸
ضمیمہ (۲) "نہر الانساب والمصاہرات" کا ایک اقتباس　۱۴۳

عمر لاً طرف　۱۴۳
نسب میں مقام بلند کی حامل خاتون　۱۴۴
حضرت حفصہ بنت محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان کا شجرۂ نسب　۱۴۶
ہند بنت عتبہ کا شجرہ نسب　۱۴۸
رسول اللہؐ کے ساتھ امہات المومنین کا نسب ملنے کو ثابت کرنے والا خاکہ　۱۴۹
رسول اللہؐ کے ساتھ عشرہ مبشرہ کا نسب ملنے کو ثابت کرنے والا خاکہ　۱۵۰
ضمیمہ (۳) علم الانساب کی اہمیت و مقام اور اس کے بارے میں عربوں کا اہتمام　۱۵۱
علم الانساب کے بارے میں عربوں کے اہتمام پر دلالت
کرنے والا ایک دوسرا واقعہ　۱۵۴
اسی مفہوم کا دوسرا واقعہ　۱۵۵
ضمیمہ (۴)　۱۵۸
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور عشرۂ مبشرہ کے داماد　۱۵۸
رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے داماد　۱۵۸
حضرت ابوبکر صدیقؓ کے داماد　۱۵۹
حضرت عمر بن خطابؓ کے داماد　۱۵۹
حضرت عثمان بن عفانؓ کے داماد　۱۵۹
حضرت علی بن ابی طالبؓ کے داماد　۱۶۰
حضرت طلحہ بن عبید اللہ تیمیؓ کے داماد　۱۶۲
حضرت زبیر بن عوامؓ کے داماد　۱۶۳
حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ کے داماد　۱۶۵
حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کے داماد　۱۶۶
حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیلؓ کے داماد　۱۶۸
ضمیمہ (۵)　۱۶۹
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم زلف　۱۶۹
رسول اللہؐ کے ہم زلف — حضرت خدیجہؓ کی جانب سے　۱۶۹

عمر کے سلسلہ میں حسنِ اختتام ۴۷
حضرت عثمان بن عفان - رضی اللہ عنہ - اور ان کے ہمنام لوگوں کا تذکرہ ۵۰
آپؓ کا نسب ۵۰
آپؓ کی والدہ ۵۰
حضرت عثمان کے ہمنام لوگوں کا تذکرہ ۵۱
۱- عثمان بن علی بن ابی طالب ۵۱
اہم نوٹ ۵۲
۲- عثمان بن عقیل بن ابی طالب ۵۲
طلحہ بن عبید اللہ - رضی اللہ عنہ - اور ان کے ہم نام لوگ ۵۳
آپ کا نسب ۵۳
آپ کی والدہ ۵۳
طلحہ کے ہمنام لوگوں کا تذکرہ ۵۴
۱- طلحہ بن حسن بن علی بن ابی طالب ۵۴
طلحہ کے نام کے بارے میں ایک اہم بات ۵۵
۲- طلحہ بن حسن (المسلث) بن الحسن (المثنی) ابن الحسن بن علی بن ابی طالب ۵۵
حضرت معاویہ بن ابی سفیان - رضی اللہ عنہ - اور ان کے ہم نام لوگوں کا تذکرہ ۵۶
آپؓ کا نسب ۵۶
آپ کی والدہ ۵۶
حضرت ہند کی سوتیلی مائیں ۵۶
حضرت معاویہ کے ہمنام لوگوں کا تذکرہ ۵۸
معاویہ بن عبد اللہ بن جعفر بن ابی طالب ۵۸
اُم المؤمنین حضرت عائشہ (صدیقہ) بنت ابی بکر صدیق - رضی اللہ عنہا - ۶۰
آپؓ کا نسب ۶۰
آپ کی والدہ ۶۱

رسول اللہؐ کے ہم زلف۔ حضرت عائشہؓ کی جانب سے	۱۷۰
رسول اللہؐ کے ہم زلف۔ حضرت سودہؓ کی جانب سے	۱۷۰
رسول اللہؐ کے ہم زلف۔ حضرت حفصہؓ کی جانب سے	۱۷۱
رسول اللہؐ کے ہم زلف۔ حضرت ام سلمہؓ کی جانب سے	۱۷۲
رسول اللہؐ کے ہم زلف۔ حضرت زینب بنت جحشؓ کی جانب سے	۱۷۳
رسول اللہؐ کے ہم زلف۔ حضرت رملہ ام حبیبہؓ کی جانب سے	۱۷۳
رسول اللہؐ کے ہم زلف۔ حضرت میمونہؓ کی جانب سے	۱۷۵
ضمیمہ (۶)	۱۷۸
رشتہ داریوں کی وضاحت کے لئے بعض خاکے اور نقشے	۱۷۸
اہل بیت اور صحابہ کے اسماء اور قرابت داری پر ایک طائرانہ نگاہ	۲۰۲
فہرست مراجع کے بارے میں ایک نیا طریقہ	۲۰۳
اہم مراجع و مصادر	۲۰۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حرف چند

سب سے پہلے ہم اپنے لئے اور آپ سب کے لئے اللہ سے دنیوی واخروی فوز وفلاح اور سعادت کی توفیق وہدایت کی دعا کرتے ہیں۔

ہم آپ کے سامنے یہ کتاب پیش کرتے ہوئے خوشی محسوس کر رہے ہیں، جو اپنے حجم کے اعتبار سے تو مختصر لیکن معانی اور مفاہیم کے اعتبار سے عظیم ہے، اس کا مقصد صحابہ کرام اور اہل بیت کے سلسلہ میں پیدا کئے گئے شبہات و بے بنیاد دعووں کا پردہ چاک کرنا ہے۔

قارئین کرام سے گذارش ہے کہ مذہب ومسلک اور گروہ بندیوں سے بالاتر ہوکر اس کا مطالعہ کیا جائے تاکہ حق کو تسلیم کرنا آسان ہوجائے، کیونکہ حق کے علاوہ کوئی بھی چیز قابل اتباع نہیں ہے۔

اس کتاب میں صحابہ کرام اور اہل بیت کے مابین پائے جانے والے تعلق کو واضح کرنے والے دلائل ذکر کئے گئے ہیں جن کو پڑھنے کے بعد کوئی بھی عذر باقی نہیں رہتا، اس سلسلہ میں ہر طرح کے قابل اعتماد مراجع سے استفادہ کیا گیا ہے، لہٰذا ہم بہت ہی شکر گذار ہیں اس کتاب کے مؤلف کے جنھوں نے اہل بیت اور صحابہ کے ذکر خیر سے جواہر و موتی منتخب کرکے نکالے، جو بھی ان کے ناموں اور رشتہ داریوں کے متعلق پڑھے گا، اس کو یقین ہوجائے گا کہ ان کے مابین مستحکم تعلقات تھے، ارض کنانہ کے رہنے والوں سے تو یہ بات پوشیدہ بھی نہیں ہے، ہم یہاں پر صرف عام کلمہ گو حضرات کے لئے حجت ودلیل قائم کرنا چاہتے ہیں، اس کتاب میں اہل بیت اور صحابہ کے مابین پائی جانے والی رشتہ داریوں اور ان کے مابین پائے جانے والے سینکڑوں ایک جیسے ناموں کو بیان کیا گیا ہے، اللہ سے دعا ہے کہ مسلمانوں کے دلوں کو حق پر جمع فرمائے، اہل بیت اور صحابہ کرام سے مکمل محبت

وعقیدت اور نصرت وولاء کی توفیق مرحمت فرمائے، جو بھی ان کے حق میں زبانِ تشنیع دراز کرے یا کوئی بھی ادنیٰ سی بری بات اپنی زبان سے نکالے، اللہ ہمارے دلوں میں اس کی نفرت پیدا فرمائے، سید المرسلین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے انہی کے ساتھ ہمارا حشر فرمائے، ہمارے آگے آگے عشرۂ مبشرہ، امہات المؤمنین اور اہل جنت کے نوجوانوں کے سردار ہوں اور ان تمام انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین کے ساتھ ہمارا حشر ہو جن پر اللہ کا انعام ہوا۔

وآخر دعوانا أن الحمد لله رب العالمين

مبرة الآل والأصحاب

مقدمہ

تمام تعریفیں اللہ کے لئے سزاوار ہیں جیسی کہ اس کی عظمت و کبریائی کے شایان شان ہیں، پاکیزہ اور مبارک حمد وستائش کے لائق وہی ہے، میں گواہی دیتا ہوں کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، اس کا کوئی شریک وسہیم نہیں ہے اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد -صلی اللہ علیہ وسلم- اس کے بندہ اور رسول ہیں، درود وسلام ہو آپ پر، آپؐ کے آل واصحاب پر اور آپ کے تمام متبعین پر۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿ يآ أيها الناس اتقوا ربكم الذي خلقكم من نفس واحدة وخلق منها زوجها وبث منهما رجالا كثيرا ونساءً واتقوا الله الذي تساءلون به والأرحام إن الله كان عليكم رقيبا ﴾

ترجمہ: "لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے تم کو ایک جان سے پیدا کیا اور اسی جان سے اس کا جوڑا بنایا اور ان دونوں سے بہت سے مرد وعورت دنیا میں پھیلا دیئے، اس خدا سے ڈرو جس کا واسطہ دے کر تم ایک دوسرے سے اپنے حق مانگتے ہو اور رشتہ وقرابت کے تعلقات کو بگاڑنے سے پرہیز کرو، یقین جانو کہ اللہ تمہاری نگرانی کر رہا ہے"۔

یہ اللہ تعالیٰ کی صفتِ رحمت کا ایک مظہر ہے کہ اس نے مٹی سے انسان کی تخلیق کی، اور انسانوں میں نسب اور رشتہ داری کا سلسلہ جاری کیا، تاکہ تمام انسان ایک دوسرے کو پہچان سکیں، وہ سب ایک باپ آدم -علیہ السلام- کی اولاد ہیں، اسی لئے صحابہ کرام کی بنو ہاشم میں آل عقیل، آل علی، آل جعفر اور آل عباس وغیرہم کے ساتھ قرابت ورشتہ داری تھی، ان کے ساتھ ان کے رشتے ہوتے تھے اور ان کو بھی رشتے دیتے تھے۔

اس میں کوئی شرم وحیا اور ذلت کی بات نہیں ہے اگر وہ اسلام کے نام لیوا ہیں اور اللہ کی رضا کے لئے محبت والفت ان کے رگ وپے میں جاگزیں ہے۔

لیکن بعض لوگ اس غلط فہمی کا شکار ہوگئے کہ خدانخواستہ اہل بیت اور صحابہ کے درمیان عداوت ودشمنی اور اختلاف پایا جاتا ہے، اس غلط فہمی کی وجہ یہ ہے کہ وہ بعض تاریخی روایات کا مطالعہ کرتے ہیں اور سند اور متن میں غور کئے بغیر ان کے سطحی اور ظاہری معنی کو بنیاد بنا لیتے ہیں، حالانکہ کتنی روایات ایسی ہیں جو ہم تک پہنچیں لیکن ان میں سے کوئی بھی صحیح نہیں ہے، کیونکہ احادیث وروایات کی سب سے بڑی آفت ان کے غیر صحیح راوی ہیں، لیکن ایک باریک بین محقق جب صحابہ کبار اور پاکیزہ اہل بیت کے درمیان تعلقات کا مطالعہ کرتا ہے تو یہ بات عیاں ہوجاتی ہے کہ ان کے درمیان کتنا ربط وتعلق اور ایک دوسرے کا زبردست احترام پایا جاتا تھا، یہی احترام واکرام تھا جس نے حبر الأمت (علامۂ امت) حضرت عبداللہ بن عباس کو حضرت زید بن ثابت کی اونٹنی کی لگام پکڑ کر چلنے پر آمادہ کیا۔ (مفصل روایت دیکھئے: طبقات ابن سعد ۲/۳۶۰) اور اسی اکرام واحترام کی بنیاد پر حضرت ابوبکر صدیق -رضی اللہ عنہ- نے یہ فرمایا کہ: ''اہل بیت کے ساتھ حسن سلوک کرکے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا خیال کرو''۔ (دیکھئے: صحیح بخاری، فضائل اہل البیت) اس سلسلہ میں ناقابل شمار نمونے، مثالیں، اقوال اور اعمال پیش کئے جاسکتے ہیں۔ (دیکھئے: صحیح بخاری، صحیح مسلم، کتب سنن میں باب فضائل أهل البيت، علامہ زمخشری کی ''مختصر الموافقة بين أهل البيت والصحابة'' محب الدین طبری کی ''ذخائر العقبى في مناقب ذوي القربى''۔)

ترجمہ: ''اور جو ان لوگوں کے بعد آئے ہیں وہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب، ہمیں اور ہمارے ان سب بھائیوں کو بخش دے جو ہم سے پہلے ایمان لائے ہیں اور ہمارے دلوں میں اہل ایمان کے لئے کوئی بغض نہ رکھ، اے ہمارے رب تو بڑا مہربان اور رحیم ہے''۔

اس کے بعد دوسری نسل آئی ان سب کی محبت ان کی گھٹی میں پڑی ہوئی تھی، خیر کے ساتھ ان سب کا تذکرہ کیا کرتے، تراجم ورجال کی کتابوں میں سے کوئی بھی مرجع یا کتاب ان کے ذکر خیر سے خالی نہیں ہے، ان کا تذکرہ کیا ہے تو ان کی تعریف وتوصیف کے ساتھ، ان کے اخلاق، ان کے درمیان پائی جانے والی محبت والفت اور ان کو حاصل ہونے والے انعامات اور رضائے الٰہی کا حقدار بننے پر ان کی شان میں ثنا خوانی اور تعریفی کلمات کے ساتھ تذکرہ کیا گیا ہے۔

اسی گہرے ربط وتعلق کی وجہ سے عام صحابہ اور اہل بیت کے درمیان بہت سے رشتے ہوئے، یہاں تک کہ ایک باریک بین قاری یہ محسوس کرتا ہے کہ ہر صحابی کا اہل بیت سے کسی نہ کسی اعتبار سے کوئی رشتہ ضرور ہے اور اسی طرح اہل بیت میں سے بھی کوئی ایسا نہیں ہے جس کا عام صحابہ کرام کے ساتھ رشتہ داری کا تعلق نہ ہو۔

اسی لئے مجھے مناسب معلوم ہوا کہ اہل بیت اور صحابہ کرام - رضی اللہ عنہم - کے درمیان پائی جانے والی قرابت داری کو واضح کرنے کے لئے اس پر کام کیا جائے، میں نے اس قسم کی تمام روایات، واقعات اور تاریخی حقائق کو ایک جگہ جمع کرنے کی کوشش کی ہے، البتہ میں نے اس سلسلہ میں امت مسلمہ کے مختلف گروہوں کے نزدیک ان کے ہاں مسلم مصادر ومراجع سے ان حقائق کو ثابت کرنے کا اہتمام کیا ہے، خاص طور پر ان کتابوں پر

بلاشبہ اسی گہرے ربط وتعلق کی بنیاد پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دو مددگار صحابہ کی صاحبزادیوں کو ازواج مطہرات بننے کے شرف سے نوازتے ہیں، چنانچہ حضرت عائشہ صدیقہ بنت صدیق اور نیک وعفت مآب حضرت حفصہ بنت فاروق امہات المؤمنین کا شرف حاصل کرلیتی ہیں اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی دو صاحبزادیوں حضرت رقیہ اور حضرت ام کلثوم -رضی اللہ عنہما- کو ذی النورین حضرت عثمان بن عفان کی زوجیت میں دیتے ہیں۔

یہ بھی اہل بیت کے ساتھ اکرام ہی کا ایک اہم مظہر ہے کہ حضرت عمر بن خطابؓ حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کو اہل بدر کے حصہ کے بقدر عطیہ دیا کرتے تھے اور یہ ان کے حق میں اکراماً واحتراماً کیا کرتے تھے۔ (دیکھئے: سیر أعلام النبلاء ۳/۲۶۶، ۲۸۵)

حضرت ابوبکر صدیق -رضی اللہ عنہ- کا مشہور قول ہے جس کو عام طور پر صحابہ نے اپنے لئے نمونہ بنالیا تھا، آپ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قرابت داروں سے حسن سلوک کرنا مجھے اپنے قرابت داروں کے ساتھ صلہ رحمی کرنے سے زیادہ پسندیدہ ہے۔ (بخاری حدیث نمبر ۴۲۴۱، مسلم، حدیث نمبر ۶۷۵۹)

یہی طریقہ اور طرز عمل نسلاً بعد نسلٍ تسلسل کے ساتھ جاری رہا، تابعین عظام، اہل بیت اور صحابہ کے ساتھ سب سے زیادہ محبت کیا کرتے تھے، ان کو ان کے مقام بلند کے اعتبار سے درجہ دیا کرتے تھے، اللہ تعالیٰ کے اس فرمان پر عمل پیرا تھے: ﴿والذين جاءوا من بعدهم يقولون ربنا اغفرلنا ولإخواننا الذين سبقونا بالإيمان ولا تجعل في قلوبنا غلا للذين آمنوا ربنا إنك رءوف رحيم﴾ (الحشر: ۱۰)

استناد کیا ہے جو علمائے انساب کی تحریر کردہ ہیں، لہذا اس کے بعد شک وشبہ اور پوشیدگی کی کوئی بات باقی نہیں رہتی ہے، جب کہ اکثر علمائے انساب کا تعلق بلند پایہ علماء سے ہے، ان کی کتابیں اور کتب تراجم میں ان کے تراجم وتعارف خود اس کے شاہد عدل ہیں۔

میں نے حتی المقدور اپنی استطاعت کے بقدر ان اسماء اور قرابت داریوں کی ایک معتد بہ تعداد کا احاطہ کرنے کی کوشش کی ہے، لیکن اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ مجھ سے بہت سی چیزیں چھوٹ بھی گئی ہیں جن کا میں احاطہ نہیں کر سکا، البتہ یہ حقیقت ہے کہ کسی چیز کے مکمل طور پر حاصل نہ ہونے کے اندیشہ کی وجہ سے اس کو بالکل ترک ہی نہیں کیا جاتا ہے، جن مراجع ومصادر پر میں نے انحصار کیا ہے ان میں سے اہم ترین مراجع مندرجہ ذیل ہیں:

۱- عمدة الطالب في أنساب أبي طالب، ابن عنبہ (ت ۸۲۸ھ) یہ اس فن کے بلند پایہ علمائے انساب میں سے ہیں۔

۲- الأصيل في أنساب الطالبين، ابن الطقطقی (ت ۷۰۹ھ) یہ بھی مشہور عالم انساب ہیں۔

۳- سر السلسلة العلوية، ابونصر بخاری، سنہ ۳۴۱ھ جو باحیات تھے۔

۴- الإرشاد، شیخ مفید، (ت ۴۱۳ھ) یہ بھی بلند پایہ عالم ہیں۔

۵- منتهى الآمال في تواريخ النبي والآل، شیخ عباس قمی، یہ علمائے معاصرین میں بلند مقام کے حامل ہیں۔

۶- تراجم أعلام النساء، محمد حسین حائری، یہ علمائے معاصرین میں بلند مقام کے حامل ہیں۔

۷- كشف الغمة في معرفة الأئمة، علامہ اربلی، یہ مشہور زمانہ کتاب ہے،

اور کئی مرتبہ تین جلدوں میں چھپی ہے۔

۸-الأنوار النعمانية نعمت اللہ جزائری، (ت ۱۱۱۲ھ) یہ سوانح نگار علماء میں سے ایک بلند پایہ عالم ہیں، اور محمد باقر المجلسی (ت ۱۱۱۱ھ) کے ارشد تلامذہ میں سے ہیں، ان کی کتاب "الأنوار النعمانیہ" بھی مشہور زمانہ کتاب ہے۔

۹-أعیان النساء شیخ محمد رضا حکیمی، یہ معاصر علماء میں سے ہیں۔

۱۰-تاریخ العقوبی، احمد بن ابی یعقوب بن جعفر بن وہب بن واضح، یہ عظیم مؤرخ ہیں، یہ ایک بلند مقام و مرتبہ کے حامل ہیں، ان کی کتاب دو جلدوں میں شائع ہوئی ہے، اور یہ قدمائے مؤرخین میں سے ہیں۔

مذکورہ کتب کے علاوہ بھی علمائے انساب کی دوسری کتابوں سے میں نے استفادہ کیا ہے، مثلاً:

۱-انساب الأشراف، احمد بن یحیی بلاذری (ت ۲۷۹ھ) یہ اہم علمائے انساب میں سے ہیں، اور ان کی کتاب اس فن میں حجت کی حیثیت رکھتی ہے، ان کی یہ کتاب کئی مرتبہ شائع ہوئی ہے، ہمارے سامنے جو ایڈیشن ہے وہ ڈاکٹر سہیل زکار کی تحقیق کے ساتھ تیرہ جلدوں پر مشتمل ہے۔

۲-نسب قریش، مصعب زبیری (ت ۲۳۶ھ) ناشر: لیفی بروفنیسال، مطبوعہ: دار المعارف۔

۳- وہ کتاب جس سے ہم نے استفادہ کیا اور یہاں مصادر کی فہرست میں اس کی اہمیت کی وجہ سے خاص طور پر بیان کیا ہے وہ ہے: کتاب "المحبر" محمد بن حبیب، (ت ۲۴۵ھ) یہ کتاب باہتمام ولیز الیختن، دار الآفاق الجدیدۃ سے

شائع ہوئی ہے۔

۴۔ مقاتل الطالبین، ابوالفرج اصفہانی، یہ بھی اہم ترین کتابوں میں سے ہے، یہ سب سے پہلی کتاب ہے جس کو کتاب "الاغانی" کے مصنف علامہ اصفہانی نے لکھا ہے، جو شخص علم الانساب کے تئیں علامہ اصفہانی کے اہتمام سے ناواقف ہو وہ ان کی کتاب کی اہمیت کو نہیں سمجھ سکتا ہے، انہوں نے اس موضوع پر کئی کتابیں تصنیف کی ہیں، مثلاً: الجمهرة في النسب، نسب عبد شمس، نسب بني شيبان، نسب آل المهلب، نسب بني كلاب، نسب بني تغلب، وغیرہ۔ علامہ اصفہانی کی وفات سن ۳۵۷ھ میں ہوئی۔

ان قرابت داریوں کے تذکرے کے پہلو بہ پہلو میں نے ایک مزید پہلو کو اجاگر کرنا مناسب سمجھا، وہ اہل بیت کے افراد کے نام، ان کی کنیت اور ان کے القاب کا ذکر، خاص طور پر خانوادۂ علوی کا تذکرہ، جس سے ایک قاری خود بخود ایسے حقائق و امور سے واقف ہوگا جن کو ضمناً بیان کیا جاتا ہے اور کبھی ان کی جانب توجہ نہیں دی جاتی ہے اور نہ ہی ان کو اصل سمجھا جاتا ہے۔

عنقریب قارئین کرام اس کو ملاحظہ فرمائیں گے کہ ابوبکر، عمر، عثمان، عائشہ، طلحہ اور ان جیسے دوسرے ناموں سے اہل بیت کے گھروں میں سے کوئی گھر خالی نہیں تھا، اور ایسا الفت و محبت، احترام و اکرام کی وجہ سے تھا۔

یہ سب نام تمام مصادر و مراجع میں موجود و محفوظ ہیں۔

اسی طرح میں نے اس ایڈیشن میں بعض اہم ضمیموں کا اضافہ کیا ہے جن کو میں نے بغیر کسی تبدیلی کے ہو بہو نقل کیا ہے، تاکہ قاری کے سامنے وہ چیزیں واضح ہو جائیں جو

اس کے لئے غیر واضح تھیں۔

قارئین کرام! اب ذرا اپنے مسلک وتعصب سے بالاتر ہو کر بصارت کے بجائے صرف بصیرت کے ساتھ مطالعہ کیجئے، ہوائے نفس کے بجائے عقل کا استعمال کیجئے، تاکہ آپ کے سامنے حقائق مکمل طور پر منکشف ہو جائیں۔

اے اللہ صرف اپنی رضا کی خاطر میرے اس عمل کو شرف قبولیت سے نواز دے، اس کو میرے لئے آسان فرما، میری مدد فرما، اور اس کو میری حسنات میں شامل فرما، اے وہ ذات جس کے ہاں پاکیزہ بات قبول ہوتی ہے۔

بلاشبہ تو بہترین مولی اور بہترین مددگار ہے۔

ابو معاذ السید بن احمد بن ابراہیم

سرزمین کنانہ

۷ رصفر ۱۴۲۳ھ / ۲۰ راپریل ۲۰۰۲ء

مقدمہ

(دوسرا ایڈیشن)

تمام تعریفیں اللہ کے لئے سزاوار ہیں اور درود وسلام ہو خاتم رسل پر، آپ کے پاکیزہ اہل بیت پر، خیر کے حامل صحابہ پر اور قیامت تک ان سے محبت کرنے والوں پر۔

یہ بات قابل اطمینان اور باعث خوشی ہے کہ اس کتابچہ کو بہت زیادہ قبول عام حاصل ہوا، اللہ نے اس میں برکت عطا فرمائی اور لوگوں میں یہ عام ہوگئی، اس کے لئے تمام حمد وثنا اللہ ہی کے لئے ہیں۔

''صور فالآل والأصحاب'' نے مجھے اس کام کو مزید منقح کرنے، انساب، اسماء اور مصاہرات سے متعلق مزید کچھ فوائد کا اضافہ کرنے اور کتب انساب وتراجم اور کتب تاریخ سے مزید مقارنہ کرنے کا مشورہ دیا تاکہ یہ کام مکمل اور قابل اطمینان ہو۔

اس مشورہ کے بعد اس کی تعمیل کے سوا میرے لئے کوئی چارۂ کار نہ تھا، خاص طور پر مبرہ میں ایسے عظیم لوگ ہیں کہ ان میں سے سب سے ادنیٰ فرد کا مقام ومرتبہ میرے دل میں ایسا ہے کہ ان کی نصیحت میرے لئے حکم ہے، ان کا مشورہ لازمی حکم ہے اور ان کا اشارہ بھی میرے لئے فرض اور واجب العمل ہے، کیونکہ ان سب کا مقصد مسلمانوں کے مابین اصلاح ہے، ان کی غرض دلوں کو جوڑنا ہے ان کا ہدف پاکیزہ اہل بیت اور خیر کے حامل صحابہ کے تراث کو زندہ کرنا ہے اور اس کام کے ذریعہ ہم سب اللہ عزوجل کی رضا کے طلبگار ہیں۔

اس لئے میں نے بعض مفید چیزوں کا اضافہ کیا، اور میں نے کوشش کی کہ انساب کے سلسلہ میں یہ ایک ہلکا پھلکا خیر سے بھرپور مرجع بن جائے، جس کے اثرات دور رس ہوں، خوشبو کی طرح اس کا خیر پھیلتا رہے، لہذا جن چیزوں کو میں نے مناسب سمجھا ان سے اس کو آراستہ کیا، تاکہ قارئین کرام، جلیل القدر اہل بیت اور صحابہ کے انساب ومصاہرات سے واقف ہوسکیں۔

اللہ سے دعا ہے کہ اس کام کو شرف قبولیت سے نوازے۔ اس کے ناشرین کو جزائے خیر عطا فرمائے، اور اس کو رب کریم کی رضا تک پہنچنے کا ذریعہ بنائے، بلاشبہ وہ سمیع ومجیب ہے۔

ابو معاذ السید بن احمد بن ابراہیم

کیم جمادی الآخرہ ۱۴۲۶ھ مطابق ۷/ جولائی ۲۰۰۵ء

آپس میں مودت و رحمت کے تعلقات تھے۔

ناموں کی طرح یہی حال کنیت اور القاب کا بھی ہے

اس سلسلہ میں کسی کا بھی کوئی اختلاف نہیں ہے۔

علامہ کلینی نے ''الکافی'' میں اور علامہ مجلسی نے ''بحار الانوار'' میں ایک اہم ترین روایت نقل کی ہے کہ ''جب حضرت معاویہ نے مروان بن حکم کو مدینہ کا گورنر بنایا اور یہ حکم دیا کہ قریش کے نوجوانوں کے لئے عطیہ جاری کریں اور انہوں نے ایسا ہی کیا تو علی بن حسین بیان کرتے ہیں کہ میں ان کے پاس حاضر ہوا تو انہوں نے پوچھا: کیا نام ہے؟ میں نے جواب دیا: علی بن حسین، انہوں نے پوچھا: آپ کے بھائی کا نام کیا ہے؟ میں نے کہا: علی، یہ سن کر انہوں نے کہا: علی اور علی! آپ کے والد چاہتے ہیں کہ اپنے تمام بچوں کا نام علی رکھ لیں! اس کے بعد میرا حصہ مجھے دیا میں اپنے والد کے پاس لوٹ کر آیا تو میں نے ان کو یہ بات بتائی، انہوں نے کہا: اگر میرے سو بچے ہوتے تو میں ان سب کا نام علی رکھنا پسند کروں گا''۔(۱)

مذکورہ روایت سے واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ انسان اپنی اولاد کا وہی نام رکھتا ہے جس سے وہ محبت کرتا ہے، اور کیونکہ حضرت حسینؑ کو اپنے والد سے محبت تھی، اسی لئے اپنے تمام بیٹوں کا نام بھی علی ہی رکھنا پسند کیا۔(۲)

---

(۱) الکافی ۶/۱۹؛ بحار (ا) نوار ۴۶/۲۲۱

(۲) (دیکھئے ناموں کے بارے میں گفتگو تمام کیا ہے یہاں تک کہ بحرانی (ت ۱۱۰۷ھ) نے اپنی کتاب ''تفصیل وسائل الشیعۃ الی تحصیل مسائل الشریعۃ'' میں مختلف ابواب قائم کئے ہیں، مثلاً: باب استحباب تسمیۃ الولد باسم حسن ... باب استحباب التسمیۃ باسماء الائمۃ و بما دل علی العبودیۃ حتی =

لہذا اس وضاحت کے بعد اس کو تفصیل سے بیان کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے کہ نام کے ذریعہ اپنے محبوب سے محبت والفت کا پتہ چلتا ہے، اس لئے تفصیل میں جائے بغیر اب اصل مقصود کی طرف آتے ہیں:

☆ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ

ہر صاحب عقل وبصیرت یہ بات جانتا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق -جن کا نام عبد اللہ ہے- جلیل القدر صحابی اور رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وسلم- کے خلیفہ ہیں، کسی عقلمند اور دانا شخص کے لئے اس میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں ہے کہ جو بھی اپنے بچے کا نام ابوبکر رکھے گا یا اپنی کنیت رکھے گا تو وہ شخص اس نام والے شخص سے محبت اور ولایت کا جذبہ رکھتا ہے، صحابہ کرام میں ابوبکر کے نام سے جو سب سے زیادہ مشہور ہوئے ہیں وہ حضرت ابوبکر صدیق -رضی اللہ عنہ- ہیں۔

آپ -رضی اللہ عنہ- کا نسب:

ابوبکر (عبداللہ) بن أبی قحافہ (عثمان) بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ بن کعب بن لؤی بن غالب بن فہر۔

آپ کا نسب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جد سادس (مرہ) سے ملتا ہے۔

= عبدالرحمن، باب استحباب التسمیۃ باسم محمد ... استحباب إکرام من اسمہ محمد أو أحمد أو علی ..... باب استحباب التسمیۃ بعلی، باب استحباب التسمیۃ بأحمد والحسن والحسین وجعفر وطالب وعبداللہ وحمزۃ وفاطمۃ .... اسی طرح اور دوسرے ایسے ابواب قائم کئے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ نام رکھنا ایک اہم ترین معاملہ ہے اور اس سے بہت سی چیزیں معلوم ہوتی ہیں، دیکھئے وسائل الشیعۃ ج ۲۲ ص ۳۸۸، ۴۰۰، مطبوعہ: مؤسسۃ آل البیت لإحیاء التراث، بیروت ۱۴۱۳ (۱۹۹۳م)

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اور مرّہ کے درمیان چھ اجداد ہیں اور حضرت ابوبکرؓ اور مرّہ کے درمیان بھی چھ اجداد ہیں، لہٰذا حضرت ابوبکر صدیقؓ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تعدد النسب (۱) میں آتے ہیں۔

آپؓ کی والدہ

اُم الخیر (سلمیٰ) بن صخر بنت عمر بن عامر بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ۔ آپ کی والدہ کا نسب بھی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مرہ سے جاملتا ہے، یہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے والد کے چچا کی صاحبزادی یعنی (آپ کے والد کی چچازاد بہن) تھیں، اور آپ صحابیہ تھیں۔

حضرت ابوبکرؓ کے ہم نام لوگوں کا تذکرہ

۱- ابوبکر بن علی بن ابی طالب

آپؓ حضرت حسین -رضی اللہ عنہ- کے ساتھ کربلا میں شہید ہوئے، آپ کی والدہ لیلیٰ بنت مسعود نہشلیہ ہیں۔

اس کا ذکر شیخ مفید نے "الارشاد" ص ۱۸۶، ۲۴۸، میں کیا ہے، "تاریخ الیعقوبی"

---

(۱) تعدد: یہ علمائے انساب کی ایک خاص اصطلاح ہے جس کو ایسے دو لوگوں کے بارے میں استعمال کیا جاتا ہے جن کا نسب مائیل کے آباء واجداد میں سے کسی سے جاملتا ہو اور دونوں کے درمیان کے افراد کی تعداد بالکل برابر ہو، اس کا انطباق حضرت ابوبکر صدیقؓ پر ہوتا ہے کیونکہ ان کا نسب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جاملتا ہے اور دونوں کے مابین "مرہ" تک اجداد کی تعداد بالکل برابر ہے، اسی طرح دوسرے صحابہ پر بھی اس کا انطباق ہوتا ہے۔

میں "اولاد علی" کے ضمن میں اور شیخ عباس القمی کی "منتہی الآمال" (۱/۱۶۱/۲) میں بھی ان کا تذکرہ ہے، شیخ قمی نے بھی بیان کیا ہے کہ آپ کا نام محمد اور کنیت ابوبکر تھی، فرماتے ہیں: "اور محمد کی کنیت ابوبکر ہے....." (منتہی الآمال ۱/۱۵۴؛ بحار الانوار للمجلسی ۴۲/۳۰)

"الارشاد" میں شیخ مفید کی عبارت کے الفاظ یوں ہیں: "فصل : أسماء من قتل مع الحسين بن علي عليه السلام ( ) من أهل بيته بعلف ..... وعبد

(۱) یہاں پر "علیہ السلام" کے الفاظ ان کے کلام کو ہو بہو نقل کرنے کی وجہ سے لکھے گئے ہیں، لیکن حقیقت یہ ہے کہ صحابہ کے لئے اس لقب کا استعمال کرنا درست نہیں ہے، اس مسئلہ میں کافی تفصیل ہے، اس مسئلہ کے بارے میں علماء کی ایک بڑی تعداد نے کلام کیا ہے، مثلاً امام شافعیؒ، امام احمدؒ، ابن تیمیہؒ، ابن عاشورؒ، ابن کثیرؒ وغیرہم۔ علامہ ابن کثیر کے کلام کا خلاصہ یہاں نقل کیا جاتا ہے کیونکہ وہ زیادہ مکمل اور واضح ہے فرماتے ہیں: "امام نوویؒ" "کتاب الاذکار" میں لکھتے ہیں: جہاں تک علیہ السلام کا تعلق ہے تو شیخ ابو محمد الجوینی کا قول یہ ہے کہ یہ بدعت کی طرح ہے لہذا اسے تو غائب کے لئے اس کا استعمال کیا جائے گا اور نہ ہی انبیاء کے علاوہ اور کسی کے لئے اس کا استعمال کیا جائے، مثلاً علی علیہ السلام نہیں کہا جائے گا اور زندہ لوگ اور اموات سب اس سلسلہ میں برابر ہیں، جہاں تک حاضر موجود کا تعلق ہے تو اس کو مخاطب کرتے ہوئے سلام عليك ۔ سلام عليكم ، السلام عليك يا عليكم کہا جائے، اس پر سب کا اتفاق ہے، ابن کثیر مزید فرماتے ہیں: بہت سی کتابوں میں یہ عبارت پائی جاتی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لئے "علیہ السلام" استعمال کیا جاتا ہے اور دوسرے صحابہ کے لئے اس کا استعمال نہیں ہوا ہے، اگر چہ معنی کے اعتبار سے یہ درست ہے لیکن اس میں صحابہ کے مابین مساوات کا معاملہ ضروری ہے کیونکہ اس کا تعلق تعظیم و تکریم سے ہے، اور شیخین (ابوبکر و عمر) اور حضرت عثمان اس کے زیادہ مستحق ہیں، رضی اللہ عنہم اجمعین....." (تفسیر القرآن العظیم، ابن کثیر الدمشقی (ت ۷۷۴ھ) مطبوعہ: احیاء الکتب العربیۃ ۳/ ۱۵۱، مزید دیکھئے تفسیر ابن عاشور، اور کتاب "ہل ضللت" تالیف الحسقانی، مطبوعہ: دار الغفران، فما بعدہ، ص ۳۵۵-۳۵۶)

اللہ و ابوبکر ابنا أمیر المؤمنین "۔(فصل: ان اہل بیت کے اسماء جو حضرت حسین بن علی علیہ السلام کے ساتھ مقام "طف" میں شہید ہوئے ..... امیر المؤمنین کے صاحبزادے عبداللہ اور ابوبکر)۔"الأنوار النعمانیہ "میں ہے:"اور محمد الأصغر جن کی کنیت ابوبکر تھی اور عبیداللہ یہ دونوں اپنے بھائی حسین (علیہ السلام) کے ساتھ شہید ہوئے "۔(الأنوار النعمانیہ ۱/۳۷)

اسی طرح دوسری متعدد کتب میں بھی منقول ہے، مثلاً:

"المعارف "ص ۲۱۰، ابن قتیبہ۔ مطبوعہ: الھیئۃ المصریہ ۱۹۹۲م

"الطبقات " ۳/۱۴، ابن سعد، مطبوعہ: دار الکتب العلمیہ

"تاریخ الرسل والملوک" ۳/۱۶۲، ابن جریر طبری

"جمھرۃ أنساب العرب "۲۳، ابن حزم اندلسی

۲- ابوبکر بن حسن بن علی بن ابی طالب

آپ اپنے چچا حضرت حسین کے ساتھ کربلا میں شہید ہوئے، شیخ مفید نے "الإرشاد "ص ۲۴۸ میں شہدائے کربلا میں ان کا تذکرہ کیا ہے۔"تاریخ الیعقوبی " میں "حضرت حسن کی اولاد" میں شیخ عباس قمی کی "منتھی الآمال ۱/۵۴۳ میں "کربلا میں نوجوانان بنو ہاشم کی شہادت" میں ان کا تذکرہ کیا گیا ہے، اسی طرح "عمدۃ الطالب" ص ۱۰۷ میں بھی ان کا ذکر موجود ہے۔

شیخ مفید "الإرشاد "میں فرماتے ہیں:"اور قاسم، ابوبکر اور عبداللہ حسن بن علی علیہ السلام کے بیٹے ہیں"۔شیخ عباس قمی "منتھی الآمال " میں فرماتے ہیں:"اس کے

بعد ابوبکر بن الحسن علیہ السلام ہیں، ان کی والدہ ام ولد ہیں، آپ قاسم کے حقیقی بھائی تھے، عقبہ الغنوی نے آپ کو شہید کیا''۔ اسی طرح علامہ تستری نے بھی ''رسالۃ فی تواریخ النبی والآل'' ص ۸۲، مطبوعہ قم میں ذکر کیا ہے۔

مصعب زبیری کی ''نسب قریش'' ص: ۵۰ میں حضرت حسن کی اولاد کے ذیل میں تذکرہ یوں کیا گیا ہے: ''اور عمرو بن الحسن، قاسم اور ابوبکر ان کی کوئی اولاد نہیں ہوئی، یہ ''طف'' میں شہید ہوئے.....''۔

ابن عنبہ نے یوں تذکرہ کیا ہے: ''اور شیخ الشرف العبید لی کی روایت کے مطابق ابومحمد حسن کے سولہ بچے تھے، ان میں سے پانچ لڑکیاں اور گیارہ لڑکے تھے اور وہ ہیں: زید، حسن المثنی، حسین، طلحہ، اسماعیل، عبداللہ، حمزہ، یعقوب، عبدالرحمٰن، ابوبکر اور عمر، ماہر انساب موضح کا قول ہے کہ عبداللہ یہ ابوبکر ہیں اور انہوں نے ایک اور نام قاسم کا اضافہ کیا ہے اور یہ اضافہ صحیح ہے.....''۔ (عمدۃ الطالب ص ۶۴، مطبوعہ: مؤسسۃ انصاریان)

مندرجہ ذیل کتب میں بھی ان کا تذکرہ موجود ہے:

''تاریخ الرسل والملوک'' ابن جریر طبری، ۳/۴۴۳، البدایۃ والنہایۃ، ۸/۱۸۹، ابن کثیر دمشقی، الکامل ۳/۴۴۳، ابن الاثیر، نہایۃ الارب، ۲۰/۴۶۱، النویری ''سیر أعلام النبلاء'' ۳/۲۷۹، علامہ ذہبی۔

۳- ابوبکر علی (زین العابدین)

علی زین العابدین ابن الحسین شہید کی کنیت ابوبکر ہے۔

اربلی کہتے ہیں: جہاں تک آپ کی کنیت کا تعلق ہے تو مشہور یہ ہے کہ ابوالحسن

ہے، ابو محمد بھی بیان کی گئی ہے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ابو بکر ہے، (کشف الغمۃ، مطبوعہ: دار الاضواء میں علی زین العابدین کے تعارف میں یہ قول منقول ہے۔)

۴- ابو بکر بن موسی (الکاظم)

اربلی لکھتے ہیں، کہتے ہیں کہ ''جنابذی نے یوں بیان کیا ہے: ابو الحسن موسی بن جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب (علیہم السلام)، آپ کی والدہ اُم ولد تھیں، آپ کی اولاد میں علی (الرضا)، زید، عقیل، ہارون، حسن، حسین، عبد اللہ، اسماعیل، عبید اللہ، عمر، احمد، جعفر، یحییٰ، اسحاق، عباس، حمزہ، عبد الرحمٰن، قاسم اور جعفر الاصغر ہیں، اور عمر کی جگہ محمد اور ابو بکر بھی بیان کیا جاتا ہے۔'' (کشف الغمۃ ۳/۱۰، ط۔ دار الأضواء)

۵- ابو بکر علی (الرضا) ابن موسی (کاظم) ابن جعفر (الصادق)

علی (الرضا) کی کنیت ابو بکر تھی، اس کا ذکر النوری طبرسی نے اپنی کتاب ''النجم الثاقب في ألقاب وأسماء الحجۃ الغائب'' میں کیا ہے، فرماتے ہیں: ''.....۱۴- ابو بکر اور یہ امام الرضا کی ایک کنیت ہے، جیسے کہ ابو الفرج أصفہانی نے ''مقاتل الطالبین'' میں ذکر کیا ہے''۔

علامہ اصفہانی روایت کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ 'ابو اصلت ہروی سے مروی ہے، فرماتے ہیں: ایک دن مامون نے مجھ سے ایک مسئلہ دریافت کیا، میں نے جواب دیتے ہوئے کہا: اس کے بارے میں ہمارے ابو بکر نے بیان کیا ہے..... یہ سن کر ابن مہران نے مجھ سے کہا: تمہارے ابو بکر کون ہیں؟ میں نے جواب دیا، علی بن موسی الرضا، انہی کی یہ کنیت تھی۔'' (مقاتل الطالبین ص ۵۶۲)

۶- ابوبکر محمد (مہدی منتظر) ابن الحسن عسکری، کنیت: ابوبکر

مہدی منتظر جن کے بارے میں امامیہ اثنا عشریہ کا عقیدہ یہ ہے کہ ان کی پیدائش گیارہ سو (۱۱۰۰) سال سے بھی پہلے ہوئی ہے، ان کی ایک کنیت "ابوبکر" ہے، اس کا ذکر النوری طبرسی نے اپنی کتاب "النجم الثاقب" میں کیا ہے (دیکھئے: لقب (۱۴) مہدی منتظر کی کنیت یا لقب ابوبکر کیوں ہے؟

۷- ابوبکر بن عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب:

صاحب "أنساب الأشراف" ص ۶۸ پر ان کا تذکرہ کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں: "عبداللہ بن جعفر کی اولاد میں..... اور ابوبکر ہیں جو حضرت حسین کے ساتھ شہید ہوئے: ان سب کی والدہ "الخوصاء" قبیلہ ربیعہ سے ہیں....."

خلیفہ بن خیاط نے اپنی "تاریخ" ص ۲۴۰ میں ان لوگوں کے اسماء بیان کرتے ہوئے ان کا تذکرہ کیا ہے جو بنو ہاشم میں سے "حرۃ" کے دن شہید ہوئے، صحیح قول وہی ہے جو ابن خیاط نے بیان کیا ہے۔

علامہ ذہبیؒ "سیر أعلام النبلاء" میں بیان کرتے ہیں: ابوبکر بن عبداللہ بن عمر بن خطاب کو بھی گرفتار کرکے شہید کیا گیا، اور ابوبکر بن عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب ..... کو بھی"۔ (سیر أعلام النبلاء ۳/۲۹، ط۔ دار الکتاب العربی)

ابن قتیبہ کی تصنیف کردہ "المعارف" میں ابوبکر بن عبداللہ بن جعفر کی والدہ کا نام "الخوصاء بنت حفصہ" ہے، فرماتے ہیں: "عبداللہ بن جعفر کی اولاد میں: جعفر، علی، عون، عباس، محمد، عبیداللہ اور ابوبکر ہیں، ان کی والدہ الخوصاء بنت حفصہ ہیں جن کا تعلق قبیلہ بنو

تیم اللہ بن ثعلبہ سے ہے، ان کے علاوہ صالح، موسیٰ، ہارون اور یحییٰ دوسری ماں لیلیٰ بنت مسعود بن خالد النہشلی کے بطن سے ہیں، جو حضرت علیؓ کی وفات کے بعد ان کی زوجیت میں آئی تھیں اور معاویہ، اسحاق، اسماعیل اور قاسم دوسری مختلف ماؤں کے بطن سے ہیں، اور حسن اور عون الاصغر کی والدہ جمانہ بنت المسیب الفزاریہ ہیں''۔ (المعارف ص: ۲۰۷)

اس کے علاوہ دیکھئے: ابن حزم کی ''جمہرۃ أنساب العرب'' ص، ۶۹، انہوں نے بھی جعفر بن ابی طالب کی اولاد میں، ''ابوبکر'' کا تذکرہ کیا ہے، ''معاویہ'' کے ذیل میں مفصل عبارت آئے گی۔

ایک اہم نوٹ

مذکورہ تفصیل سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ عبداللہ بن جعفر کی زوجیت میں حضرت علی کی زوجہ لیلیٰ بنت مسعود النہشلیہ (۱) اور ان کی صاحبزادی زینب بنت علی رہیں، زینب بنت علی کی والدہ حضرت فاطمۃ الزہراء ہیں اور ان کی اولاد ''زینبیون'' کہلاتی ہے۔

۸- ابوبکر بن الحسن (المثنیٰ) ابن الحسن (السبط) ابن علی بن أبی طالب

علامہ اصفہانی سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ: بصرہ میں ابراہیم بن الحسن المثنیٰ کے ساتھ جو شہید ہوئے ان میں ابوبکر بن الحسن بن الحسن ہیں۔'' (مقاتل الطالبین ص ۱۸۸)

---

(۱) آپ نہشلیہ، دارمیہ اور تمیمیہ ہیں، نہشل یہ دارم کی اولاد میں سے ہیں، اور دارم زید مناۃ بن تمیم کے بیٹے ہیں، ''نسب قریش'' ص ۵۷ میں ان کا نام ہے: آمنہ یا لیلیٰ بنت أبی مرہ بن عروہ بن مسعود بن معتب بن مالک بن معتب بن عمرو بن سعد بن عوف بن قسی، اور آپ کی والدہ میمونہ بنت ابی سفیان بن حرب بن أمیہ ہیں۔ اسی طرح آپ ثقفیہ بھی ہیں۔

☆ حضرت عمر رضی اللہ

اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ عمر بن خطاب (۱) جلیل القدر صحابہ میں سے ہیں، اور جو بھی عمر کے نام سے اپنے آپ کو یا اور کسی کو موسوم کرے وہ عمر بن خطاب سے تبرک وتیمن کی نیت سے ایسا کرتا ہے۔

آپ کا نسب:

عمر بن الخطاب بن نفیل بن عبد العزی بن ریاح بن عبد اللہ بن قرط بن زراح بن عدی بن کعب۔

آپؓ کا نسب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ "کعب" جا کر ملتا ہے، آپؓ کی والدہ حنتمہ بنت ہاشم بن مغیرہ بن عبد اللہ بن عمر بن مخزوم بن یقظہ بن مرہ ہیں، آپ کی والدہ

---

(۱) کسی بھی شخصیت کو طعن وتجریح کا اس قدر نشانہ نہیں بنایا گیا جتنا کہ حضرت عمر بن الخطاب کو (عظیم المرتبت ہونے اور اہم کردار ادا کرنے والا ہونے کے باوجود) بنایا گیا، آپ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تمام اہم مواقع پر موجود رہے، آپؓ اور حضرت ابوبکر صدیق، آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دو وزیروں کی طرح تھے، یہاں تفصیل کا موقع نہیں ہے البتہ اس پہلو پر الگ کتاب لکھنے کا ارادہ ہے، آپ کے نسب پر۔ جو کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ملتا ہے۔ جن کتب میں طعن وتشنیع کی گئی ہے وہ یہ ہیں: "إلزام الناصب" ص:۱۹۳، "الصراط المستقیم إلی مستحقي التقدیم" ۳/۲۸، "فرحة الزهراء" ص:۱۹-۲۱، "کشکول البحراني" ۳/۲۱۳، "بحار الأنوار" ۳۱/۱۰۰، ۶۱-۷۱ مطبوعہ دار الفقہ للطباعۃ والنشر ۱۴۲۱ھ، "تفسیر القمي" ۲/۹۵-۹۶، آیت "الزاني لا ینکح إلا زانیة أو مشرکة" "کشف الحق وعقد الدرر" اور ابن ابی الحدید کی شرح "أمهات الخلفاء ومفاخرات قریش" "مثال العرب" اور اس کے علاوہ بھی بہت سی کتابیں ہیں۔

کا نسب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ "مرہ" سے جا ملتا ہے۔

ابن الکلبی (ت ۲۰۴ھ) کے بیان کے مطابق بنو عدی زمانہ جاہلیت میں شرفاء اور مقام و مرتبہ کے حامل لوگوں میں تھے، ابن الکلبی کہتے ہیں: "اور نفیل بن عبد العزیٰ آپ (حضرت عمر) کے جد امجد تھے، قریش آپ کے پاس اپنے فیصلے لے جاتے تھے"۔ (جمہرۃ النسب ص ۱۰۵-۱۰۶)

جہاں تک اسلام میں حضرت عمر بن خطابؓ کے مقام و مرتبہ کا تعلق ہے تو کتب صحاح و سنن آپؓ کے فضائل و مناقب سے بھری ہوئی ہیں، جو تفصیل چاہتا ہو وہ ان کتب کی طرف رجوع کر سکتا ہے، آپ کے فضائل و مناقب کے لئے آپؓ کے عہد خلافت کی فتوحات اور روم و فارس میں اسلام کی اشاعت سے واقف ہونا کافی ہے۔

اہل بیت میں عمر بن خطاب کے ہمنام لوگوں کا تذکرہ:

۱۔ عمر الأطرف بن علی بن ابی طالب:

آپ کی والدہ ام حبیب الصہباء تغلبیہ ہیں، اور فتنۂ ارتداد میں حاصل شدہ قیدیوں میں سے ہیں، اس کا تذکرہ مختلف مصادر میں کیا گیا ہے، مثلاً:

"سر السلسلة العلوية" ص ۱۲۳، عمر الأطرف کے نسب میں، "منتهى الآمال" ۱/۲۶۱ میں مذکور ہے: "عمر اور رقیہ الکبریٰ جڑواں ہیں"۔ بحار الأنوار ۴۲/۱۲۰ "الارشاد" باب أولاد أمیر المؤمنین علیہ السلام ۱/۳۵۴، مطبوعہ: دار المفید، کشف الغمۃ ۲/۶۴، مطبوعہ: دار الأضواء، تاریخ الیعقوبی ۲/۲۱۳، مطبوعہ: دار صادر یعقوبی کو وہم کے بارے میں وہم ہوا ہے جس کی وجہ سے انہوں نے "عمرو" بیان کیا ہے۔

ماہر انساب ابن عنبہ کہتے ہیں: ''امیر المؤمنین علی -علیہ السلام- کے پسماندگان میں پانچ افراد ہیں: حسن، حسین، محمد بن الحنفیہ، اور عباس (شہید ''طف'') اور عمر الاطرف .....''۔ (عمدۃ الطالب ص ۱۰۳، مطبوعہ جل المعرفہ اور ص ۶۰، مطبوعہ مؤسسۃ انصاریان)

اور ابن قتیبہ ''المعارف'' ص ۲۱۰، مطبوعہ: الهيئة المصرية میں لکھتے ہیں:

''اور عمر اور رقیہ ان دونوں کی ماں تغلبیہ ہیں، خالد بن ولید نے فتنۂ ارتداد کے موقع پر ان کو قیدی بنایا تھا اور حضرت علی نے ان کو خرید لیا تھا.....''۔

''نسب قریش'' میں مصعب الزبیری بیان کرتے ہیں: ''عمر بن علی، اور رقیہ یہ دونوں جڑواں ہیں، ان کی ماں الصہباء ہے''۔ ص ۴۲، ط۔ دار المعارف، ''الأصيلي في أنساب الطالبيين'' ص ۳۳۱، تحقیق: مہدی الرجائی۔

یہ مشہور و معروف نام ہے بہت سی کتب مصادر میں ان کا تعارف و تذکرہ موجود ہے، صدقات کی تولیت و ذمہ داری کا عہدہ طلب کرنے کے بارے میں ان کا قصہ مشہور ہے، ان کے تعارف کے لئے مزید دیکھئے: ''سير أعلام النبلاء، ۲/۳۲، طبقات ابن سعد ۵/۸۷، ''التقريب'' نمبر ۴۹۵۱، ص ۴۲۶، ''الجرح و التعديل'' ابن ابی حاتم ۶/۱۲۴۔

ایک اہم نوٹ

ماہر نسب ابن الطقطقی (ت ۷۰۹ھ) نے حضرت علیؓ کے ایک دوسرے بیٹے کا بھی تذکرہ کیا ہے، جن کا نام ''عمر الاصغر'' ہے، میرا خیال یہ ہے کہ یہ ان کا وہم ہے اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ انہوں نے ''عمر الاطرف'' مراد لیا ہو، البتہ یہ بھی ممکن ہے کہ ان کا ایک دوسرا بیٹا ہو کیونکہ انہوں نے ان کی والدہ کا بھی نام بیان کیا ہے اور وہ ہے: أم البنين الكلابية نہ کہ

''الصہباء'' لہذا یہ ممکن ہے کہ حضرت علی کے دو بیٹوں کا نام عمر ہو جن میں سے ایک چھوٹا (اصغر) ہو اور دوسرا بڑا ہو، اور وہ ''الأطرف'' ہو۔

ابن الطقطقی کا کلام یوں ہے: امیر المؤمنین علیہ السلام کی اولاد نرینہ جن کی اولاد نہیں ہوئی پندرہ ہیں: عون، اسماء بنت عمیس خثعمیہ کے بطن سے (درج)(۱) محمد، اسماء بنت عمیس خثعمیہ کے بطن سے (درج)، عثمان شہید، ''طف'' أم البنین کے بطن سے، یحیی، اسماء بنت عمیس کے بطن سے (درج) عمر الأصغر، أم البنین کے بطن سے، عباس الأصغر، أم ولد کے بطن سے (درج)، عبید اللہ، لیلی الدارمیہ کے بطن سے، مصعب بن زبیر کے ساتھ شہید ہونے والے (درج)، صالح، أم ولد کے بطن سے ابوبکر، لیلی الدارمیہ کے بطن سے (درج)، عبد الرحمن ان کی والدہ امامہ بنت ابی العاص بن ربیع ہیں اور ان (أمامہ) کی ماں زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ (درج) محمد، امامہ بنت أبی العاص کے بطن سے، (درج) جعفر، الحنفیہ کے بطن سے (درج) یعنی ان کا انتقال ہو گیا اور کوئی اولاد نہیں ہوئی، جعفر، ام البنین کے بطن سے، شہید ''طف'' درج) عبد اللہ، ام البنین کے بطن سے شہید ''طف'' (درج) عبد اللہ، اسماء بنت عمیس کے بطن سے، (درج)۔ (الأصیلی ص ۵۶-۵۸، ط۔ مکتبۃ المرعشی، تحقیق: مہدی الرجائی)

ابن الطقطقی کے کلام میں کئی جگہ وہم ہے، ان میں سے بعض کی جانب محقق مہدی الرجائی نے اشارہ کیا ہے، محقق الرجائی کہتے ہیں: ''شاید عمر کے بارے میں ان کو اشتباہ ہو گیا ہے، عمر الأطرف کی وجہ سے، عمر الأصغر نہیں ہے۔'' (حاشیہ ص ۵۷، الأصیلی)

---

(۱) درج: یہ خاص اصطلاح ہے جس کو علمائے انساب ایسے بچے کے لئے استعمال کرتے ہیں جو بالغ ہونے سے پہلے ہی بچپن میں انتقال کر جائے۔

دوسرا اہم نوٹ

بلاذری نے ''أنساب الأشراف'' میں حضرت علی بن ابی طالب کی اولاد کے ذیل میں بیان کیا ہے: ''عمر بن خطاب نے عمر بن علی کو اپنے نام سے موسوم کیا تھا اور ان کو ایک غلام ہبہ کیا تھا جس کا نام مورق تھا''۔ (أنساب الأشراف ۲/۱۲، تحقیق وتعلیق: شیخ محمد باقر المحمودی، مطبوعہ:۔ مؤسسة الأعلمی للمطبوعات، بیروت، ۱۳۹۴ھ، ۱۹۷۴م)

۲-عمر بن الحسن بن علی بن ابی طالب

آپ کی والدہ ام ولد ہیں، اپنے چچا حضرت حسین کے ساتھ کربلا میں شہادت پائی۔ (دیکھئے: ''عمدة الطالب'' ص ۱۱۶، ص ۶۴، مطبوعہ: مؤسسۃ أنصاریان ص ۱۰۷، مطبوعہ: جل المعرفۃ۔

یعقوبی اپنی ''تاریخ'' میں کہتے ہیں: ''حسن کی نرینہ اولاد نو تھی اور وہ حسن، زید، ...عمر، قاسم، ابوبکر، عبدالرحمٰن، طلحہ اور عبداللہ ہیں، یہ مختلف ماؤں سے تھے.....۔

نوٹ

بعض کو ''عمر'' کے بارے میں وہم ہو گیا جس کی وجہ سے انہوں نے اس کو ''عمرو'' لکھا ہے، صحیح وہی ہے جس کو ہم نے یہاں بیان کیا ہے کہ ان کا اصل نام عمر بن حسن ہے، جن لوگوں نے ''عمرو'' لکھا ہے، ان میں شیخ مفید نے ''الإرشاد'' ۲/۲۰، ط۔ دار المفید میں اور اربلی نے ''کشف الغمہ'' ۲/۱۸۴، ط۔ دار الأضواء میں۔

ان کے نام کے بارے میں مصعب زبیری کو بھی ''نسب قریش'' میں اشتباہ ہو گیا ہے، وہ حسن بن علی کی اولاد کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''اور عمرو بن الحسن، قاسم اور

ابوبکر، ان کی کوئی اولاد نہیں ہوئی، طف میں شہید ہوئے۔ (ص: ۵۰)

اسی طرح ابن طباطبا یحییٰ بن محمد بن قاسم حسینی (ت ۴۷۸ھ) کو بھی وہم ہوا، وہ "امیر المومنین حسن بن علی رضی اللہ عنہ کی اولاد کے ذیل میں لکھتے ہیں: "..... اور بقیہ نرینہ اولاد میں طلحہ ان کی ماں اسحاق بنت طلحہ بن عبید اللہ تیمی ہیں۔ عمرو، حسین، ان کی ایک بیٹی ہوئی جس کا نام ام سلمہ ہے۔ عبد الرحمٰن، عبد اللہ محمد، جعفر، حمزہ ہیں، یہ سب بعض نوکر بلاء میں شہید ہوئے اور بعض کی کوئی اولاد نہ ہوئی"۔ (ابناء الإمام في مصر والشام، ص ۷۷، ط۔ جل المعرفة، باہتمام سید یوسف بن عبد اللہ جمل اللیل)۔

شاید قاری کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہوا ہو کہ ہم نے "عمرو" کے بجائے "عمر" کے نام کو کیوں راجح قرار دیا؟!

اس کا جواب یہ ہے کہ: ابن عنبہ (۱) جو کہ مشہور عالم اور ماہر انساب ہیں، ان کے

---

(۱) ابن عنبہ: آپ کا نام شریف احمد بن علی بن حسین بن علی بن مہنا بن عنبہ الاصغر ہے، آپ کا نسب موسیٰ (الجون) بن عبد اللہ (المحض) سے جا ملتا ہے، آپ کی ولادت سن ۷۴۸ھ اور وفات سن ۸۲۸ھ میں ایران کے کرمان علاقے میں ہوئی، آپ کی اہم تصنیفات میں: عمدة الطالب في أنساب أبي طالب" ہے، انساب پر آپ کی دوسری کتابیں بھی ہیں، مثلاً: عمدة الطالب الصغرى (اس کا نام المشعشعیہ بھی ہے) الفصول الفخریہ في الأصول البریہ، بحر الأنساب في نسب بني هاشم، تحفة الطالب في النسب، صاحب بحار الأنوار آپ کے بارے میں لکھتے ہیں: آپ علمائے امامیہ کے عظیم علماء میں سے ہیں، شیخ عباس القمی النجفی آپ کا تعارف کرواتے ہوئے "الکنی والألقاب" میں لکھتے ہیں: "آپ جلیل القدر علامہ ہیں، ماہر انساب ہیں، سید تاج الدین ابن معیہ نسابہ کے داماد ہیں، شہید اول کے شیخ ہیں، آپ علمائے امامیہ میں سے ہی نہیں بلکہ ان کے عظماء میں سے ہیں، آپ نے سید ابن عطیہ کی بارہ سال فقہ میں، حدیث میں، نسب میں اور ادب میں شاگردی کی۔

بارے میں کوئی کلام نہیں کیا جا سکتا ہے، ماہر انساب ابن معیۃ کے شاگرد ہیں، بڑے اساتذہ سے پڑھا، اپنی کتاب میں اس فن کے اساتذہ اور ماہرین کے واسطہ سے اقوال نقل کئے ہیں، مثلاً: ''سر السلسلة العلوية'' کے مصنف أبونصر بخاری، شیخ الشرف العبید یلی وغیرہ سے۔

انہی ابن عنبہ نے شیخ الشرف العبید یلی سے نقل کیا ہے کہ حضرت حسن کے بیٹوں میں ''أبوبکر وعمر'' ہیں، پھر أبونصر بخاری سے نقل کیا ہے کہ ''ابونصر'' بخاری کہتے ہیں کہ حسن بن علی کی اولاد میں تیرہ اولاد نرینہ ہوئی، اور چھ لڑکیاں، حسن کے بیٹوں میں سے چار حیات رہے: زید، حسن، حسین الأثرم اور عمر، البتہ حسین الأثرم اور عمر کی جلدی ہی وفات ہوگئی..... (عمدة الطالب ص ۶۴، مطبوعہ: أنصاریان ص ۱۰۳ اور ط۔ جل المعرفۃ) میں اس طرف بھی اشارہ کر دینا مناسب سمجھتا ہوں کہ ''عمدۃ الطالب'' کا ایک دوسرا ایڈیشن بھی ہے، وہ ''منشورات دار مكتبة الحياة'' بیروت سے شائع شدہ ایڈیشن ہے، جس کی مراجعت اور موازنہ کا کام لجنه إحياء التراث کے اشراف میں ہوا ہے، میری نظر سے وہ ایڈیشن گذرا ہے، البتہ ابھی وہ ایڈیشن میرے پیشِ نظر نہیں ہے۔

اسی طرح ابن عنبہ (ت ۷۶۲ھ) نے اپنی کتاب ''المعارف'' ص ۲۱۲، میں اس جانب اشارہ کیا ہے کہ ان کا نام ''عمر'' ہے، فرماتے ہیں: ''حسن کی اولاد میں یہ لوگ ہیں: حسن، (جن کی ماں خولہ بنت منظور بن فزاریہ ہیں) زید، ابوالحسن (ان دونوں کی ماں عقبہ بن مسعود بدری کی بیٹی ہیں) اور عمر اور ان کی ماں ثقیفہ..... ہیں''۔

اسی بنیاد پر ہم نے ''عمر'' کو ترجیح دی۔

اسی طرح ان کے نام کے بارے میں علامہ تستری کو بھی "تواریخ النبی والآل" میں وہم ہوا ہے، انہوں نے اس بحث کو تفصیل سے بیان کیا ہے لہذا وہاں آپ تفصیل سے دیکھ سکتے ہیں۔ (ص:۱۲، مطبوعہ: دار الشرافۃ، تحقیق: شیخ محمود الشریفی اور استاذ علی الشکر جی)

صاحب "مختصر ذخائر العقبی" نے بھی ایسے ہی ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: "حضرت حسن کے گیارہ بچے پیدا ہوئے اور وہ ہیں: عبداللہ، قاسم، حسن، زید اور عمر ....

(مختصر ذخائر العقبی في مناقب ذوي القربی، تلخیص: مؤسسۃ ذوی القربی، مطبوعہ: بیروت ص:۲۳۸)

عباس قمی فرماتے ہیں: "یہ بات کسی سے پوشیدہ نہیں ہے کہ امام حسن -علیہ السلام- کے بیٹوں میں سے حسین الأثرم، عمر، زید اور حسن المثنی سب کے علاوہ اور کوئی زندہ نہیں رہا....." (منتہی الآمال ۱/۳۴۲)

۳-عمر بن الحسین بن علی بن أبی طالب

علامہ تستری فرماتے ہیں: "ابوحنیفہ دینوری اور ابن أعثم کوفی نے آپ علیہ السلام کے بارے میں بیان کیا ہے کہ آپ کا ایک بیٹا "عمر" کے نام سے تھا، پہلے (ابو حنیفہ) نے (معرکۂ طف کے ذکر اور وہاں کے شہداء کی تعداد بیان کرنے کے بعد) فرمایا ہے: "ان کے گھر کے لوگوں میں صرف ان کے دو بیٹے باقی رہے، ایک علی الأصغر، یہ سن مراہقت تک پہنچ چکے تھے، اور دوسرے عمر، یہ چار سال کے ہوئے تھے، ایک روز یزید نے عمر بن حسین سے کہا: کیا تم میرے اس بیٹے سے مقابلہ کر سکتے ہو؟ یعنی خالد سے، یہ ان کے ہم جولیوں میں سے تھے، انہوں نے جواب دیا: بلکہ ایسا کیجئے، مجھے ایک تلوار دیجئے اور

اس کو بھی، تاکہ میں اس سے لڑوں اور پھر آپ دیکھیں گے کہ ہم میں زیادہ بہادر کون ہے، یہ سن کر یزید نے ان کو چمٹا لیا اور کہا: اچھی طرح سے پہچانتا ہوں سانپ کا بچہ سانپ ہی ہوتا ہے۔

دوسرے (یعنی ابن اعثم کوفی) نے بھی اسی طرح بیان کیا ہے البتہ انہوں نے بیان کیا ہے کہ "عمر سات سال کے تھے"۔ (رسالة في تواريخ النبي والآل، جلد ۱۲ کا اخیر، اسی طرح "تستری" کی "قاموس الرجال" ط۔ قم، ص ۸۳، اور مطبوعہ: دار الشراقہ ص ۱۲۲-۱۲۳)

۴-عمر (الأشرف) ابن علی (زین العابدین) ابن الحسین الشہید

آپ کی والدہ اُم ولد ہیں، آپ کو "اشرف" اس لئے لقب دیا گیا کیوں کہ ایک عمر اور بھی ہیں جن کا لقب "الأطرف" ہے، وہ عمر بن علی بن أبی طالب ہیں۔ دیکھئے "الإرشاد" ص ۲۶۱، "عمدة الطالب" ص ۲۲۳، "كشف الغمة" ۲/۲۷۲، ط۔ دار الأضواء، "الأصیلی ص ۲۷۶)

نعمۃ اللہ الجزائری فرماتے ہیں: "جہاں تک ان کی اولاد کا تعلق ہے تو ان کے پندرہ لڑکے ہیں: محمد الباقر علیہ السلام (ان کی والدہ ام عبداللہ فاطمۃ بنت الحسن بن علی بن ابی طالب علیہ السلام ہیں) ابوالحسن زید اور عمر، ان دونوں کی والدہ اُم ولد ہیں....." (الأنوار النعمانية ۲/۳۷۵، ط۔ شرکت جاب)

ابن عنبہ عمر الأشرف کے تذکرہ کے اخیر میں فرماتے ہیں: "ان کو "الأشرف" عمر الأطرف کے مقابلہ میں کہا گیا ہے، کیونکہ عمر الأطرف کو ایک ہی طرف (جانب) سے

فضیلت حاصل ہے یعنی اپنے والد امیر المؤمنین علی علیہ السلام کی جانب سے"۔ (عمدۃ الطالب ص ۳۳۳، طبع جل المعرفہ ص ۲۸۱، انصاریان ایڈیشن)

مزید دیکھئے: "نسب قریش" ص ۶۱، "جمهرة أنساب العرب" ص ۵۳، "المعارف" ص ۲۱۵، "سير أعلام النبلاء" ۴/ ۳۸۷، "البداية و النهاية" ۹/ ۱۰۳)

علامہ مفید "ارشاد" ۲/ ۱۷۰ میں فرماتے ہیں: "عمر بن علی بن الحسین جلیل القدر، فاضل، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور امیر المؤمنین علیہ السلام کے صدقات کے والی تھے، اور متقی و پرہیز گار اور سخی تھے۔

ابن الطقطقی کہتے ہیں: "جہاں تک عمر الاشرف کا تعلق ہے..... تو وہ بنو ہاشم کے ایک بلند پایہ عالم اور فضل و کرم والے انسان تھے....." (الاصیلی ص ۲۷۶)

۵- عمر (الشجری) ابن علی (الاصغر) ابن عمر (الاشرف) ابن علی (زین العابدین)

ان کا تذکرہ متعدد علماء نے کیا ہے مثلاً:

ابن عنبہ "عمدۃ الطالب" ص ۲۸۲ میں فرماتے ہیں: "جہاں تک عمر الشجری ابن علی بن عمر الاشرف کا تعلق ہے، تو ان کا ایک ہی لڑکا ہوا اور وہ ابو عبداللہ محمد ہیں، اور ابو عبداللہ محمد کے دو لڑکے ہوئے اور وہ عمر و علی ہیں....." (عمدۃ الطالب ص ۲۸۲، مطبوعہ: انصاریان ص ۳۳۳، مطبوعہ: جل المعرفہ)

شیخ عباس القمی تفصیل بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ "عمر الاشرف نے ام سلمہ بنت امام حسن - علیہ السلام - سے شادی کی، اور کتب انساب میں مذکور ہے

کہ عمر الاشرف کا ایک ہی بیٹا ہوا اور وہ علی الاصغر ہیں، جو محدث تھے، صادق علیہ السلام سے احادیث روایت کرتے تھے، ان کے تین بیٹے ہوئے جن کے نام یہ ہیں: ابوعلی القاسم، عمر الشجری، اور ابومحمد الحسن۔ اور عمر الاشرف عم الجدی سید مرتضی اور ان کے بھائی السید الرضی کی والدہ کے دادا ہیں ۔۔۔" (منتہی الآمال ۲/۶۳، مطبوعہ: الدار الاسلامیۃ)

ایک دوسری جگہ لکھتے ہیں: جہاں تک عمر بن علی - جن کا لقب الاشرف ہے- کا تعلق ہے تو وہ صاحب سیادت وقیادت اور قدر ومنزلت والے شخص تھے..... ابوالجارود بن المنذر فرماتے ہیں: میں نے ابوجعفر الباقر علیہ السلام سے پوچھا: آپ کو اپنے بھائیوں میں سب سے زیادہ محبوب کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جہاں تک عبداللہ کا تعلق ہے تو وہ میرا دست وبازو ہے جس سے میں بوجھ اٹھاتا ہوں (یہ عبداللہ ان کے حقیقی بھائی ہیں) اور جہاں تک عمر کا تعلق ہے وہ میری آنکھوں کی مانند ہے جن سے میں دیکھتا ہوں اور جہاں تک زید کا تعلق ہے تو وہ میری زبان ہے جس سے میں بولتا ہوں، اور رہے حسین تو وہ نہایت صابر و بردبار ہیں، عاجزی وانکساری کے ساتھ زمین پر چلتے ہیں"۔ (منتہی الآمال ۲/۶۳، مطبوعہ: الدار الاسلامیۃ)

ابن الطقطقی "عمر بن علی زین العابدین" کے نسب کے ذیل میں فرماتے ہیں: "عمر الاشرف کے پانچ بیٹے ہوئے، بعض ان میں سے ایسے تھے جن کی کوئی اولاد نہ ہوئی، اور بعض صاحب اولاد تھے، وہ یہ ہیں: محمد، موسیٰ، جعفر، علی، علی الاصغر (محدث) محمد بن عمر الاشرف کی نسل صرف علی بن محمد بن عمر بن محمد تک چلی اور علی الاصغر کے تین بیٹے ہوئے:

قاسم، عمر الشجری، اور ابو محمد الحسن.....'' (الأصیلی ص ۲۷۷)

۶-عمر بن محمد بن عمر (شجری) ابن علی (الأصغر المحدث) ابن علی بن عمر (الأشرف)

ان کے نسب کا بیان اور تذکرہ عمر (الأشرف) اور عمر (الشجری) کے ذیل میں گذر چکا ہے، ان کی تفصیلات کے لئے انہی مصادر و مراجع کی طرف رجوع کیجئے۔

ابن عنبہ سے مروی ہے کہ ''جہاں تک عمر الشجری ابن علی بن عمر الأشرف کا تعلق ہے تو ان کا ایک ہی بیٹا ہوا اور وہ ابو عبداللہ محمد ہیں، اور ابو عبداللہ محمد کے دو بیٹے ہوئے اور وہ عمر اور علی ہیں.....'' (عمدۃ الطالب ص ۲۸۲)

۷-عمر بن یحییٰ بن الحسین بن زید الشہید ابن علی بن الحسین بن علی بن أبی طالب

محمد الأعلمی الحائری نے ''تراجم أعلام النساء'' میں حسن بن عبیداللہ بن اسماعیل بن جعفر الطیار کی صاحبزادی کے نام کے ذیل میں ان کا تذکرہ کیا ہے۔ (تراجم أعلام النساء ص ۳۵۹)

ابن عنبہ کہتے ہیں: ''جہاں تک یحییٰ ابو الحسین ابن ذی الدمعۃ کا تعلق ہے اور انہی کی اولاد اہل بیت بھی ہیں اور تعداد میں بھی سب سے زیادہ۔ ان کے سات بیٹے ہوئے، ان میں سے تین کم اولاد والے ہیں اور وہ ہیں: قاسم، حسن الزاہد اور حمزہ، اور چار زیادہ اولاد والے ہیں اور وہ ہیں: محمد الأصغر الأقاسی، عیسی، یحییٰ بن یحییٰ اور عمر بن یحییٰ''۔ (عمدۃ الطالب، ص ۲۴۲، ط۔ أنصاریان)

ابن الطقطقی کہتے ہیں: جہاں تک عمر بن یحیی کا تعلق ہے تو وہ رئیس وسردار ہیں، اوران کے تین بیٹے ہوئے ....." (الأصیلی ص ۲۴۹)

۸- عمر (أبو علی) ابن یحیی بن الحسین (النقیب) ابن احمد (محدث وشاعر) ابن عمر بن یحییٰ بن الحسین بن زید (شہید) ابن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب:

یہ عمر بن یحییٰ (جن کا ذکر ہو چکا) کے پوتوں میں سے ہیں، ابن الطقطقی کہتے ہیں: "جہاں تک ابوعلی عمر الرئیس بن الحسین النقیب کا تعلق ہے وہ امیر الحجاج ہیں اور یہی وہ شخص ہیں جنہوں نے راستے درست کروائے، قرامطہ سے صلح کی، اور حجر اسود کو اپنی جگہ رکھوایا، تیرہ حج کیے، ہر شخص ان کے جنازہ میں شریک ہوا، ان کے تیرہ بیٹے ہوئے، ان میں سے ہر ایک کا نام محمد ہے....." (الأصیلی، ص ۲۵۴)

ابن عنبہ نے بھی ابوعلی عمر بن یحییٰ کے بارے میں اسی طرح کا کلام کیا ہے، دیکھئے: "عمدۃ الطالب ص ۲۵۴، ط۔ انصاریان)

۹- عمر بن محمد بن عبداللہ بن عمر بن سالم بن ابی یعلی ابن ابی البرکات محمد ابن (ابوطاہر) عبداللہ ابن (ابوالفتح) محمد الأشتر (أبوالرجا) ابن عبیداللہ (الثالث) ابن علی بن عبید اللہ (الثانی) ابن علی (الصالح) ابن عبید اللہ (الأعرج) ابن الحسین (الأصغر) ابن علی (زین العابدین) رضی اللہ

ان کا تذکرہ ابن عنبہ نے "عمدۃ الطالب" ص ۲۹۷، ط۔ أنصاریان میں کیا ہے،

ان کے مکمل سلسلہ نسب اور اولاد کے بارے میں حسین الأصغر بن علی (زین العابدین) کی اولاد کا تذکرہ پڑھیے۔

۱۰-عمر (أبو علی) المختار النقیب بن مسلم (أبو العلاء) ابن أبی علی محمد (الأمیر) ابن محمد (الأشتر)

ان کا تذکرہ ابن الطقطقی نے حسین الأصغر کی اولاد کے ذیل میں کیا ہے۔ (الأصیلی ص ۲۹۶)

۱۱- عمرا بن الحسن (الأفطس (چپٹی ناک والے) ابن علی (الأصغر) ابن علی (زین العابدین) ابن الحسین (شہید)

ان کا تذکرہ ابن عنبہ نے علی الأصغر کی اولاد کے ذیل میں کیا ہے، (عمدۃ الطالب ص ۳۱۵، ط۔ أنصاریان عنقریب ان کا ذکر آگے آرہا ہے۔)

۱۲-عمر بن علی بن عمر بن الحسن (الأفطس، چپٹی ناک والے)

یہ عمر (ابن الحسن) کے پوتے ہیں:

ابن عنبہ کہتے ہیں: ''جہاں تک عمر بن الحسن (الأفطس) کا تعلق ہے ''فخ'' میں موجود تھے، ان کا صرف ایک لڑکا ''علی'' ہوا، اور پھر علی بن عمر کے پانچ لڑکے ہوئے اور وہ ہیں: ابراہیم، عمر، یہ آذربیجان میں تھے،..... اور رہے عمر بن علی بن الحسن (الأفطس) تو ان کی اولاد میں حمزہ بن محمد ہیں.....'' عمدۃ الطالب، ص ۳۱۵، مطبوعہ: أنصاریان) مزید دیکھیے: ''نسب قریش'' ص ۷۳)

ابن الطقطقی نے ذکر کیا ہے کہ ''حسن الأفطس'' کے پانچ بیٹے ہوئے: علی، عمر، حسن، عبداللہ اور حسن المکفوف''۔ (الأصیلی ص ۳۱۳-۳۱۵)

نوٹ:

ابن عنبہ کہتے ہیں: ''جہاں تک حسین بن الأفطس کا تعلق ہے تو ان کی والدہ- جیسا کہ ابوالحسن العمری نے کہا ہے- عمر یہ ہیں اور وہ خالد بن ابوبکر بن عبداللہ بن عمر بن الخطاب کی بیٹی ہیں''۔ (عمدۃ الطالب، ص ۳۱۵، مطبوعہ: أنصاریان) اور ''نسب قریش'' ص ۷۳ میں ہے: ''اور ان کی ماں جویریہ بنت خالد بن ابی بکر بن عبداللہ بن عبداللہ بن عمر بن الخطاب ہیں۔''

۱۳- عمر (منجورانی) ابن محمد بن عبداللہ بن محمد الأطرف (عمر الأطرف ابن علی بن أبی طالب کی اولاد سے ان کا تعلق ہے)

ان کا تذکرہ ابن عنبہ نے کیا ہے، فرماتے ہیں: ''اور جہاں تک عمر المنجورانی ابن محمد کا تعلق ہے، ان کی نسبت بلخ کے منجوران علاقہ کی طرف کی جاتی ہے..... علوی خاندان میں سب سے پہلے اس علاقہ میں یہی داخل ہوئے ہیں، ان کے چار بیٹے ہوئے .....''
(عمدۃ الطالب ص ۳۳۵، مطبوعہ: أنصاریان، اور ص ۶۴۷، مطبوعہ: جل المعرفۃ)

۱۴- عمر بن جعفر (الملک المولتانی) ابن ابی عمر محمد بن عبداللہ بن محمد بن عمر (الأطرف):

ان کا تذکرہ ابن الطقطقی نے ''الأصیلی'' ص ۳۳۳ میں عمر الأطرف ابن علی ابن

ابی طالب کی اولاد کے ذیل میں کیا ہے۔

۱۵-عمر بن موسیٰ (الکاظم) ابن جعفر (الصادق)

ابن الخشاب نے ان کا تذکرہ کیا ہے کہ "ان کے بیس سے زائد بیٹے تھے، جن میں عمر اور عقیل بھی ہیں اور اٹھارہ بیٹیاں تھیں"۔ (دیکھئے: "تواریخ النبی والآل، علامہ تستری، ص ۱۲۶، مزید دیکھئے: "کشف الغمہ" ۳/۵، مطبوعہ: دار الاضواء اور "بحار الأنوار" ۴۸/۲۸۸ ج ۵)

اربلی نے "کشف الغمہ" میں یوں بیان کیا ہے: "جہاں تک ان کی اولاد کا تعلق ہے تو یہ کہا گیا ہے کہ ان کے بیس بیٹے اور اٹھارہ بیٹیاں ہوئیں، ان کے بیٹوں کے نام یوں ہیں: علی الرضا، زید، ابراہیم، عقیل، ہارون، حسن، حسین، عبداللہ، اسماعیل، عبیداللہ، عمر..... عمر کی جگہ محمد کا نام بھی آیا ہے۔" (کشف الغمہ ۳/۹، مطبوعہ، دار الاضواء)

اس کے بعد اربلی نے یہی عبارت جنابذی کے حوالے سے دوبارہ نقل کی ہے اور عمر کا نام بھی ذکر کیا ہے اور ابوبکر کا بھی اضافہ کیا ہے۔

۱۶-عمر بن عبداللہ بن محمد بن عمران بن علی بن أبی طالب

شیخ عباس القمی نے ان کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ "یہ واقعۂ "فخ" میں شریک نہ ہو سکے، کئی لڑکیاں اور پانچ بیٹے ان کے ہوئے، وہ ہیں: سلیمان، ابراہیم، محمد، عبد اللہ اور جعفر، ان کی بیٹیوں میں: فاطمۃ الکبریٰ - جو ام جعفر کے لقب سے مشہور ہیں - ہیں، ان سے عمر بن عبداللہ بن محمد بن عمران بن علی بن ابی طالب نے شادی کی"۔ (منتہی الآمال ۱/۳۶۸، مطبوعہ: الدار الاسلامیۃ)

قمی نے عمران بن علی بن ابی طالب ذکر کیا ہے، میرے خیال کے مطابق یہ ان سے سہو ہوا ہے، کیونکہ حضرت علی کا کوئی ایسا بیٹا نہیں ہے جس کا نام عمران ہو، میرا خیال ہے کہ ان کا نام عمر ہے نہ کہ عمران۔

۱۷- عمر بن محمد بن عمر (الأطرف) ابن علی بن أبی طالب

ابن عنبہ عمر (الأطرف) کی اولاد کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ''اور عمر کی وفات مقام ''بیضج'' میں ہوئی جب کہ وہ ستتر (۷۷) سال کے تھے..... ان کا ایک ہی لڑکا ہوا اور وہ ان کا بیٹا محمد ہے، محمد کے چار بیٹے ہوئے: عبداللہ، عبیداللہ، عمر- ان کی والدہ خدیجہ بنت زین العابدین علی بن الحسین علیہ السلام ہیں- اور چوتھے جعفر، ان کی والدہ ام ولد ہیں۔'' (عمدۃ الطالب ص ۲۴۱، مطبوعہ: جل المعرفۃ)

''عمر'' کے سلسلہ میں حسن اختتام:

یہ ہے اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی صحابۂ کرام کے تعلق سے محبت والفت، خاص طور پر حضرت عمرؓ کے ساتھ، کوئی اولاد یا قبیلہ ایسا نہیں ہے جس میں عمر نام کا کوئی شخص نہ ہو، قارئین کرام! آپ نے میرے ساتھ ان تمام ناموں کو ملاحظہ فرمالیا جو بھی علمائے انساب- خاص طور پر ابن عنبہ نے ''عمدۃ الطالب'' میں اور ابن الطقطقی نے ''الأصیلی في انساب الطالبین'' میں ذکر کیا ہے، کیا اس کے بعد اہل بیت اور عمر بن الخطاب کے مابین محبت ومودت کے سلسلہ میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش باقی رہتی ہے۔

یہاں تک کہ کسی بھی زمانہ میں انہوں نے ان کے نام تک کو ترک نہیں کیا، حضرت

علی بن ابی طالبؑ سے سوال کیا گیا: جب کہ حضرت فاطمۃ الزہراء - رضی اللہ عنہا - کی وفات ہوئی اور انہوں نے دوسری شادی کی اور ان کا ایک بیٹا ہوا جس کا نام محمد (ابن الحنفیہ) رکھا، اس کے بعد دوسرا بیٹا ہوا تو لوگ مبارکباد دینے کے لئے آئے اور بیٹے کے نام کے بارے میں پوچھنے لگے، آپؑ نے جواب دیا: محمد کے بعد ابوبکر کے سوا اور کوئی نام نہیں رکھا جاسکتا ہے، اس کے بعد تیسرا بیٹا ہوا تو اس کا نام عمر رکھا، پھر چوتھا بیٹا ہوا تو اس کا نام عثمان رکھا..... ان سے پوچھا گیا: اے علی! آپ نے اپنے چچا کو کیسے مؤخر کر دیا؟ (یعنی حضرت عباس کا نام پہلے کیوں نہیں رکھا؟) انہوں نے جواب دیا: جیسے کہ اللہ اور اس کے رسول نے ان کو مؤخر کیا۔ اس کے بعد انہوں نے ام البنین کلابیہ کے بطن سے ہونے والے بیٹے کا نام عباس رکھا۔(۱)

جو بھی مہدی الرجائی کی کتاب ''الأصیلی فی أنساب الطالبیین'' کی فہرست کو بغور پڑھے گا تو وہ دیکھے گا کہ اس میں اٹھارہ مرتبہ ''عمر'' کا نام آیا ہے اور وہ سب کے سب

(۱) ابن عساکر نے محمد بن سلام کی ایک روایت نقل کی ہے کہ وہ فرماتے ہیں: میں نے عیسی بن عبداللہ بن محمد بن عمر بن علی بن ابی طالب سے پوچھا: آپ کے دادا علی نے عمر نام کیسے رکھا؟ انہوں نے کہا: میں نے اس کے بارے میں اپنے والد سے معلوم کیا تو انہوں نے مجھے اپنے والد کے حوالے سے اور انہوں نے عمر بن علی بن ابی طالب کے حوالے سے بیان کیا کہ انہوں نے فرمایا: حضرت عمر بن خطاب کے خلیفہ بننے کے بعد میں پیدا ہوا، میرے والد حضرت علی نے حضرت عمر سے کہا: اے امیر المؤمنین آج کی رات میرے ہاں ایک لڑکے کی پیدائش ہوئی ہے، حضرت عمر نے کہا: اس کو مجھے دے دیجئے، حضرت علی نے کہا: ٹھیک ہے، حضرت عمر نے کہا: میں نے اس کا نام عمر رکھا، اور اپنا غلام ''مورق'' اس کو دے دیا۔ (تاریخ دمشق ۴۸/۲۰۳)

خانوادۂ ابی طالب علویین میں سے ہیں، مندرجہ ذیل سطور میں ان کے نام کتاب میں موجود ترتیب کے اعتبار سے دیے جا رہے ہیں:

عمر بن احمد بن میمون ابن احمد بن حمزہ الحسنی، عمر بن جعفر الملتانی، عمر بن الحسن الأفطس، عمر بن الحسین بن محمد الحائری، عمر بن شکر بن ناصر بن ابراہیم العراقی الزیدی، عمر بن عبداللہ بن احمد بن علی العقیقی، عمر الأشرف ابن علی زین العابدین علیہ السلام، عمر الأصغر ابن علی بن أبی طالب علیہ السلام، عمر بن علی بن عمر الأشرف، عمر بن محمد بن احمد بن الحسین بن محمد الکوفی الزیدی، عمر بن محمد بن عبداللہ بن عمر بن سالم الأشتری العبیدلی، عمر المختار بن مسلم بن محمد بن محمد الأشتر العبیدلی، عمر بن ھبۃ اللہ بن ناصر بن زید النقیب الزیدی عمر الریس بن یحییٰ بن الحسین ذی العبرۃ، عمر الریس بن یحییٰ بن الحسین النقیب الزیدی، عمر بن أبی المقدام۔

☆ حضرت عثمان بن عفان - رضی اللہ عنہ -

اور ان کے ہمنام لوگوں کا تذکرہ

آپؓ خلیفۂ ثالث، ذی النورین، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دو صاحبزادیوں - حضرت رقیہ اور حضرت ام کلثوم - (رضی اللہ عنہما) کے شوہر اور شہید الدار ہیں۔

آپ کا نسب

عثمان بن عفان بن ابو العاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی بن کلاب۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ کا نسب عبد مناف کے ساتھ جا ملتا ہے۔

آپ کی والدہ

اَروی بنت کریز بن ربیعہ بن حبیب بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی بن کلاب۔ آپ کا نسب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عبد مناف کے ساتھ جا ملتا ہے۔

آپ کی والدہ (یعنی حضرت عثمان بن عفان کی دادی) ام حکیم (البیضاء) بنت عبد المطلب - رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی - ہیں۔ یہ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے والد حضرت عبد اللہ دونوں توأم یعنی جڑواں ہیں۔(۱)

---

(۱) اگرچہ حضرت عثمان بن عفان - رضی اللہ عنہ - کا یہ نسب اظہر من الشمس ہے لیکن ان پر بھی نسب کے سلسلہ میں طعن کیا گیا ہے، دیکھئے: ابن الکلبی کی ''مثالب العرب'' تحقیق: نجاح الطائی، اسی کتاب سے بعد کے ایسے لوگوں نے نقل کیا ہے جن کو نسب کے بارے میں کوئی واقفیت نہیں ہے، مزید دیکھئے: ''إلزام الناصب'' تحقیق: عبد الرضا نجفی، ص ۱۶۵ مطبوعہ: ۱۴۲۰ھ اور ''الصراط المستقیم إلی مستحقی التقدیم'' ۳/۳۰، ان کتابوں میں آپ ملاحظہ فرمائیں گے کہ اس نسب کے بارے میں طعن کیا گیا ہے۔

حضرت عثمان کے ہم نام لوگوں کا تذکرہ

۱-عثمان بن علی بن ابی طالب

آپ حضرت حسین کے ساتھ کربلاء میں شہید ہوئے، آپ کی والدہ ام البنین بنت حزام الوحیدیۃ الکلابیۃ ہیں، بہت سے علمائے انساب اور مؤرخین نے اس کا تذکرہ کیا ہے، مثلاً: شیخ مفید نے "الإرشاد" ص ۱۸۶-۴۲۸، میں، محمد رضا الحکیمی نے "أعیان النساء" ص ۵۱ میں، یعقوبی نے اپنی "تاریخ" میں أولاد علی کے ذیل میں، شیخ عباس القمی نے "منتھی الآمال" ۱/۵۴۴، میں، تستری نے "تواریخ النبی والآل" امیر المومنین کی اولاد کے ذیل میں (مطبوعہ: دار الشرافۃ)

ابن الطقطقی "الأصیلی" ص ۵۷، میں فرماتے ہیں: "عثمان أم البنین کے صاحبزادے، یوم الطف کے شہید" اسی طرح "مصعب الزبیری" نے "نسب قریش" ص ۴۳ مطبوعہ: دار المعارف میں تذکرہ کیا ہے۔

بلاذری "أنساب الأشراف" ۳/۱۹۲ میں فرماتے ہیں: "عثمان، جعفر الأکبر اور عبداللہ کی پیدائش ہوئی اور حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ساتھ شہید ہوئے ....." (أنساب الأشراف: تحقیق: محمد باقر المحمودی، مطبوعہ: مؤسسۃ الأعلمی ۲/۱۹۲)

اسی طرح دیکھئے: "تاریخ الطبری" ۳/۱۲۶، تاریخ خلیفہ بن خیاط ص ۲۳۴، "الکامل فی التاریخ" ابن أثیر ۳/۴۴۳، البدایۃ والنھایۃ ۷/۳۲۳۔

= حضرت عثمان بن عفان -رضی اللہ عنہ- کے نسب اور آپ کے تعارف کے بارے میں دیکھئے: تلمسانی کی "الجوھرۃ فی نسب النبی صلی اللہ علیہ وسلم والعشرۃ" مطبوعہ: مرکز زاید للتراث ۲/۷۷۱، اور "الإصابۃ" مطبوعہ: بیت الأفکار الدولیۃ" ص ۸۹۰، ۶۸۳، "أسد الغابۃ" ۳/۵۸۴)

اہم نوٹ

ممکن ہے کہ حضرت علی کے عثمان کے نام کے دو بیٹے ہوں: عثمان الأکبر، جن کا تذکرہ گذر چکا، اور عثمان الأصغر، جیسے کہ عمر الأکبر (جو الأطرف) ہیں اور عمر الأصغر بھی پائے جاتے ہیں۔

اس کا تذکرہ مسعودی نے "مروج الذهب" ۴۱۳/۲ نے کیا ہے، اسی طرح علامہ تستری نے "تواریخ النبی والآل" ص ۱۱۸، مطبوعہ: دار الشرافة میں نقل کیا ہے۔

۲-عثمان بن عقیل بن ابی طالب:

بلاذری نے "أنساب الأشراف" ص ۷۰ میں ذکر کیا ہے، فرماتے ہیں: "عقیل کے مسلم.....اور عثمان بیٹے ہوئے"۔

ابن حزم کہتے ہیں: یہ عقیل بن ابی طالب کے بیٹے ہیں اور وہ یہ ہیں: عبد اللہ، عبد الرحمٰن، یہ دونوں حضرت حسین کے ساتھ شہید ہوئے، مسلم- جو کوفہ میں شہید ہوئے- علی، حمزہ، جعفر، سعید، ابو سعید، عیسی، عثمان اور یزید، یہی ان کی کنیت تھی"۔ (جمهرة أنساب العرب ص ۶۹)

☆ طلحہ بن عبید اللہ -رضی اللہ عنہ- اور ان کے ہم نام لوگ

آپ کا نسب:

طلحہ بن عبید اللہ بن عثمان بن عمرو بن عامر بن کعب بن سعد بن تیم بن مرۃ بن کعب۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ کا نسب ''مرۃ'' کے ساتھ جا ملتا ہے، اور حضرت ابوبکر صدیق کے ساتھ کعب بن سعد بن تیم کے ساتھ جا ملتا ہے۔

آپ کی والدہ

صحابی جلیل، مستجاب الدعوۃ علاء بن الحضرمی (۱) کی بہن، صعبہ بنت عبد اللہ عباد بن اکبر بن ربیعہ بن مالک بن عویف الحضرمی (۲)

---

(۱) حضرت علاء بن الحضرمی: آپؐ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بحرین کا گورنر مقرر فرمایا، اس کے بعد حضرت ابوبکر اور حضرت عمر نے ان کو اس منصب پر برقرار رکھا، آپ لشکر کے ساتھ سمندر میں اترے، ان کا قصہ مشہور ہے، آپ مستجاب الدعوات تھے اور فضلائے صحابہ میں سے تھے۔

کیا جس شخص کا نسب ایسا ہو ان کے بارے میں طعن کی کوئی گنجائش باقی رہتی ہے؟! حضرت طلحہؓ کے نسب کے بارے میں بہت سے گمراہ اور خواہش نفس کی پیروی کرنے والوں نے طعن کیا ہے، ابن الکلبی اور اس کی کتاب ''مثالب العرب'' سے اس قسم کے اقوال نقل کیے گئے ہیں۔

(۲) علامہ ابن حجرؒ حضرت علاء بن الحضرمی کا تعارف کرواتے ہوئے بیان فرماتے ہیں: ''آپ کا نام عبد اللہ بن عباد بن اکبر بن ربیعہ بن مالک بن عویف تھا'' ص ۹۲۸، ۶۳۶۷، مزید دیکھئے: المواھب اللدنیہ ص ۱۲۶، نسب قریش ص ۲۸۰، اس میں ہے: آپ کی والدہ صعبہ بنت الحضرمی ہیں اور آپ عبد اللہ بن عباد ہیں۔

طلحہ کے ہمنام لوگوں کا تذکرہ

۱۔طلحہ بن حسن بن علی بن ابی طالب

آپ کا تذکرہ متعدد علمائے انساب اور مؤرخین نے کیا ہے، مثلاً: یعقوبی نے اپنی تاریخ میں اولاد حسن کے ذیل میں، ص ۲۲۸، تستری نے "تواریخ النبی والآل" ص ۱۲۰، مطبوعہ: دارالاشرافہ میں، فرماتے ہیں: "اور حسین الاثرم، طلحہ، فاطمہ، اُم اسحاق کے بطن سے پیدا ہوئے"۔

ابن قتیبہ "المعارف" ص ۲۱۲، میں فرماتے ہیں: "حسن کی اولاد میں: حسن۔ان کی ماں خولہ بنت منظور بن زبان الفزاریہ ہیں۔ زید، ابوالحسن۔ان دونوں کی ماں ام عقبہ بن مسعود امیدری ہے۔عمر۔ان کی ماں تخیفہ ہیں۔حسین الاثرم۔اُم ولد کے بطن سے۔طلحہ۔ان کی ماں اُم اسحاق بنت طلحہ بن عبیداللہ ہیں۔۔۔۔"۔

اسی طرح ان کا تذکرہ "نسب قریش" ص ۵۰ میں بھی کیا گیا ہے، عنقریب اس کو نقل کیا جائے گا۔

مصعب الزبیری کہتے ہیں: "طلحہ بن الحسن درج ہیں (یعنی بچپن میں ہی ان کا انتقال ہوگیا) ان کی والدہ ام اسحاق بنت طلحہ بن عبیداللہ تیمی ہیں، اور ان کی اخیافی بہن فاطمہ بنت حسین بن علی بن ابی طالب اور آمنہ بنت عبداللہ بن محمد بن عبدالرحمن بن ابی بکر صدیق ہیں۔" (نسب قریش ص ۵۰)

واللہ اسی طرح صحابہ اور اہل بیت کے مابین نسب، رشتہ داریاں اور تعلقات ہیں۔

طلحہ کے نام کے بارے میں ایک اہم بات

طلحہ بن عبید اللہ تیمی چار اعتبار سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سالف (۱) ہیں، حضرت طلحہ نے چار ایسی خواتین سے نکاح کیا جن میں سے ہر ایک کی بہن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجیت میں تھی؛ آپ نے حضرت ام کلثوم بنت ابی بکر صدیق سے شادی کی جو حضرت عائشہ صدیقہ بنت صدیق کی بہن ہیں، حمنہ بنت جحش سے شادی کی جو سیدہ زینب بنت جحش کی بہن تھی، فارعہ بنت ابی سفیان سے شادی کی جو ام حبیبہ بنت ابی سفیان کی بہن ہیں، اور رقیہ بنت ابی امیہ سے شادی کی جو سیدہ ام سلمہ (ہند) بنت ابی امیہ کی بہن ہیں، رضوان اللہ علیہن جمیعا۔

۲-طلحہ بن حسن (المثلث) ابن الحسن (المثنی) بن الحسن (السبط) بن علی بن ابی طالب:

ابن الطقطقی کہتے ہیں: ''اور حسن المثلث کے پانچ بیٹے ہیں: محمد، عبداللہ، عباس، طلحہ اور علی''۔ (الاصیلی ص ۱۲۲)

(۱) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا سسف وہ شخص کہلاتا ہے جس کی بیوی امہات المومنین میں سے کسی کی بہن ہو۔

☆ حضرت معاویہ بن ابی سفیان -رضی اللہ عنہ- اور ان کے ہم نام لوگوں کا تذکرہ:

آپ کا نسب

معاویہ بن ابی سفیان (صخر) بن حرب بن اُمیہ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ کا نسب جد ثالث، عبد مناف سے جا کر ملتا ہے، اسی طرح علی بن ابی طالب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی سے بھی جد ثالث، عبد مناف سے جا ملتا ہے۔

آپ کی والدہ

ہند بنت عتبہ بن ربیعہ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی بن کلاب، آپ کا نسب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عبد مناف سے جا ملتا ہے، آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قصد والنسب میں آتی ہیں، کیونکہ ان کے درمیان اور عبد مناف کے درمیان تین اجداد ہیں، اور اسی طرح رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نسب میں بھی ہے چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نسب یوں ہے: محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف اور حضرت ہند کا نسب ہے: ہند بنت عتبہ بن ربیعہ بن عبد شمس بن عبد مناف۔

حضرت ہند کی سوتیلی مائیں

☆ صفیہ بنت اُمیہ بن حارثہ بن الأوقص السلمیۃ

☆ آمنہ بنت نوفل بن عبد مناف، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ کا نسب عبد

مناف سے جاملتا ہے۔

☆ قلابہ بنت جابر بن نصر بن مالک بن حنظل بن عامر بن لوی، آپ کا نسب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ لوی سے جاملتا ہے۔

☆ تماضر بنت الحارث بن حبیب بن جذیمہ بن مالک بن حنظل بن عامر بن لوی، ان کا نسب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ لوی سے جاملتا ہے۔

☆ العصماء بنت سعید بن سہم بن عمرو بن ہصیص بن کعب بن لوی، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ کا نسب کعب سے جا کر ملتا ہے۔

☆ عائشہ بنت عبدالعزیٰ بن قصی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ کا نسب قصی کے ساتھ جاملتا ہے۔

☆ ام حطیا: آپ کا نام ہے، ربیطہ بنت کعب بن سعد بن تیم بن مرہ، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ کا نسب مرہ سے جاملتا ہے۔

☆ قیلہ بنت حذافہ بن جمح بن عمرو بن ہصیص بن کعب بن لوی، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ کا نسب کعب کے ساتھ جاملتا ہے۔

معاویہ بن ابی سفیان اور آپ کی والدہ ہند بنت عتبہ کے نسب کے بارے میں ہم یہ تفصیلات جمع کر سکے، آپ کی والدہ جلیل القدر صحابیہ ہیں، آپ نے بیعت کی اور مخلصانہ اسلام قبول کیا، زمانہ جاہلیت اور اسلام دونوں ادوار میں اہم مقام و مرتبہ کی حامل تھیں۔

قارئین کرام نے آپ (ہند) کا اور آپ کی ماؤں کا نسب ملاحظہ فرمایا، یہ خصوصیت ہند بنت عتبہ کے علاوہ اور کسی صحابیہ کو حاصل نہیں ہے، کیا اس نسب کے بعد بھی

حضرت ہند اور ان کے نسب کے بارے میں کلام ہو سکتا ہے؟!!(۱)

حضرت معاویہ کے ہم نام لوگوں کا تذکرہ

معاویہ بن عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب

یہ عبداللہ کے بیٹوں میں سے ایک ہیں، ان کے والد نے ان کا نام معاویہ بن ابی سفیان کے نام پر رکھا، ان معاویہ کی بھی اولاد ہوئی، (دیکھئے: ''انساب الاشراف'' ص ۶۰-۶۸؛ ''عمدۃ الطالب'' ص ۳۷، مطبوعہ: انصاریان)

ابن عنبہ ''عمدۃ الطالب'' میں فرماتے ہیں: ''ہمارے شیخ ابوالحسن عمری فرماتے ہیں، عبداللہ کا انتقال عبدالملک بن مروان کے زمانہ میں ہوا، آپ کی عمر نوے برس کی تھی، عبداللہ کے بیس بیٹے ہوئے، اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ چوبیس ہوئے، ان میں معاویہ بن عبد اللہ ہیں، جو اپنے والد کے وصی تھے، ان کو معاویہ کے نام سے اس لئے موسوم کیا کیونکہ معاویہ بن ابی سفیان نے ان سے ان کا مطالبہ کیا تھا اور انہوں نے ان پر ایک لاکھ درہم خرچ کئے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ دس لاکھ درہم خرچ کئے .....

معاویہ کی اولاد میں محمد، یزید، علی، صالح تھے .....'' (عمدۃ الطالب ص ۳۷-۳۸، مطبوعہ: انصاریان)

مصعب زبیری کہتے ہیں: ''عبداللہ بن جعفر کی اولاد میں علی، معاویہ، اسحاق، اسماعیل تھے، یہ سب عبداللہ بن جعفر کے بیٹے تھے .....'' (نسب قریش، ص ۸۳، مطبوعہ:

(۱) علم الانساب کے بارے میں ناواقف اور بے علم لوگوں نے یہ بہتان تراشا ہے کہ ہند بنت عتبہ (نعوذ باللہ) زمانہ جاہلیت میں غلط قسم کی عورت تھیں اور ..... جس کو لکھنے سے قلم بھی ابا کرتا ہے، دیکھئے ''الزام الناصب'' ص ۱۶۶، ''مثالب العرب'' ابن الکلبی، اور ''زہر الربیع'' ۲/۱۲۱-۱۲۲۔

دار المعارف)

ابن حزم، جعفر بن ابی طالب کی اولاد کے بارے میں تفصیل بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "یہ جعفر بن ابی طالب کے بیٹے ہیں: عبد اللہ، محمد، عون۔ ان کی ماں اسماء بنت عمیس ہیں۔ اور عبد اللہ بن جعفر کے بیٹے یہ ہیں: علی، معاویہ، اسماعیل، اسحاق، محمد، عون الأکبر، عون الأصغر، حسین، جعفر، عباض، ابوبکر، عبید اللہ، یحیی، صالح، موسی، ہارون اور یزید..... پھر معاویہ بن عبد اللہ بن جعفر بن ابی طالب کے بیٹے..... صالح بن معاویہ اور یزید بن معاویہ ہوئے..... اور پھر یزید بن معاویہ بن عبد اللہ بن جعفر بن ابی طالب کے بیٹے خالد بن یزید ہوئے....." (جمہرۃ أنساب العرب، ص ۶۹)

اُم المؤمنین عائشہ (صدیقہ) بنت ابی بکر صدیق -رضی اللہ عنہا-

آپؓ کا نسب

حضرت عائشہ بنت ابی بکر (عبداللہ) بن ابی قحافہ (عثمان) بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرۃ بن کعب بن لؤی (۱)

---

(۱) حضرت عائشہ صدیقہ بنت صدیق، پاک طینت، عفت مآب، سات آسمانوں کے اوپر سے جن کی براءت کا اعلان ہوا، اور اس قرآن کو منبر ومحراب پر تا قیام قیامت پڑھا جاتا رہے گا۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کو بھی بہت سے الزامات کا نشانہ بننا پڑا حالانکہ آپ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت وآبرو اور دنیا وآخرت میں آپ کی زوجہ مطہرہ ہیں، آپ کے فضائل ومناقب اتنے ہیں کہ یہاں پر ان کا استیعاب ناممکن ہے، آپ نے تقریباً (۲۲۱۰) احادیث نبویہ بیان کی ہیں، جن میں سے (۱۷۴) پر امام بخاری ومسلم کا اتفاق ہے جب کہ وہ روایات جو صرف امام بخاری نے نقل کی ہیں ان کی تعداد (۵۴) اور صرف امام مسلم نے (۹) احادیث بیان کی ہیں، امام احمد نے اپنی مسند میں آپ کی (۲۴۰۹) احادیث (۲۴۰۶۵) سے (۲۶۴۷۴) تک بیان کی ہیں، امام ابن تیمیہؒ سے جب حضرت خدیجہ اور حضرت عائشہ -رضوان اللہ علیہما- کے مابین افضلیت کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے اپنی (جلالت قدر وشان) کے باوجود صرف دونوں کے فضائل بیان کئے اور پھر توقف اختیار کیا حالانکہ حضرت خدیجہؓ کی جلالت شان اور ان کے ساتھ محبت رسول معروف ہے، لیکن علامہ ابن تیمیہؒ کا توقف اختیار کرنا حضرت عائشہ صدیقہ کی جلالتِ شان کی دلیل ہے، ان کے فضل وکمال کے لئے یہ کافی ہے کہ ان کا اجر وثواب قیامت تک جاری رہے گا، چاہے ان کے بارے میں زبانِ طعن وتشنیع دراز کرنے والے کیا کچھ کہتے رہیں۔ اللہ ہمیں اپنی امان میں رکھے، قلم بھی ان چیزوں کو لکھنے سے قاصر ہے جن کو حبیب مصطفیٰ کی محبوب ترین زوجہ مطہرہ کے بارے میں کہا گیا ہے، کتاب ''الشہاب الثاقب'' ص ۲۷۶ میں اس طرح کی لغو باتیں دیکھی جاسکتی ہیں۔

رسول اکرم ﷺ کے ساتھ آپ کا نسب مرۃ سے جا ملتا ہے اور مرہ رسول اکرم ﷺ کے جد سادس ہیں۔

آپ کی والدہ

اُم رومان بنت عامر الکنانیہ ہیں، یہ بھی کہا گیا ہے کہ آپ کا نام "زینب" یا "دعد" ہے آپؓ بھی اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کے تمام گھر والے حلقہ بگوش اسلام ہوئے۔

حضرت عائشہ کے ہمنام لوگوں کا تذکرہ

۱-عائشہ بنت جعفر الصادق

عمر کحالہ کہتے ہیں: عائشہ بنت جعفر الصادق، عبادت وصلاح کی پروردہ خاتون ہیں؛ سن ۲۴۵ھ میں ان کی وفات ہوئی اور قرافہ مصر میں آپ کی تدفین ہوئی (اعلام النساء، ص ۳۲۱ مطبوعہ: موسسۃ الرسالۃ)، عمر کحالہ نے ان کا تعارف مندرجہ ذیل مصادر سے نقل کیا ہے:

"الواضح الأنوار في طبقات الأخيار" علامہ شعرانی (مخطوط)

"نور الأبصار في مناقب آل البيت المختار" شبلنجی۔

۲-عائشہ بنت موسیٰ (الکاظم) ابن جعفر (الصادق)

آپ موسیٰ الکاظم کی صاحبزادیوں میں سے ہیں، علمائے انساب اور مؤرخین کی ایک بڑی تعداد نے ان کا تذکرہ کیا ہے۔

دیکھئے: شیخ مفید کی "الإرشاد" ص ۳۰۴، فرماتے ہیں: ان کی اولاد اور ان سے متعلق واقعات کا تذکرہ کے سلسلہ میں باب .....اور ابوالحسن موسیٰ علیہ السلام کے سینتیس

لڑکے اور لڑکیاں ہوئیں۔ جن میں یہ لوگ ہیں:

ا۔۔۔۔۔۔۲۔۔۔۔۔۳۔۔۔۔۔۴۔۔۔۔۔عائشہ۔۔۔۔۔" (الارشاد، ص ۳۰۰) ابن عنبہ "عمدۃ الطالب" (ص ۱۷۷، مطبوعہ: انصاریان، ص ۲۲۶، مطبوعہ: منشورات دار الحیاۃ) میں فرماتے ہیں: ان کی بیٹیوں کے نام ہیں: ام عبداللہ رقیہ، رملہ، ام جعفر، آمنہ، کلثم، بریہہ، ام القاسم، محمودۃ، امینہ الکبری، علیہ، زینب، رقیہ، حسنہ، عائشہ، ام سلمہ، اسماء، ام فروہ، آمنہ (منقول ہے کہ ان کی اور ان کی دادی کی قبر مصر میں ہے) حلیمہ، رملہ، میمونہ، امینہ الصغری، عباسۃ۔۔۔۔۔" عمدۃ الطالب ص ۱۷۷-۱۷۸، بحوالہ: المجدی، ابن الحسن العمری، مطبوعہ: انصاریان، اور ص: ۳۴۷، مطبوعہ: جل المعرفۃ)

تعجب ہوتا ہے کہ شیخ عباس القمی نے "منتہی الآمال" میں عائشہ کا نام موسیٰ الکاظم کی بیٹیوں میں ذکر ہیں، لیکن محقق مترجم کے لئے یہ بات ناقابل فہم ہے، انہوں نے حاشیہ میں بغیر کسی تعلیق اور بیان کے ان کا نام "عباسۃ" لکھا ہے لیکن کس دلیل کی بنیاد پر انہوں نے ایسا کیا یہ سمجھ میں نہیں آتا ہے؟ حالانکہ موسیٰ الکاظم کی بیٹیوں میں "عباسۃ" کا ذکر کیا گیا ہے، تو کیا وہ دو ہیں (یعنی ایک عائشہ اور ایک عباسۃ) لیکن یہ حقیقت ہے کہ عباسہ کا نام معروف نہیں ہے بلکہ اہل بیت میں سے یہ نام کسی کا نہیں ملتا ہے؟ (دیکھئے: منتہی الآمال ۲/۴۹۲، مطبوعہ: الدار الاسلامیۃ)

"انوار النعمانیہ ۱/۳۸۰ میں ہے: "اور جہاں تک ان کی اولاد کی تعداد کا تعلق ہے تو وہ پینتیس ہیں جن میں لڑکے اور لڑکیاں سب شامل ہیں وہ یہ ہیں: امام علی الرضا۔۔۔۔۔اور۔۔۔۔۔عائشہ"۔

لہذا یہ اس نام کے ساتھ اس بیت کی محبت کی ایک واضح دلیل ہے، یہاں تک کہ

موسیٰ الکاظم نے بھی عائشہ کا نام رکھا۔ اگرچہ موسیٰ الکاظم کی اولاد کی تعداد کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے لیکن اس میں کسی طرح کا کوئی اختلاف نہیں ہے کہ ان کی ایک بیٹی کا نام "عائشہ" ہے

ابو نصر بخاری فرماتے ہیں: "موسیٰ کے اٹھارہ بیٹے اور بائیس بیٹیاں ہوئیں، (سر السلسلۃ العلویہ، ص ۵۳)

علامہ تستری نے ان کی بیٹیوں کے نام یوں بیان کئے ہیں: "فاطمہ الکبریٰ، فاطمۃ الصغریٰ، رقیہ، رقیہ الصغریٰ، حکیمہ، اُم کلثوم، اُم سلمۃ، اُم جعفر، لبابہ، علیۃ، آمنہ، حسنۃ، بریہہ، عائشہ، زینب، خدیجہ" (تواریخ النبی والآل، ص ۱۲۵-۱۲۶)

۳- عائشہ بنت جعفر بن موسیٰ (کاظم) ابن جعفر (الصادق)

ابو محمد الحسن العمری "المجدی" میں فرماتے ہیں: جعفر بن موسیٰ (الکاظم) ابن جعفر الصادق (ان کو الخواری کہا جاتا ہے اور یہ اُم ولد کے بطن سے پیدا ہوئے) کی آٹھ بیویاں تھیں اور وہ ہیں: حسنہ، عباسہ، عائشہ، فاطمۃ الکبریٰ، فاطمہ، اُسماء، زینب، اُم جعفر....." (عمدۃ الطالب ص ۶۳، مطبوعہ: منشورات دار الحیاۃ، ص ۱۹۹، مطبوعہ: انصاریان، بحوالہ: العمری کی المجدی")

۴- عائشہ بنت علی (الرضا) ابن موسیٰ (الکاظم)

ان کا تذکرہ ابن الخشاب نے اپنی کتاب "مواليد أهل البيت" میں کیا ہے، فرماتے ہیں: "علی الرضا کے پانچ بیٹے اور ایک بیٹی اور ایک بیٹی ہوئی، وہ ہیں: محمد القانع، حسن، جعفر، ابراہیم، حسین، اور بیٹی کا نام عائشہ ہے۔ (تواریخ النبی والآل ص ۱۲۸، مطبوعہ:

دارالشرافۃ) یہی قول بہت سے علماء نے بیان کیا ہے، مزید دیکھئے: ''کشف الغمۃ'' ۲/۲۶۷-۲۸۴، بحارالأنوار'' ۴۹/۲۲۱ ج ۱۱، ص ۲۲۲،

۵- عائشہ بنت علی (الہادی) ابن محمد (الجواد) ابن علی (الرضا)

انکا تذکرہ شیخ مفید نے ''الإرشاد'' میں کیا ہے، فرماتے ہیں: ''ابومحمد الحسن کی اولاد میں ان کے بیٹے ان کے جانشین ہوئے، وہی ان کے بعد امامت کے منصب پر فائز ہوئے، ان کے علاوہ حسین، محمد، جعفر، اور عائشہ ان کی اولاد میں ہیں''۔ (الإرشاد، ص ۳۳۴)

۶۔ عائشہ بنت محمد بن الحسن بن جعفر بن الحسن (المثنی) ابوالحسن (السبط) ابن علی بن أبی طالب:

ان کا تذکرہ شیخ عباس القمی نے کیا ہے، حسن، بن جعفر کے احوال بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ''جہاں تک حسن بن جعفر کا تعلق ہے تو یہی ''فخ'' کے واقعہ میں شریک نہ ہوسکے، انکی کئی بیٹیاں اور پانچ لڑکے ہوئے وہ ہیں: سلیمان، ابراہیم، محمد، عبداللہ، جعفر ..... سلیمان اور ابراہیم اپنے والد ہی کی حیات میں اس دنیا سے چل بسے، اور محمد ''سلیق'' کے نام سے معروف ہوئے، ان کی والدہ ملیکہ بنت الحسن بن داود بن الحسن المثنی ہیں، ایک بیٹی اور دو بیٹے ان کے وارث ہوئے، وہ ہیں عائشہ، محمد، علی''۔ (منتہی الآمال ۱/۳۶۸، مطبوعہ: الدارالإسلامیۃ)

حضرت عائشہ صدیقہؓ کے نام کے بارے میں بہترین تتمہ:

شاید قارئین کرام کے ذہن میں یہ بات آئے کہ عائشہ نام رکھنے سے کیا

استدلال کیا جا سکتا ہے، کیونکہ ہو سکتا ہے کہ عائشہ نام رکھ کر عائشہ بنت صدیق کے علاوہ اور کسی کا نام ذہن میں ہو اور اسی کے نام سے موسوم کیا ہو، کیونکہ عائشہ نام کی اور بھی خواتین پائی گئی ہیں، جیسے کہ علی بن ابی طالب کے بارے میں منقول ہے کہ انہوں نے اپنے بیٹے کو عثمان کے نام سے موسوم کیا، اور عثمان بن مظعونؓ کے نام پر نام رکھا حالانکہ تاریخ دمشق میں عمر بن علی کے تعارف میں منقول ہے کہ انہوں نے ان کا نام عثمان بن عفان کے نام پر رکھا

اس اشکال کا جواب نہایت ہی آسان ہے، میں نے تمام کتب تراجم وتاریخ کو دیکھا، تحقیق کی کہ صحابیات میں عائشہ کے نام سے اور کون کون سی خواتین پائی جاتی ہیں، تو سوائے صدیقہ بنت صدیقؓ کے اور مجھے کوئی خاتون اس نام کی نہیں مل سکی، لہذا بتائے کہ عائشہ صدیقہ کے علاوہ اور کون مراد ہو سکتی ہیں؟!

تراجم صحابہ کے بارے میں مندرجہ ذیل تین اہم ترین کتابوں میں آپ بذات خود دیکھ سکتے ہیں:

''الطبقات الکبریٰ'' ابن سعد، ''اسد الغابۃ'' ابن اثیر، الاصابہ فی تمییز الصحابہ، ابن حجر عسقلانی۔ ابن سعد (متوفی ۲۳۰ھ) نے ۵۷۲ر خواتین صحابیات کا تعارف کرایا ہے، اور یہ تعداد نبی اکرم ﷺ کی قرابت دار خواتین، ازواج مطہرات اور ان صحابیات کے علاوہ ہے جنہوں نے اپنے آپ کو رسول ﷺ کے لئے ہبہ کیا تھا۔

صحابیات کی اتنی بڑی تعداد میں عائشہ نام کی صرف چھ خواتین ہیں اور یہ چھ بھی سب کی سب صحابیات نہیں ہیں بلکہ ان میں تابعات بھی ہیں، اگر چہ ان کے بارے میں علماء کے مابین اختلاف پایا جاتا ہے، عائشہ نام کی خواتین یہ ہیں:

۱۔ عائشہ بنت جزء: بنو ظفر یعنی کعب بن الخزرج سے ان کا تعلق ہے (۴۱۵/۸)

۲۔ عائشہ بنت عمیر: قبیلہ خزرج کی سلمہ شاخ سے ان کا تعلق ہے (۴۲۵/۸)

۳۔ عائشہ بنت طلحہ: انہوں نے ازواج مطہرات سے روایات بیان کی ہیں یہ بالاتفاق تابعیہ ہیں، (۱۵/۸)

۴۔ عائشہ بنت سعد بن أبي وقاص: انہوں نے ازواج مطہرات سے روایات بیان کی ہیں، ان کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے، ابن حجر عسقلانی کا رجحان یہ ہے کہ یہ صحابیہ ہیں، وہ یہ کہتے ہیں کہ سعد بن ابی وقاص کی دو بیٹیاں ہیں: عائشہ کبری اور عائشہ صغری، صغری تابعیہ ہیں اور کبری صحابیہ ہیں، طبقات ابن سعد، ۴۶۵/۸؛ مزید دیکھئے: الإصابہ (۷۰۶) ۴/۴۸۰، مطبوعہ: مکتبہ مصر)

۵۔ عائشہ بنت قدامہ: یہ بھی ازواج مطہرات سے روایت کرتی ہیں، یہ صحابیہ ہیں، (طبقات ابن سعد ۴۶۵/۸، الإصابہ (۷۱۱) ۴/۴۸۱)

۶۔ عائشہ بنت: عجرۃ یہ بھی ازواج مطہرات سے روایت کرتی ہیں، (طبقات ابن سعد ۴۷۳/۸) علامہ ابن حجر عسقلانی نے ان کا تذکرہ نہیں کیا ہے، شاید وہ ان کو تابعیہ سمجھتے ہیں۔

کیا ان تمام میں حضرت عائشہ صدیقہ بنت صدیق سے زیادہ کوئی اور مشہور ومعروف خاتون ہے؟

جہاں تک ابن حجر عسقلانی کا تعلق ہے تو انہوں نے عائشہ نام کی نو (۹) خواتین کا تذکرہ کیا ہے، جن میں پہلے نمبر پر حضرت عائشہ صدیقہ کا تذکرہ ہے اور ابن سعد کی طرح عائشہ بنت سعد بن ابی وقاص، عائشہ بنت قدامہ کا بھی تذکرہ کیا ہے، لیکن انہوں نے مزید ان خواتین کا تذکرہ کیا ہے:

عائشہ بنت ابی سفیان بن الحارث بن زید الأنصاریہ،

عائشہ بنت شیبہ بن ربیعہ بن عبد شمس، عائشہ بنت عبد الرحمن بن عتیک النضریہ، عائشہ بنت عمیر بن الحارث بن ثعلبہ الأنصاریہ، عائشہ بنت معاویہ بن المغیرہ بن ابی

العاص بن اُمیہ۔

قارئین کرام اگر بذاتِ خود تحقیق کریں تو حضرت عائشہ صدیقہ بنت صدیق سے زیادہ مشہور و معروف اور کوئی عائشہ نام کی خاتون نہیں مل سکتی ہے، اگر یہ کتاب صرف ناموں اور رشتہ داریوں کے بیان پر مشتمل نہ ہوتی تو یہاں پر حضرت عائشہؓ کے فضائل اور اہل بیت سے ان کی محبت کے واقعات کو تفصیل سے بیان کیا جاتا جو کہ ناقابلِ شمار ہیں، رضوان اللہ علیہم، البتہ اس موقعہ پر میں بحث و تحقیق کا کام کرنے والوں کو اس طرف متوجہ کروں گا کہ وہ اس موضوع پر کام کریں، حضرت عائشہ صدیقہؓ کی سیرت (۱) پر متعدد کتابیں تصنیف کی گئی ہیں لیکن اہل بیت کے فضائل کے بارے میں حضرت عائشہ کی مرویات (۲) (بیان کردہ روایات) کا موضوع مزید کام کا متقاضی ہے۔

---

(۱) یہاں یہ اشارہ کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ علامہ سید سلیمان ندویؒ کی تصنیف کردہ "سیرت عائشہؓ" حضرت عائشہ کی سیرت پر لکھی ہوئی کتابوں میں سب سے زیادہ اہم اور مکمل کتاب ہے، میں نے اس موضوع پر دیگر کتابیں بھی پڑھی ہیں لیکن یہ کتاب اس موضوع پر اپنی مثال آپ ہے، اسی طرح اس کے علاوہ دو کتابیں ہیں وہ بھی اہمیت کی حامل ہیں:

۱۔ ڈاکٹر عبدالقادر محمد عطا صوفی کی کتاب "دفع الکذب المبین" مطبوعہ: مکتبۃ الغرباء الاثریہ۔

۲۔ شیخ عرفان حسونۃ العشاء کی کتاب "نساء النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔

(۲) حضرت عائشہ کی بیان کردہ روایات کی تعداد کے بارے میں بیان کیا جا چکا ہے کہ علامہ ابن حزم اور علامہ ابن الجوزی کے نزدیک ان کی مرویات کی تعداد (۲۲۱۰) ہے اور یہی صحیح قول ہے، میری نظر سے ایک مخطوطہ گذرا جس میں تمام صحابہ کی الگ الگ مرویات بیان کی گئی ہیں، اس کا نمبر ۱۰۰ م۔ک۔ل ہے، مکتبہ جابر احمد المرکزیہ للمخطوطات کویت یونیورسٹی میں یہ موجود ہے، اور یہ مکتبۃ الاسد الوطنیہ، دمشق سے حاصل کیا گیا ہے، اس میں حضرت عائشہ کی مرویات کی تعداد (۲۰۵۵) بیان کی گئی ہے، یہ گذشتہ قول کے برخلاف ہے۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ اور اہل کساء کے مابین تعلق ومحبت

یہ حضرت عائشہ صدیقہؓ اور اہل کساء(۱) کے مابین محبت والفت کی سب سے اہم دلیل ہے کہ وہ احادیث جو اہل کساء (جو اہل بیت میں سب سے افضل اور اہم ہیں) کے بارے میں منقول ہیں، حضرت عائشہ ہی ان روایات کو روایت کرنے والی ہیں، آپؓ نے اس موقع کا اپنی نگاہوں سے مشاہدہ کیا ہے اور پوری امانت اور باریک بینی کے ساتھ اس کو بیان بھی کیا ہے۔

علامہ ابن تیمیہؒ نے حدیث کساء سے استدلال کرتے ہوئے بیان کیا ہے کہ اس مخصوص خصوصیت کی وجہ سے یہ اہل بیت سب سے زیادہ افضل ہیں۔

اس حدیث کو امام مسلم نے اپنی صحیح میں حضرت عائشہ - رضی اللہ عنہا- سے روایت کیا ہے فرماتی ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کالے بالوں سے منقش چادر زیب تن فرمائے ہوئے تھے، اس کے بعد حضرت حسن بن علی آئے تو ان کو اس چادر میں داخل کیا، پھر حضرت حسین آئے، وہ بھی ان کے ساتھ شامل

---

(۱) حدیث الکساء حضرت ام سلمہ کے واسطہ سے امام ترمذی، ابن جریر، ابن المنذر، حاکم، ابن مردویہ اور بیہقی نے نقل کی ہے کہ آپ فرماتی ہیں: میرے گھر میں " إنما يريد الله ليذهب عنكم الرجس أهل البيت ويطهركم تطهيرا " کا نزول ہوا، اس وقت گھر میں حضرت فاطمہ، حضرت علی، حضرت حسن اور حسین موجود تھے، آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سب کو ایک چادر کے نیچے رکھا جو آپ اوڑھے ہوئے تھے اور فرمایا: یہ اہل بیت ہیں اے اللہ ان کو پاک وصاف فرما، یہ حدیث حضرت ام سلمہ سے بہت سے طرق سے منقول ہے، اسی طرح حضرت ابو سعید خدریؓ اور حضرت انسؓ کے واسطہ سے بھی منقول ہے، البتہ سے سے صحیح ترین حدیث حضرت عائشہ کے واسطے سے صحیح مسلم میں ہے۔

ہو گئے، پھر حضرت فاطمہؓ آئیں تو ان کو بھی ان کے ساتھ داخل کیا، پھر حضرت علیؓ آئے ان کو بھی شامل فرمایا، اس کے بعد آپؐ نے فرمایا: " إنما يريد الله ليذهب عنكم الرجس أهل البيت ويطهركم تطهيرا "(الاحزاب:۳۳)

اہل کساء کی فضیلت کے بارے میں یہ نص صریح ہے، اس کو حضرت عائشہ صدیقہ بنت صدیقؓ نے روایت کیا ہے، حضرت ام سلمہ- رضی اللہ عنہا- سے دوسرے طرق سے بھی یہ حدیث منقول ہے لیکن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی مذکورہ حدیث اس باب میں صحیح ترین روایت ہے۔

ایک فاضل دوست نے اس طرف میری توجہ مبذول کرائی کہ واقعۂ کساء کے سلسلہ میں صحیح ترین روایت حضرت عائشہ صدیقہؓ کے واسطہ سے منقول ہے، اسی حدیث کی بنیاد پر حضرت علیؓ و اہل بیت میں سب سے نمایاں مقام حاصل ہوا، اس کے بعد حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین کا مقام و مرتبہ ہے، یہ سب رسول ﷺ کا کنبہ ہیں اور اہل بیت میں انہی کو سب سے زیادہ نمایاں مقام و حیثیت حاصل ہے، اگر حدیث کساء نہ ہوتی تو اہل بیت میں حضرت علیؓ کو یہ مقام حاصل نہیں ہوتا۔

لہٰذا ذرا غور فرمایئے، حضرت عائشہؓ کے دل میں اہل بیت کے تعلق سے مخلصانہ محبت نہ ہوتی تو وہ ایک ایسی حدیث کیونکر بیان کر سکتی تھیں جس سے اہل کساء کی فضیلت ظاہر ہوتی ہو؟

اس طرح سے حضرت عائشہ صدیقہؓ کی روایت کردہ اس حدیث کے ذریعہ ایک بہت بڑا اشکال دور ہو گیا جو علماء کے ذہنوں میں پیدا ہو سکتا تھا، جیسے حضرت علیؓ رسول اکرم ﷺ کے چچا زاد بھائی ہیں، ایسے ہی عقیل اور جعفر بھی ہیں، بلکہ ان سے بھی زیادہ قریبی

آپ کے چچا حضرت عباس اور حضرت حمزہ ہیں، حضرت جعفر کافی پہلے ایمان لائے، حبشہ کی جانب دو مرتبہ ہجرت کی اور آپ کا فضل وکمال بھی معروف ہے لیکن حدیث کساء نے چار اہل بیت کو مخصوص فضیلت عطا کی، حضرت عائشہ صدیقہؓ کا یہی رول رہا ہے کہ ان سے ہمیشہ خیر کا ہی ظہور ہوتا ہے، جیسے کہ تیمم کی مشروعیت میں بھی وہی سبب بنیں، اس کے علاوہ بھی تمام مسلمانوں کے لئے بالخصوص صحابہ کے لئے بہت سے خیر کا ذریعہ بنیں۔

رسول اللہ ﷺ کے جگر کے گوشہ حضرت فاطمۃ الزہراء کی فضیلت کے بارے میں بھی حضرت عائشہ صدیقہؓ نے ایک حدیث بیان کی ہے جو صحیحین میں موجود ہے(۱)

اس حدیث کو یہاں نقل کیا جاتا ہے جیسے کہ امام بخاریؒ نے اس کو اپنی سند سے حضرت عروہ کے واسطے سے حضرت عائشہؓ سے نقل کیا ہے، بیان کرتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے مرض الوفات میں اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہؓ کو بلایا اور ان سے کچھ سرگوشی فرمائی

---

(۱) مزی نے حضرت عروہ بن زبیر کے واسطے سے ایک حدیث بیان کی ہے کہ حضرت عائشہؓ نے ان سے بیان کیا کہ رسول ﷺ نے حضرت فاطمہ کو بلایا اور ان سے آہستہ سے گفتگو فرمائی تو وہ رو پڑیں پھر دوبارہ کچھ فرمایا تو وہ ہنس پڑیں، حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ میں نے حضرت فاطمہ سے پوچھا رسول اکرم ﷺ نے آپ سے کیا فرمایا تھا جس پر آپ رو پڑیں اور پھر دوبارہ کچھ فرمایا تو ہنس پڑیں، انہوں نے جواب دیا: پہلے مجھ سے بات کی تو اپنی وفات کے بارے میں آپ نے خبر دی تھی جس کی وجہ سے میں رو پڑی، پھر دوبارہ مجھ سے بات کی اور فرمایا کہ میں آپ کے گھر والوں میں سب سے پہلے آپ سے ملوں گی جس پر میں ہنس پڑی۔

علامہ مزی فرماتے ہیں: مختلف طرق سے یہ حدیث حضرت عائشہؓ سے منقول ہے، دیکھئے: تہذیب الکمال فی أسماء الرجال، مطبوعہ: دار الکتب العلمیۃ: ۲۰۰۴ء/۱۴۲۰ھ ج ۱۱/۷۵-۷۵۱، تحقیق: عمر وسید شوکت۔ صحیح بخاری میں یہ حدیث حضرت عائشہؓ کے واسطے سے منقول ہے۔

جس کی وجہ سے انکی آنکھیں اشکبار ہوگئیں، پھر دوبارہ انکو بلایا اور کچھ سرگوشی کی تو وہ ہنس پڑیں، اس سلسلہ میں ان سے دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: پہلے آنحضورﷺ نے پہلے مجھ سے سرگوشی فرمائی تو مجھ کو بتایا کہ اسی مرض میں آپ اس دنیا سے چل بسیں گے، اس لئے میں رو پڑی پھر دوبارہ سرگوشی فرمائی تو مجھے بتایا کہ میں اہل بیت میں سب سے پہلے آپؐ سے ملوں گی، اس لئے میں ہنس پڑی، (صحیح بخاری، کتاب فضائل اصحاب النبیﷺ باب مناقب قرابۃ الرسول اللہﷺ ومنقبۃ فاطمہ علیہا السلام بنت النبیﷺ حدیث ۳۷۱۵)

علامہ ابن حجر عسقلانیؒ بیان کرتے ہیں کہ مسروق نے حضرت عائشہؓ سے روایت نقل کی ہے وہ فرماتی ہیں کہ: حضرت فاطمہ حاضر خدمت ہوئیں، ان کی چال رسولﷺ کی چال کی طرح محسوس ہو رہی تھی، آنحضورﷺ نے فرمایا: بیٹی! خوش آمدید، یہ کہنے کے بعد آپؐ نے انکو اپنی دائیں جانب بٹھایا، پھر آہستہ سے ان سے کوئی بات ارشاد فرمائی جسکی وجہ ان کی آنکھیں اشکبار ہوئیں، پھر آپؐ نے دوبارہ ان سے کوئی بات ارشاد فرمائی تو وہ ہنس پڑیں، میں (حضرت عائشہ) نے سوچا کہ میں نے آج سے پہلے ایک ہی وقت میں حزن وملال اور فرحت شادمانی کہیں نہیں دیکھی ہے (جیسے کہ آج حضرت فاطمہ کو دیکھا) اس لئے میں نے حضرت فاطمہ سے دریافت کیا کہ آنحضورﷺ نے کیا ارشاد فرمایا تھا؟ انہوں نے جواب دیا: میں آنحضورﷺ کے بتائے ہوئے راز کو فاش نہیں کرسکتی ہوں، پھر جب آنحضورﷺ دنیا سے چلے گئے تو میں نے ان سے دوبارہ دریافت کیا تو انہوں نے بتایا کہ آپؐ نے ارشاد فرمایا تھا، جبرئیل امین ہر سال ایک مرتبہ میرے ساتھ قرآن کا دور فرماتے تھے لیکن اس سال انہوں نے دو مرتبہ دور کیا ہے، لہذا اس سے میں یہی سمجھتا ہوں کہ میری رحلت کا وقت اب قریب آگیا ہے، اور تم میرے گھر والوں میں سب سے پہلے مجھ سے

ملوگی، میں تمہارے لئے بہترین پیش رو ہوں، یہ سن کر میں رو پڑی تھی، اس کے بعد آپؐ نے فرمایا تھا کیا تمہیں یہ پسند نہیں ہے کہ تمام دنیا کی عورتوں کی سردار بنو؟ یہ سن کر میں ہنس پڑی تھی۔(۱)

دیکھئے غور فرمایئے حضرت عائشہ صدیقہؓ کے اس قول سے کیسی محبت کا اظہار ہوتا ہے کہ آپؓ فرماتی ہیں: ''حضرت فاطمہ کی چال رسول ﷺ کی سی چال محسوس ہورہی تھی'' کیا اس طرح کی بات اہل بیت سے محبت کرنے والے اور تعلق رکھنے والے کے علاوہ اور کوئی کہہ سکتا ہے!!

حضرت عائشہ صدیقہؓ کے قول سے ہی علماء نے حضرت فاطمۃ الزہراءؓ کی وفات کی تحدید وتعیین کی ہے، علامہ زہری حضرت عروہ کے واسطے سے اور وہ حضرت عائشہؓ سے بیان کرتے ہیں کہ: رسول ﷺ کے بعد حضرت فاطمہ چھ ماہ حیات رہیں: (۲)

علامہ ابن حجر عسقلانیؒ نے ذکر کیا ہے کہ یزید بن زریع، روح بن قاسم سے اور وہ عمرو بن دینار سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا: میں نے کبھی بھی حضرت فاطمہ سے افضل کسی کو نہیں دیکھا ہے سوائے ان کے والد (آنحضور ﷺ) کے۔(۳)

---

(۱) علامہ ابن حجرؒ فرماتے ہیں: امام بخاری اور امام مسلم نے اس حدیث کو نقل کیا ہے، مزید دیکھئے: الاصابہ ۵۰۲/۴، مکتبہ مصر، مسند احمد حدیث نمبر ۲۳۲۲۱، ص ۹۴۴، مطبوعہ: دار ابن الجوزی۔

(۲) تہذیب الکمال ۴۹/۱۱، الاصابہ ۵۰۳/۴، علامہ عسقلانی فرماتے ہیں: صحیح حدیث میں حضرت عائشہؓ کے واسطے سے یہ بات ثابت ہے کہ حضرت فاطمہ نبی کریم ﷺ کے بعد چھ ماہ حیات رہیں۔

(۳) علامہ ابن حجرؒ اس کے بعد فرماتے ہیں: علامہ طبرانی نے اس کو ابراہیم بن ہاشم کے تعارف میں المعجم الاوسط میں نقل کیا ہے اور اس کی سند شیخین کی شرط کے مطابق صحیح ہے۔

حضرت عائشہؓ کی طرف سے اس طرح کے اقوال کے بعد کیا انکے بارے میں کوئی کلام ہوسکتا ہے؟!

اس لئے اہل بیت اپنی بیٹیوں کو حضرت عائشہ صدیقہؓ کے نام سے کیوں نہ موسوم کرتے، جب کہ ان کے درمیان محبت والفت پائی جاتی تھی اور دلوں میں ایک دوسرے کی محبت جاگزیں تھی، اگر موقع ہوتا تو میں اس پہلو پر مزید روشنی ڈالتا، لیکن یہ اس وقت ہمارا موضوع نہیں ہے البتہ جتنا کچھ لکھا جا چکا ہے ہدایت حاصل کرنے کے لئے یہی کچھ کافی ہے۔

ایک اور حدیث اس سلسلہ کی منقول ہے جس کو حضرت عائشہ صدیقہؓ بنت صدیقؓ ہی بیان کرتی ہیں اور وہ حضرت فاطمۃ الزہراء کی فضیلت کے سلسلہ میں ہے، اگر حضرت عائشہؓ اور اہل کساء کے مابین ادنی سا بھی اختلاف ہوتا تو کبھی بھی اس حدیث کو وہ روایت نہ کرتیں:

امام احمد نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے کہ حضرت عائشہؓ نے حضرت فاطمہ بنت رسول ﷺ سے کہا: میں تمہیں یہ خوشخبری نہ سناؤں کہ رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اہل جنت کی عورتوں کی سردار چار خواتین ہیں: مریم بنت عمران، فاطمہ بنت رسول ﷺ خدیجہ بنت خویلد اور آسیہ فرعون کی بیوی، یعقوب (راوی) نے ابنۃ مزاحم کے الفاظ ذکر کئے ہیں۔(۱)

مجھے معلوم ہوا ہے کہ ایک اسکالر حضرت فاطمۃ الزہراء کے بارے میں تحقیقی کام

(۱) مسند احمد، حدیث نمبر ۱۳۳۶، ص ۹۵۲، کتاب فضائل الصحابۃ، مطبوعہ: دار ابن الجوزی، اسی طرح حاکم نے بھی اپنی مستدرک (۳: ۸۵) میں اس کو نقل کیا ہے۔

کر رہے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ وہ موسوی کام ہوگا، کیونکہ بہتر ہوتا کہ اگر وہ ایک فصل ان تمام روایات کے لئے خاص کرتے جو حضرت صدیقہؓ کے واسطے سے حضرت فاطمہ کے بارے میں منقول ہیں۔ یہ کام ان کے لئے باعث اجر وثواب ہوتا!

اہم اور دلچسپ خاتمۂ بحث

متعدد دلائل سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اکرم ﷺ جب اس دنیا سے چل بسے تو آپؐ اس وقت حضرت عائشہ صدیقہؓ کے گھر میں تھے، اور وہ آپؐ کے نسبت قریب بیٹھی تھیں بلکہ آپ کا سر اس وقت انکی گود میں تھا۔

امام بخاریؒ نے اپنی سند سے ہشام سے، انہوں نے اپنے والد سے روایت کیا ہے کہ رسول اکرم ﷺ جب بیمار تھے تو ازواج مطہرات کے ہاں جاتے اور پوچھتے: کل کس کے ہاں باری ہوگی؟ ایسا آپؐ حضرت عائشہ کی باری کے اشتیاق میں یہ سوال کیا کرتے تھے حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں: جب میری باری آئی تو آپؐ پرسکون و مطمئن ہوگئے۔(۱)

امام مسلم نے بھی اپنی سند سے حضرت عائشہ کے حوالے سے بیان کیا ہے کہ وہ فرماتی ہیں: رسول اکرم ﷺ پوچھا کرتے تھے: آج کس کی باری ہے؟ اور کل میں کس کے ہاں ہوں گا؟ حضرت عائشہؓ کی باری کے اشتیاق میں آپؐ ایسا کرتے تھے فرماتی ہیں: پھر جب میری باری آئی تو اللہ تعالیٰ نے میری گود میں آپؐ کی روح قبض فرمائی (۲)

مذکورہ روایت کی طرح ایک روایت مجھے صاحب الاحتجاج یا جعفریات کے ہاں

(۱) فتح الباری شرح صحیح البخاری حدیث نمبر ۴۴۵۰۔

(۲) صحیح مسلم (شرح النووی) کتاب فضائل الصحابہ، باب فی فضل عائشہ، حدیث نمبر ۲۴۴۳، مزید دیکھئے حدیث نمبر ۲۴۴۲۔

بھی ملی، ان کا نام ابوعلی محمد بن محمد الاشعث کوفی ہے، چوتھی صدی کے بلند پایہ علماء میں سے ہیں، کتاب ''مکتبۃ نینوی الحدیثۃ'' طہران سے شائع ہوتی ہے، ص ۳۳، پر حدیث درج ہے کہ: ''آنحضورﷺ اس حال میں تھے کہ آپؐ نے مسواک طلب کی اور پھر اس کو حضرت عائشہ کے پاس یہ کہکر بھیجوایا: اپنے منھ سے اس کو چبا کر دو ، میں نے ایسا ہی کیا پھر وہ مسواک آپ کی خدمت میں پیش کی گئی تو آپؐ اس سے مسواک کرنے لگے اور فرمانے لگے :اے حمیراء! میرا لعاب دہن تمہارے لعاب دہن کے ساتھ مل گیا، اس کے بعد آپؐ نے اپنے لب مبارک ہلاتے ہوئے نگاہ اٹھائی، گویا کہ آپؐ کسی کو مخاطب کر رہے تھے اور پھر آپ کی روح پرواز کر گئی۔''

یہ حدیث نہایت اہم ہے، اس سے آنحضورﷺ کے نزدیک حضرت عائشہؓ کی اہمیت کا پتہ چلتا ہے۔

اس حدیث کی اہمیت اور بڑھ جاتی ہے کیونکہ یہ اہل سنت والجماعت کے علاوہ دوسرے طرق سے منقول ہے، اسی لئے حضرت عائشہؓ فرمایا کرتی تھیں: اللہ کے مجھ پر انعامات میں سے ایک بہت بڑا یہ انعام ہے کہ رسولﷺ میرے گھر میں میری باری کے دن اور میری گود میں ہوتے ہوئے اس دنیا سے تشریف لے گئے، اور اللہ تعالیٰ نے موت کے وقت میرے اور آپؐ کے لعاب دہن کو جمع فرمایا، عبدالرحمٰن بن ابوبکر داخل ہوئے تو ان کے ہاتھ میں مسواک تھی، اور رسولﷺ مجھ سے ٹیک لگائے ہوئے تھے تو میں

نے دیکھا کہ آپؐ ان کی جانب دیکھ رہے ہیں، میں سمجھ گئی کہ آپؐ مسواک کرنا چاہتے ہیں، میں نے کہا: کیا میں آپ کے لئے اس کو لے لوں؟ آپؐ نے اپنے سر سے اشارہ فرمایا کہ ہاں، میں نے اس کو لیا لیکن آپ خود مسواک چبا نہیں پا رہے تھے، میں نے عرض کیا: میں نرم کر کے دوں؟ آپؐ نے اپنے سر سے اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: ہاں، میں نے اس کو چبا یا پھر آپؐ نے مسواک کی، دوسری روایت میں ہے کہ بہترین طریقہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسواک کی (۱)

(۱) دیکھئے: صحیح بخاری، باب مرض النبی ﷺ، باب آخر ما تکلم النبی ﷺ

دوسرا باب

اہل بیت اور صحابہ -رضوان اللہ علیہم اجمعین- کے مابین رشتہ داریاں

لغوی بحث

قاموس المحیط میں مذکور ہے: ''الصهر'': کسرہ کے ساتھ: قرابت اور دامادی کی وجہ سے ہونے والی حرمت، اس کی جمع: أصہار اور صہراء ہے، بیٹی کا شوہر (داماد) اور بہن کا شوہر سب أصہار میں داخل ہیں.....'' (القاموس المحیط، مطبوعہ: الرسالہ مادہ: ''صہر''

المعجم الوسیط میں ہے: أصهر إليه: وہ اس سے یا کسی قوم سے قریب ہوا، اور أصهر بهم ''ان سے شادی کی''

''لسان العرب'' میں '' أصہار اور أختان'' کے مابین باریک فرق اور مزید تفصیل بیان کی ہے، میں اس کو یہاں نقل کرتا ہوں:

'' أصہار: عورت کے گھر والوں کو کہتے ہیں، مرد کے گھر والوں کو ''ختن'' کہا جائے گا.....(لسان العرب، مطبوعہ: دار المعارف، مادہ ''صہر''

اس کے بعد صاحب ''لسان العرب'' نے امام فراء، زجاج اور أزہری کی تشریح نقل کی ہے جو انہوں نے اس آیت کے سلسلہ میں بیان کی ہے:

'' وهو الذي خلق من الماء بشراً فجعله نسباً وصهراً .''

(الفرقان: ۵۴)

علامہ ابن حجر عسقلانیؒ اس لفظ کا مطلب بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: صہر: مرد

اور عورت دونوں کے اقارب و رشتہ داروں کے لئے بولا جاتا ہے۔ بعض لوگ اس کو عورت کے اقارب کے ساتھ خاص کرتے ہیں..... مصاہرہ کا اصل مفہوم مقاربت (قریب ہونا) ہے، راغب کہتے ہیں: صہر ختن ہی کے مفہوم میں ہے، ابن الاعرابی کہتے ہیں: اصہار: ہر اس شخص کو کہیں گے جو جوار کی وجہ سے، نسب کی وجہ سے یا شادی کی وجہ سے قریبی بن جائے .....(فتح الباری، رقم الحدیث: (۳۷۲۹، ص ۴۵۲/۷، مطبوعہ: دار الفکر)

بلاشبہ رسول ﷺ نے بہت سے صحابہؓ کو رشتہ دار بنایا، اس کے اسباب پر روشنی ڈالتے ہوئے صفی الرحمٰن مبارکپوریؒ بیان کرتے ہیں: حضرت عائشہؓ اور حضرت حفصہؓ کے ساتھ نکاح کر کے حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ کے ساتھ رشتہ داری قائم کرنے میں، اسی طرح اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہؓ کو حضرت علی بن ابی طالب کی زوجیت میں دینے میں اور حضرت رقیہؓ اور حضرت ام کلثومؓ کو حضرت عثمانؓ بن عفان کی زوجیت سے دینے میں اس بات کی دلیل پائی جاتی ہے کہ آپ اس کے ذریعہ ان چاروں صحابہ سے تعلقات و روابط کو مضبوط و مستحکم کرنا چاہتے تھے، سخت ترین مراحل میں جن کی جانفشانیاں اور قربانیاں اسلام کے لئے معروف تھیں۔

عربوں کے ہاں یہ بات عرف میں داخل تھی کہ رشتہ مصاہرت کا احترام کریں، رشتہ مصاہرت ان کے ہاں مختلف قبائل کے مابین تقرب کا ایک اہم ترین ذریعہ تھا، داماد سے دشمنی یا جنگ وہ اپنے لئے گالی اور عار سمجھتے تھے .....“۔ (الرحیق المختوم، ص ۴۸۰-۴۸۱)

علامہ مبارکپوریؒ نے امہات المؤمنین کے ساتھ رسول اکرم ﷺ کے نکاح کرنے کی حکمتوں اور اسباب پر بھی روشنی ڈالی ہے۔

اہل بیت اور آل بیت صدیق -رضوان اللہ علیہم اجمعین-

کے مابین رشتہ داری

۱۔ محمد بن عبداللہ -رسول اللہ ﷺ

آپؐ نے حضرت عائشہ بنت ابوبکر صدیقؓ سے نکاح فرمایا، اور یہ ایسی رشتہ داری ہے، جس کا علمائے سیرت، تاریخ اور انساب میں سے کوئی بھی انکار نہیں کرسکتا ہے، لیکن یہاں پر ہم چند ایسے دلائل نقل کرتے ہیں جو اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ یہ رشتہ من جانب اللہ اسی کے حکم سے اور اسی کی حکمت کے تحت ہوا ہے:

امام مسلمؒ نے اپنی صحیح میں اپنی سند سے حضرت عائشہؓ سے روایت نقل کی ہے وہ فرماتی ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "تین راتوں کو مجھے خواب میں تمہیں دکھایا گیا، فرشتہ ایک ریشمی کپڑے میں تمہاری تصویر لے کر آیا، اور کہا: یہ آپ کی زوجہ ہیں، میں نے جب تمہارا چہرہ دیکھا تو وہ تم ہی تھی، لہذا میں نے کہا: اگر یہ من جانب اللہ ہوگا تو یہ ہو کر رہے گا"۔ (صحیح مسلم بشرح نووی، باب فی فضل عائشہ، حدیث ۲۴۳۸، ۲۴۳۹)

حضرت عائشہ صدیقہؓ کی والدہ اُم رومان بنت عامر بن عویمر بن عبد شمس بن عتاب بن اُذینہ بن سبیع بن دہمان بن حارث بن غنم بن مالک بن کنانہ ہیں، یہ صحابیہ ہیں، اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ کا نسب کنانہ سے جاملتا ہے۔

۲۔ حسن بن علی بن ابی طالب:

آپ نے حضرت حفصہ بنت عبدالرحمن بن ابی بکر صدیقؓ سے شادی کی، اس

شادی کا تذکرہ علامہ تستری نے "تواریخ النبی والآل" ص ۱۰۷ میں حضرت امام حسن کی ازواج کے ضمن میں کیا ہے، اور ابن حبیب نے "المحبر" ص ۴۴۸ میں یہ بیان کیا ہے کہ انہوں نے حضرت حسین بن علی سے نہ کہ حضرت حسن سے شادی کی، میرے خیال میں یہ ان کو وہم ہو گیا ہے، پھر اس کے بعد ان کا نکاح عاصم بن خطاب سے، پھر منذر بن زبیر سے ہوا، اور وہ ان کے سب سے پہلے شوہر تھے پھر وہ دوبارہ انہی کی زوجیت میں آئیں۔(۱)

۳- اسحاق بن عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب

آپ نے ام حکیم بنت قاسم بن محمد بن ابی بکر صدیق سے شادی کی، یہ ام فروہ کی بہن ہیں۔

اس کا تذکرہ محمد الاعلمی حائری نے "تراجم اعلام النساء" ص ۲۶۰ میں کیا ہے، لیکن انہوں نے نام اسحاق بن جعفر بن ابی طالب بیان کیا ہے۔

میرے خیال کے مطابق ان سے یہ خطا ہوئی ہے، کیونکہ یہ اسحاق، عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب کے بیٹے ہیں، انساب کی جملہ کتابوں میں ایسے ہی تحریر ہے۔

ان اسحاق کا لقب اسحاق العریضی ہے۔

ابن عنبہ نے عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب کی اولاد کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے: "ان میں اسحاق العریضی ہیں، ان کی ماں ام ولد ہیں"۔ (عمدۃ الطالب ص ۳۷، مطبوعہ انصاریان)

---

(۱) یہ بھی منقول ہے کہ حضرت حفصہ بنت عبدالرحمن بن ابی بکر صدیق سے حضرت حسین بن علی نے شادی کی، جیسے کہ اس کا تذکرہ ابن عساکر نے ابن سعد (الطبقات ۸/ ۴۶۸) کے حوالہ سے نقل کیا ہے۔ البتہ لیکن ابھی اس کے بارے میں شک، اور تردد ہے اس لئے متن میں اس کا تذکرہ نہیں کیا ہے۔

اس کے علاوہ مزید دیکھئے: نسب قریش ص ۸۳، جعفر بن ابی طالب کی اولاد میں، اور ''المعارف'' ابن قتیبہ ص ۲۰۸۔

۴-محمد (الباقر) ابن علی (زین العابدین) ابن الحسین

آپ نے ام فروہ بنت قاسم بن محمد بن ابی بکر صدیق سے شادی کی، انہی کے بطن سے جعفر صادق کی ولادت ہوئی، اس نکاح کا تذکرہ مندرجہ ذیل لوگوں نے کیا ہے:

شیخ مفید نے ''الارشاد ص ۲۷۰، میں، محمد امین علمی الحائری نے ''تراجم اعلام النساء'' ص ۲۷۸ میں، ابن عنبہ نے ''عمدۃ الطالب'' ص ۲۲۵، مطبوعہ: دار الحیاۃ میں، ابن الطقطقی نے ''الاصیلی'' ص ۱۴۹ میں اور ''نسب قریش'' ص ۷۳، میں۔

جعفر صادق کا ایک مشہور قول ہے جس کو متعدد کتب میں بیان کیا گیا ہے، یہاں پر ماہر انساب ابن عنبہ کا کلام نقل کیا جاتا ہے، فرماتے ہیں: ''ابو عبداللہ کی اولاد میں صرف جعفر صادق - علیہ السلام - پیدا ہوئے، ان کی والدہ ام فروہ بنت قاسم (فقیہ) ابن محمد بن ابی بکر ہیں، اور ان کی والدہ کی والدہ (نانی) اسماء بنت عبدالرحمن بن ابی بکر ہیں۔ اسی لئے (جعفر) صادق علیہ السلام کہتے تھے: ابو بکر نے مجھے دو مرتبہ جنا ہے، ان کو عمود اشرف (شرف کا مرکز وستون) کہا جاتا ہے''۔ (عمدۃ الطالب ص ۱۷۶، مطبوعہ: انصاریان)

دو مرتبہ جننے سے مراد یہ ہے کہ دو طرف سے ان کا سلسلۂ نسب ملتا ہے، والدہ کی جہت سے بھی، کیونکہ وہ قاسم بن محمد بن ابی بکر صدیق کی صاحبزادی ہیں، اور ان کی والدہ کی والدہ (نانی) کی جہت سے بھی، کیونکہ وہ اسماء بنت عبدالرحمن بن ابو بکر صدیق ہیں۔

یہ بھی کہا گیا ہے کہ دو مرتبہ سے دو الگ الگ اعتبار سے مراد ہے، ایک نسب کے

اعتبار سے اور ایک علم اور اس کے حصول کے اعتبار سے، کیونکہ امام جعفر صادق نے مختلف شیوخ سے علم حاصل کیا ہے جن میں قاسم بن محمد بن ابی بکر بھی ہیں اور یہ جلیل القدر فقہاء مدینہ میں ہیں، دوسرا مفہوم میرے خیال میں بعید از قیاس معلوم ہوتا ہے اگرچہ یہ بھی ہوسکتا ہے، کیونکہ قاسم بن محمد بن ابی بکر مدینہ کے سات فقہاء میں سے ایک ہیں اور قاسم حضرت عائشہ صدیقہ کی گود میں پروان چڑھے اور ان سے علم حاصل کیا اور انہی سے روایات بیان کیں۔

جہاں تک ام فروہ کا تعلق ہے تو ان کے تقویٰ اور پاکیزگی کے سلسلہ میں اہل تراجم نے اتنا کچھ نقل کیا ہے جس میں سب کے لئے کفایت ہے، شیخ عباس القمی فرماتے ہیں: ''میری والدہ ان خواتین میں سے تھیں جو ایمان لائیں، تقویٰ اختیار کیا اور عمدہ کام کئے اور اللہ تعالیٰ عمدہ کام کرنے والوں کو پسند فرماتا ہے.....''۔

شیخ جلیل علی بن حسین مسعودی ''اثبات الوصیۃ'' میں فرماتے ہیں: اُم فروہ اپنے زمانہ کی خواتین میں سب سے زیادہ متقی و پرہیزگار تھیں، علی بن حسین - علیہ السلام - سے بہت سی احادیث روایت کی ہیں.....

ام فروہ جلیل القدر اور معزز خاتون تھیں، یہاں تک کہ جعفر صادق کو ابن المکرمہ کے لقب سے یاد کیا جاتا تھا، (منتھی الآمال في تواریخ النبی والآل ۲/۱۶۱) مطبوعہ: الدار الاسلامیہ، بیروت۔ اور المکتبۃ العلمیۃ۔ السالمیۃ الکویت)

ابونصر بخاری کی ''سر السلسلۃ'' میں بھی اسی طرح کے تعریفی کلمات موجود ہیں۔

ایک اہم بحث

''ابوبکرؓ نے مجھے دو مرتبہ جنا ہے'' اس مقولہ کے مصادر کے بارے میں حق الیقین

جعفر صادق کا یہ مقولہ ''ابوبکر نے مجھے دو مرتبہ جنا ہے'' بہت مشہور و معروف ہے، لیکن میں نے جب حال میں ہی مختلف ویب سائٹوں پر اور انٹرنیٹ کے صفحات پر مطالعہ کیا تو بعض خواہش پرست لوگوں کی جانب سے اس بات کا انکار دیکھنے کو ملا کہ اہل بیت کے جلیل القدر علماء میں سے کسی سے بھی اس طرح کا مقولہ منقول ہو سکتا ہے۔

اس لئے میں نے مختلف مصادر و مراجع کے ذریعہ اس مقولہ کو حوالوں کے ساتھ بیان کرنا مناسب سمجھا اور یہ حوالے ایسے ہیں جن کے بارے میں ان کی اہمیت اور ان کے ناقلین کے صدق حدیث کی وجہ سے شک وشبہ کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی ہے، ان کی تفصیل یوں ہے:

۱۔ عمدۃ الطالب فی نسب آل أبی طالب، تالیف: جمال الدین احمد بن علیہ (ت ۸۲۸ھ) مطبوعہ: جمل المعرفۃ، اور مکتبۃ التوبۃ، ریاض ۱۴۲۴ھ/۲۰۰۳م، اس کی عبارت یوں ہے: ''ابوعبداللہ کی اولاد میں جعفر صادق۔ رحمہ اللہ تعالیٰ۔ ہوئے، ان کی والدہ ام فروہ بنت قاسم (فقیہ) ابن محمد بن ابی بکر ہیں، ان کی والدہ کی والدہ (نانی) اسماء بنت عبدالرحمن بن ابی بکر ہیں، اسی لئے صادق۔ رضی اللہ عنہ۔ کہا کرتے تھے: ابوبکر نے مجھے دو مرتبہ جنا

ہے، ان کو عمود الشرف (شرف کا مرکز و عمود) کہا جاتا تھا۔"

۲- کشف الغمہ فی معرفۃ الأئمۃ: تالیف: ابوالحسن علی بن عیسی بن ابی الفتح الإربلی (ت ۶۹۳ھ) مطبوعہ: دار الأضواء، بیروت ۱۴۲۱ھ/ ۲۰۰۰م، ص: ۳۴۵)

فرماتے ہیں: "حافظ عبد العزیز الأخضر جنابذی - رحمہ اللہ - نے فرمایا: "ابو عبد اللہ جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب..... آپ کی ماں ام فروہ تھی، جن کا نام قریبہ بنت قاسم بن محمد بن ابی بکر صدیق - رضی اللہ عنہ - تھا، اور ان کی والدہ اسماء بنت عبد الرحمن بن ابی بکر صدیق تھیں، اسی لئے جعفر - علیہ السلام - نے فرمایا: "بلاشبہ مجھے ابوبکر نے دو مرتبہ جنا ہے"۔ (۲/ ۳۲۷)

۳- الأصیلی فی أنساب الطالبیین، صفی الدین محمد بن تاج الدین علی بن الطقطقی الحسنی (ت ۷۰۹ھ) مطبوعہ: مکتبۃ آیۃ اللہ العظمی المرعشی النجفی، تحقیق و ترتیب: سید مہدی الرجائی۔

اس کی عبارت یوں ہے: "اور جہاں تک تعلق ہے ابو عبد اللہ جعفر بن محمد الصادق - علیہ السلام - کا..... ان کی اور ان کے بھائی عبد اللہ کی والدہ ام فروہ بنت قاسم بن محمد بن ابی بکر ہیں، اور ان کی والدہ اسماء بنت عبد الرحمن بن ابی بکر ہیں، اسی لئے جعفر بن محمد - علیہ السلام - کہا کرتے تھے: مجھے ابوبکر نے دو مرتبہ جنا ہے۔" ص: ۱۴۹۔

مندرجہ بالا مراجع کافی و شافی ہیں، اس مشہور مقولہ کی جانب اکثر علماء نے اشارہ کیا ہے، مثلاً علامہ مجلسی نے "بحار الأنوار" میں، اور بھی دوسرے حضرات نے تذکرہ کیا ہے۔

۵-موسیٰ (الجون) ابن عبداللہ (محض) ابن الحسن (المثنی) ابن الحسن (السبط) ابن علی بن ابی طالب:

آپ نے ام سلمہ بنت محمد بن طلحہ بن عبیداللہ بن عبدالرحمن بن ابی بکر صدیق سے شادی کی، ان کے بطن سے عبداللہ پیدا ہوئے، علماء میں سے اس کا تذکرہ صاحب "تراجم أعلام النساء" ص ۳۷۳ نے، ابونصر بخاری نے "سر السلسلة العلوية" ص ۴۰ میں، اور عمدۃ الطالب ص ۱۰۲، مطبوعہ انصاریان، ص ۱۳۴، مطبوعہ دار الحیاۃ میں کیا ہے۔

۶-اسحاق بن عبداللہ بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب:

آپ نے کلثم بنت اسماعیل بن عبدالرحمن بن قاسم بن محمد بن ابی بکر صدیق سے شادی کی، مصعب الزبیری کہتے ہیں: "اور اسحاق بن عبداللہ بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب کی اولاد میں: یحییٰ ... خدیجہ بنت اسحاق: ان کی ماں کلثم بنت اسماعیل بن عبدالرحمن بن قاسم بن محمد بن ابی بکر صدیق ہیں، اور ان کے ماں شریک بھائی قاسم بن ابراہیم بن ولید بن محمد بن ہشام بن اسماعیل مخزومی ہیں"۔ (نسب قریش، ص ۶۵)

اہل بیت اور آل زبیر (رضوان اللہ علیہم)

کے مابین رشتہ داریاں

۱-صفیہ بنت عبدالمطلب (رسول اللہ ﷺ کی پھوپھی)

آپ نے حضرت عوام بن خویلد سے شادی کی، اور ان کے بطن سے حضرت زبیر بن العوام پیدا ہوئے، کتب انساب و تاریخ میں علماء کی ایک بڑی تعداد نے اس کا تذکرہ کیا ہے۔

۲-أم الحسن بنت حسین بن علی بن أبی طالب

آپ سے حضرت عبداللہ بن زبیر بن العوام نے شادی کی، اس شادی کا تذکرہ مندرجہ ذیل علماء نے کیا ہے:

عباس القمی نے "منتھی الآمال" ۱/۳۴۱ مطبوعہ: الدار الاسلامیہ ۱/۴۶۰ اور مطبوعہ: مؤسسۃ النشر قم میں، ابن عنبہ نے "عمدۃ الطالب" ص ۲۸۸ مطبوعہ: دار الحیاۃ، میں بلاذری نے "أنساب الأشراف" ۲/۱۹۳، میں اور مصعب الزبیر نے "أنساب قریش" ص ۵۰ میں۔

مصعب الزبیری نے بیان کیا ہے کہ آپ کا نام: ام الحسین تھا، مزید فرماتے ہیں:

"اور ام الحسین، عبداللہ بن زبیر کی زوجیت میں تھیں، ان کے بطن سے بکر اور رقیہ (ورج) پیدا ہوئے" (نسب قریش ص ۵۰)

مذکورہ عبارت میں اشتباہ ہے، صحیح یہی ہے کہ آپ کا نام "ام الحسن" تھا۔

اس کا تذکرہ ابن طباطبا نے "أنباء الإمام في مصر والشام" ص ۷۷، مطبوعہ: جل المعرفہ میں اور عمدۃ الطالب ص ۶۴ مطبوعہ انصاریان کے حاشیہ میں عمری کی "المجدی" سے نقل کرتے ہوئے کیا ہے، فرماتے ہیں: "ابوالحسن عمری "المجدی" میں فرماتے ہیں: "ام الحسن - یہ ام ولد کے بطن سے تھیں - عبداللہ بن الزبیر کی زوجیت میں آئیں، اور رقیہ، عمرو بن المنذر بن الزبیر بن العوام کی زوجیت میں آئیں"۔

اسی طرح ابن حبیب نے "المحبر" ص ۵۷ میں اور ابن قتیبہ نے "المعارف" ص ۲۱۲، میں ذکر کیا ہے۔

اسی طرح کا اشتباہ ابوعمر حاری بن سالم الحاری کو بھی ہوا ہے، انہوں نے ذکر کیا ہے کہ ان کا نام ام الحسین بنت الحسن تھا، انہوں نے بھی مصعب الزبیری کی "نسب قریش" پر اعتماد کیا ہے۔ جس کی وجہ سے یہ بھی وہم میں مبتلا ہو گئے، مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: نصح الأبی، ص ۸۲، اور ہوسکتا ہے کہ مصعب زبیری کا وہم یہ کاتب کی غلطی ہو نہ کہ ان کی، لیکن محقق نے بھی اس غلطی کو نہیں پکڑا!؟

ابن عنبہ، ابوالحسین زید بن الحسن کی اولاد کا تذکرہ کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں: اور اپنے چچا حضرت حسین کی شہادت کے بعد عبداللہ بن زبیر کے ہاتھ پر بیعت کی، کیونکہ آپ کی حقیقی بہن حضرت عبداللہ بن زبیر کی زوجیت میں تھی ابونصر بخاری کہتے ہیں: جب عبداللہ شہید ہو گئے تو زید نے اپنی بہن کا ہاتھ پکڑا اور مدینہ واپس آ گئے"۔ (عمدۃ الطالب، ص ۶۵، مطبوعہ: انصاریان)

۳-رقیہ بنت الحسن بن علی بن أبی طالب

آپ سے حضرت عمرو بن زبیر بن العوام نے شادی کی، اس شادی کا تذکرہ مندرجہ ذیل لوگوں نے کیا ہے: عباس قمی نے "منتھی الآمال" ص ۳۴۲، مطبوعہ: الدار الاسلامیہ ۱/۴۶۰ اور ۱/۴۶۲ مطبوعہ: موسسۃ البعثہ قم - میں، اعلمی نے "تراجم اعلام النساء" ص ۳۴۶، میں، ابوالحسن عمری نے "المجدی" میں، ابن عنبہ نے "عمدۃ الطالب" ص ۸۸، مطبوعہ: دار الحیاۃ ص ۲۴۴، مطبوعہ: انصاریان میں، مصعب الزبیری نے "نسب قریش" ص ۵۰ میں اور ابن حبیب نے "المحبر" ص ۵۷ میں۔

۴-ملیکہ بنت الحسن (المثنی) ابن الحسن بن علی بن ابی طالب

آپ سے حضرت جعفر بن مصعب بن زبیر نے شادی کی، اور آپ کے بطن سے فاطمہ پیدا ہوئیں۔

دیکھئے: "نسب قریش" ص ۵۳۔

۵-موسیٰ بن عمر بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب

آپ نے عبیدۃ بنت زبیر بن ہشام بن عروۃ بن زبیر بن العوام سے شادی کی، اور جن کے بطن سے عمر (درج) اور صفیہ اور زینب پیدا ہوئے۔ (دیکھئے: "نسب قریش" ص ۷۲)

۶-جعفر (الأکبر) ابن عمر بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب:

آپ نے فاطمہ بنت عروۃ بن زبیر بن العوام سے شادی کی، جن کے بطن سے علی

پیدا ہوئے۔ (دیکھئے: "نسب قریش" ص ۷۲)

۷- عبداللہ بن الحسین بن علی بن الحسین بن أبی طالب:

آپ نے ام عمرو بنت عمرو بن زبیر بن عمرو بن عمرو بن زبیر سے شادی کی، مصعب زبیری نے اس کی تفصیل یوں نقل کی ہے: "عبداللہ بن الحسین بن علی بن الحسین بن ابی طالب کی اولاد میں: بکر، قاسم، ام سلمہ اور زینب پیدا ہوئے، یہی (زینب) وہ ہیں جن سے امیر المومنین ہارون نے شادی کی، اور یہ ان کی زوجیت میں ایک رات رہیں، پھر ان کو طلاق دے دی، اس لئے اہل مدینہ نے آپ کو زینب لیلۃ (ایک رات کی زینب) کا لقب دیا، یہ ام ولد نوبیہ کے بطن سے ہیں، اس کے علاوہ ان (عبداللہ) کی اولاد میں جعفر اور فاطمہ پیدا ہوئے، ان دونوں کی ماں: اُم عمرو بنت عمرو بن الزبیر بن عمرۃ بن عمرو بن زبیر ہیں۔ (نسب قریش، ص ۷۳، ۷۴)

۸- محمد بن عوف بن علی بن محمد بن علی بن ابی طالب:

آپ نے صفیہ بنت محمد بن مصعب بن زبیر سے شادی کی، جن کے بطن سے علی اور حسنہ پیدا ہوئے۔ (نسب قریش ص ۷۷)

۹- بنت القاسم بن محمد بن جعفر بن ابی طالب:

آپ کے شوہر حمزہ بن عبداللہ بن زبیر بن العوام ہیں اور انہی سے حمزہ کی اولاد ہوئی۔

مصعب زبیری کے کلام کا خلاصہ یہ ہے: عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب کی اولاد کا

تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ".....اور ام کلثوم کو معاویہ نے اپنے بیٹے کے لئے پیغام دیا تو عبداللہ نے ان کا معاملہ حضرت حسین بن علی کے حوالے کیا، حضرت حسین نے ان کی شادی قاسم بن محمد بن جعفر بن ابی طالب سے کی، اور یزید بن معاویہ سے ان کا نکاح نہیں کیا، قاسم کی زوجیت میں رہتے ہوئے ان کے بطن سے ایک بیٹی کی ولادت ہوئی جس سے حمزہ بن عبداللہ بن زبیر بن العوام نے شادی کی، اور انہی سے ان کی اولاد ہوئی، اس کے بعد طلحہ بن عمر بن عبیداللہ نے ان سے شادی کی تو ان کی زوجیت میں رہتے ہوئے بھی اولاد ہوئی، ان سے طلحہ کی بھی اور حمزہ کی بھی اولاد چلی، پھر قاسم کا انتقال ہوا تو ان سے حجاج بن یوسف نے شادی کی جو اس وقت مدینہ اور مکہ کے گورنر تھے، عبدالملک بن مروان نے اس کو خط لکھ کر اس کو چھوڑ دینے کا حکم دیا تو اس نے انہیں طلاق دے دی"۔ (نسب قریش ص ۸۳، جمرۃ انساب، ص ۶۱)

ایک دوسری جگہ حضرت زبیر بن العوام کی اولاد کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"اور حمزہ بن عبداللہ بن زبیر کی اولاد میں: ابوبکر، یحییٰ ہیں، ان دونوں کے والد حمزہ بن عبد اللہ بن زبیر ہیں اور والدہ: فاطمہ بنت القاسم بن محمد بن جعفر بن ابی طالب ہیں، اور ان (فاطمہ) کی والدہ ام کلثوم بنت عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب ہیں، اور ان (ام کلثوم) کی والدہ زینب بنت علی بن ابی طالب ہیں اور ان (زینب) کی والدہ حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اور ان کے ماں شریک بھائی ابراہیم بن طلحہ بن عمر بن عبیداللہ معمر ..... ہیں،....." (نسب قریش، ص ۲۴۱)

ایک اہم نوٹ

حمزہ بن عبداللہ بن زبیر بن العوام بن خویلد بن اسد العزی بن قصی، والد اور والدہ دونوں جانب سے نسب کے شرف کے جامع ہیں کیونکہ:

ان کی ماں: فاطمہ بنت قاسم بن محمد بن جعفر بن ابی طالب بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی ہیں۔

ان کی ماں: ام کلثوم بنت عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی ہیں۔

ان کی ماں: زینب بنت علی بن ابی طالب ہیں۔

ان کی ماں: حضرت فاطمہ بنت محمد رسول اللہ ﷺ ابن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی ہیں۔

ان کی ماں: حضرت خدیجہ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزی بن قصی ہیں۔

ان کی ماں: فاطمہ بنت زائدہ بن الاصم ہیں۔ یہ قبیلۂ بنی لؤی کی شاخ بنی عامر سے ہیں۔

ان کی ماں: ہالہ بنت عبدمناف ہیں، جو بنو معیص کی شاخ بنو الحارث سے ہیں۔

۱۰۔ محمد (النفس الزکیہ) ابن عبداللہ (المحض) ابن الحسن (المثنی) ابن الحسن (السبط) ابن علی بن ابی طالب:

آپ نے فاختہ بنت فلیح بن محمد بن المنذر بن زبیر بن العوام سے شادی کی اور آپ کے بطن سے طاہر پیدا ہوئے۔

دیکھئے: ''سر السلسلۃ العلویۃ'' ص ۱۸، حاشیہ ''عمدۃ الطالب'' ص ۹۶، مطبوعہ: انصاریان، اور ''نسب قریش'' ص ۴۵۔

۱۱- حسین (الأصغر) ابن علی (زین العابدین) ابن الحسین الشہید:

آپ نے خالدہ بنت حمزہ بن مصعب بن زبیر بن العوام سے شادی کی۔ اس نکاح کا تذکرہ محمد حسین الأعلمی نے ''تراجم أعلام النساء'' ص ۳۶۱ میں کیا ہے۔

''نسب قریش'' میں آپ کا نام أم خالد مذکور ہے، اس کی عبارت یوں ہے: ''اور حسن بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب کی اولاد میں: عبداللہ، عبیداللہ، علی، أمینہ الکبریٰ ہوئے، ان کی ماں: أم خالد بنت حمزہ بن مصعب بن زبیر..... ہے''۔ (''نسب قریش'' ص ۴۳)

۱۲- سکینہ بنت حسین بن علی بن أبی طالب:

آپ سے مصعب بن زبیر بن العوام نے شادی کی، اگرچہ اس شادی کا بعض علماء نے نہایت کمزور اسباب و دلائل کی وجہ سے انکار کیا ہے۔ (۱) لیکن وسیع مراجع اور کتب تاریخ و انساب میں اس کا ثبوت موجود ہے، اگر میں یہاں پر جملہ مراجع و مصادر کا

---

(۱) مثلاً: اکرم حسن بترموسوی نے اپنی کتاب ''السیدۃ سکینۃ بنت الحسین بین حقائق التاریخ وأوہام المؤرخین'' میں، اسی طرح علی محمد دخیل نے اپنی کتاب ''سکینۃ بنت الحسین'' میں، شیخ محمد رضا انگیجی نے اپنی کتاب ''أعیان النساء'' ص ۱۳۵ میں، ان حضرات نے سکینہ بنت الحسین بن مصعب بن زبیر بن العوام کی شادی کا انکار کرنے کی کوشش کی ہے۔

تذکرہ کروں جن میں حضرت سکینہ - رضوان اللہ علیہا - کی زندگی اور حضرت مصعب بن زبیر کے ساتھ آپ کے نکاح کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے تو بحث زیادہ طویل ہو جائے گی۔ البتہ پھر بھی علمائے تاریخ وانساب کی اہم کتابوں کی جانب اشارہ کر دیا جاتا ہے۔

بلاذری (ت ۲۷۹ھ) کہتے ہیں: ''حضرت حسن کی حضرت زینب کے بطن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی اور حضرت حسین کی رباب کے بطن سے حضرت سکینہ بنت حسین پیدا ہوئیں، جن سے عبداللہ بن حسین بن علی بن ابی طالب نے شادی کی لیکن ان (عبد اللہ) کا جلدی ہی انتقال ہو گیا، اس کے بعد یہ حضرت مصعب بن زبیر کی زوجیت میں آئیں، ان کی زوجیت میں رہتے ہوئے ان کے بطن سے فاطمہ پیدا ہوئیں۔ جو بچپن میں ہی فوت ہو گئیں۔ اور پھر ان کے شوہر بھی شہید کر دئے گئے، اس لئے بعد میں یہ کہا کرتی تھیں: اے کوفہ والو! اللہ کی تم پر لعنت ہو، بچپن میں تم نے مجھے یتیم بنا دیا اور بڑے ہوئے بیوہ کر دیا.....''۔

(''أنساب الأشراف'' ۲/۱۹۵، مطبوعہ: مؤسسۃ الأعلمی للمطبوعات، بیروت، تحقیق: شیخ محمد باقر المحمودی)

محمودی کی تحقیق کے ساتھ ''أنساب الأشراف'' اپنے علمی مقام ومرتبہ کی وجہ سے کافی فائق ہے، اور ڈاکٹر سہیل زکار کے تحقیق والے نسخے سے بہت سے اعتبارات سے عمدہ ہے، اس کی وجہ کا اندازہ باریک بیں قاری بذاتِ خود کر سکتا ہے۔

اسی مذکورہ عبارت کا تذکرہ محمد بن حبیب (ت ۲۴۵ھ) نے بھی ص ۴۳۸ میں اس عنوان ''ان لوگوں کے نام جنہوں نے تین یا زیادہ شوہروں سے شادی کی'' کے تحت کیا ہے، ابن حبیب کی کتاب د۔ ایلزہ لیختن شتیر کی تحقیق کے ساتھ ہے اور یہ انساب وتاریخ کے

تذکرہ کروں جن میں حضرت سکینہ - رضوان اللہ علیہا - کی زندگی اور حضرت مصعب بن زبیر کے ساتھ آپ کے نکاح کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے تو بحث زیادہ طویل ہو جائے گی۔ البتہ پھر بھی علمائے تاریخ وانساب کی اہم کتابوں کی جانب اشارہ کر دیا جاتا ہے۔

بلاذری (ت ۲۷۹ھ) کہتے ہیں: ''حضرت حسن کی حضرت زینب کے بطن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی اور حضرت حسین کی رباب کے بطن سے حضرت سکینہ بنت حسین پیدا ہوئیں، جن سے عبداللہ بن حسین بن علی بن ابی طالب نے شادی کی لیکن ان (عبد اللہ) کا جلدی ہی انتقال ہو گیا، اس کے بعد یہ حضرت مصعب بن زبیر کی زوجیت میں آئیں، ان کی زوجیت میں رہتے ہوئے ان کے بطن سے فاطمہ پیدا ہوئیں۔ جو بچپن میں ہی فوت ہو گئیں۔ اور پھر ان کے شوہر بھی شہید کر دئے گئے، اس لئے بعد میں یہ کہا کرتی تھیں: اے کوفہ والو! اللہ کی تم پر لعنت ہو، بچپن میں تم نے مجھے یتیم بنا دیا اور بڑے ہوئے بیوہ کر دیا.....''۔

(''أنساب الأشراف'' ۲/۱۹۵، مطبوعہ: مؤسسۃ الأعلمی للمطبوعات، بیروت، تحقیق: شیخ محمد باقر المحمودی)

محمودی کی تحقیق کے ساتھ ''أنساب الأشراف'' اپنے علمی مقام ومرتبہ کی وجہ سے کافی فائق ہے، اور ڈاکٹر سہیل زکار کے تحقیق والے نسخے سے بہت سے اعتبارات سے عمدہ ہے، اس کی وجہ کا اندازہ باریک بیں قاری بذاتِ خود کر سکتا ہے۔

اسی مذکورہ عبارت کا تذکرہ محمد بن حبیب (ت ۲۴۵ھ) نے بھی ص ۴۳۸ میں اس عنوان ''ان لوگوں کے نام جنہوں نے تین یا زیادہ شوہروں سے شادی کی'' کے تحت کیا ہے، ابن حبیب کی کتاب د۔ ایلزہ لیختن شتیر کی تحقیق کے ساتھ ہے اور یہ انساب وتاریخ کے

اہم ترین مصادر میں سے ہے۔

ابن حبیب ان لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے ابن الکلبی (ت ۲۰۴ھ) کے بیان کردہ انساب کو روایت کیا ہے، خاص طور پر ان کی کتاب ''جمہرۃ النسب'' اور دوسری کتابوں سے۔

جہاں تک ابن قتیبہ (ت ۲۷۶ھ) کا تعلق ہے تو انہوں نے یوں بیان کیا ہے:

''اور جہاں تک سکینہ کا تعلق ہے تو مصعب بن زبیر نے ان سے شادی کی تو وہ وفات پاگئے.....'' (المعارف ص ۲۱۶)

اس کے بعد ابن الکلبی (ت ۲۰۴ھ) کا قول نقل کیا ہے: ''اور مصعب بن عمیر سے ان کی ایک باندی پیدا ہوئی تھی.....'' اور ابن الکلبی (ت ۲۰۴ھ) قدیم ترین ماہر انساب ہیں، ہم تک ان کی کتابوں کے مخطوطات پہنچ سکے ہیں، ان کے بعد دوسرے لوگ آئے تو انہی سے روایات بیان کیں، اس میں کمی زیادتی اور حذف واضافہ کرکے کتابیں لکھیں اور ان کی کتابوں کو روایت کیا۔

ان اساطین فن سے اکثر مؤرخین، سیرت نگاروں اور علمائے انساب نے مصعب بن زبیر سے سکینہ بنت حسین کی شادی کا قصہ نقل کیا ہے، جو لوگ اس شادی کا انکار کرتے ہیں وہ اس وہم کا اظہار کرتے ہیں کہ آل علی اور آل زبیر کے مابین عداوت ودشمنی پائی جاتی تھی، جو بھی دونوں عظیم گھرانوں کے مابین سابقہ اور بعد میں آنے والی رشتہ داریوں کا بیان پڑھے گا اس کو معلوم ہوجائے گا کہ ان دونوں کے مابین کوئی عداوت نہیں تھی، اور جو مصعب زبیری کی ''نسب قریش'' سے نقل کردہ ضمیمہ کا مطالعہ کرے گا وہ حقیقتِ حال سے خود بخود واقف ہوجائے گا۔

اس کے علاوہ اس رشتہ کا تذکرہ ان لوگوں نے بھی کیا ہے: ابن الجوزی نے "المنتظم" میں، علامہ ذہبی نے "سیر اعلام النبلاء" میں، خطیب بغدادی نے "تاریخ بغداد" میں، اور دوسرے لوگوں نے بھی تذکرہ کیا ہے۔

۱۳- حسین بن الحسن بن علی بن ابی طالب:

آپ نے امینہ بنت حمزہ بن منذر بن زبیر بن العوام سے شادی کی۔

ابو نصر بخاری "سر السلسلۃ العلویۃ" ص ۱۰۳، میں فرماتے ہیں: "حسین بن الحسن کی اولاد میں: محمد، علی، حسن، فاطمہ پیدا ہوئے، ان کی ماں امینہ بنت حمزہ بن منذر بن زبیر ہیں"۔

۱۴- علی (الخرزی) ابن الحسن بن علی بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب:

آپ نے فاطمہ بنت عثمان بن عروہ بن زبیر بن العوام سے شادی کی۔

ابو نصر بخاری فرماتے ہیں: "حسن بن علی -معروف بخرزی- کی اولاد میں حسن ہوئے، ان کی ماں فاطمہ بنت عثمان بن عروہ بن زبیر بن العوام ہیں"۔ (سر السلسلۃ العلویۃ ص ۱۰۲)

۱۵- فاطمۃ بنت علی بن ابی طالب:

آپ سے منذر بن عبیدۃ بن زبیر بن العوام نے شادی کی۔ مصعب زبیری کہتے ہیں: "فاطمہ بنت علی، محمد بن ابی سعید بن عقیل کی زوجیت میں تھیں، انہی کے بطن سے حمیدہ کی ولادت ہوئی، پھر یہ سعید بن اسود بن ابو الجہتری کی زوجیت میں آئیں،

ان کی زوجیت میں رہتے ہوئے برہ اور خالدہ کی ولادت ہوئی، پھر منذر بن عبیدہ بن زبیر بن العوام کی زوجیت میں آئیں تو عثمان اور کندہ (درج) کی ولادت ہوئی۔ (نسب قریش ص ۴۶)

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: ابن حبیب کی "المحبر" ص ۵۶، ۷۵، اصبہا رعلی بن ابی طالب - رضی اللہ عنہ- ضمیمہ میں اس کو بالتفصیل بیان کیا جائے گا کیونکہ اس کا موضوع سے گہرا تعلق ہے، اس کے علاوہ ابن الطقطقی نے بھی اس کا تذکرہ کیا ہے، فرماتے ہیں: "فاطمۃ الکبری ابوسعید بن عقیل کی زوجیت میں تھی تو جمیلہ کی پیدائش ہوئی، پھر سعید بن الاسود النظری کی زوجیت میں آئیں تو برہ اور خالدہ کی ولادت ہوئی، پھر منذر بن عبیدہ بن زبیر کی زوجیت میں آئیں تو عثمان اور کثیرۃ کی ولادت ہوئی (۱) (الاصیلی ص ۷۰)

---

(۱) الاصیلی کے محقق حاشیہ میں بیان کرتے ہیں کہ "ان سب کے تعارف کے لئے ملاحظہ فرمایئے" المجدی" ص ۱۷، ۱۸، لباب الانساب ۱: ۳۳۳، ۳۳۴، شیخ مفید کی "الارشاد" ۱/۳۵۴، ۳۵۵، علامہ مجلسی کی "بحار الانوار" ۴۳/۴۷، ۱۱۰، محقق نے بھی ان تمام رشتہ داریوں کے بارے میں کسی طرح کا کوئی تردیدی قول بھی نقل نہیں کیا ہے حالانکہ تحقیق کی دنیا میں ان کا ایک خاص مقام ہے خاص طور پر انساب کی کتابوں پر انہوں نے تحقیقی کام کیا ہے، مہدی الرجائی نے انساب سے متعلق دسیوں کتابوں پر تحقیقی کام کیا ہے، مثلاً: الاصیلی فی انساب الطالبین، ابن الطقطقی، التحفۃ العصریۃ فی انساب خیر البریۃ" محمد کاظم الیمانی الموسوی، "الشہاب الثاقب فی بیان معنی الناصب" یوسف البحرانی "الطرائف فی معرفۃ مذاہب الطوائف" ابن طاؤس "مفاتیح الشرائع" فیض الکاشانی التعلیقۃ علی الاصول الکافی، سید الداماد "ارشاد الطالبین الی نہج المسترشدین" فاضل المقداد "ہدایۃ المحدثین الی طریقۃ المحمدین"، فاضل الکاظمی "رسائل الشریف المرتضی" اختیار معرفۃ الرجال، الکشی وغیرہ، آپ علامہ عرشی نجفی ماہر انساب کے شاگرد ہیں۔

۱۶- أحمد (عقیبہ) ابن علی بن الحسین (الأصغر) ابن علی زین العابدین:

آپ نے زبیریہ سے شادی کی۔

''المجدی'' میں عمری آپ کے بارے میں کلام کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں:

''آپ کی اولاد میں جعفر بن عبداللہ بن الحسین الأصغر بن علی بن الحسین - علیہما السلام- ہوئے، آپ فضل وکمال کے حامل اور عمدہ صفات سے متصف تھے، آپ کی والدہ زبیریہ تھیں، جن کو صحصحا کے لقب سے پکارا جاتا تھا.....'' (عمدۃ الطالب، حاشیہ ص ۲۹۰، مطبوعہ: أنصاریان) ان کو ابن الزبیریہ بھی کہا جاتا تھا۔ (عمدۃ الطالب، حاشیہ، ص ۲۹۱ مطبوعہ: أنصاریان)

۱۷- ابراہیم بن حسین بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب:

آپ نے بریکہ بنت عبیداللہ بن محمد بن المنذر بن زبیر بن العوام سے شادی کی، مصعب زبیری فرماتے ہیں: ''ابراہیم بن حسین بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب کی اولاد میں حسین (درج) عبداللہ، زینب، فاطمہ ہیں، ان سب کی ماں: بریکۃ بنت عبداللہ بن محمد بن المنذر بن زبیر بن العوام ہیں۔'' (نسب قریش ص ۷۵)

قارئین کرام! یہ آل علی اور آل زبیر کے مابین مصاہرات اور رشتہ داریوں کی ایک جھلک تھی، اور جو بھی ان دونوں خاندانوں کے درمیان عداوت ودشمنی کا دعویٰ کرتا ہے، میرے خیال میں یہی اس کے دعویٰ کی تردید کے لئے کافی ہیں، شیخ مفید نے ام کلثوم بنت علی بن علی بن ابی طالب سے حضرت عمر بن الخطاب کے نکاح کا انکار کیا ہے، ان کے اور

دیگر لوگوں کے نزدیک اس کا سبب صرف یہ ہے کہ زبیری نے اس کی روایت بیان کی ہے اور مشہور ماہر انساب زبیر بن بکار فرماتے ہیں: اور علویین سے زبیریوں کی عداوت معروف ومشہور ہے''۔ میرے خیال میں گذشتہ تفصیل کے بعد یہ عداوت مشکوک ہی نہیں بلکہ ریت کا ڈھیر بن جاتی ہے۔

اہل بیت اور قبیلۂ بنوعدی کے آل خطاب کے مابین رشتہ داریاں

۱-محمد بن عبداللہ-رسول اللہ-صلی اللہ علیہ وسلم

آپ نے حضرت حفصہ بنت عمر بن الخطاب سے نکاح فرمایا، اس نکاح کا تذکرہ تمام مصادر ومراجع میں موجود ہے، جس کو ثابت کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔

۲-حسین (الأفطس) ابن علی بن علی (زین العابدین) ابن الحسین:

آپ نے خالد بن ابی بکر بن عبداللہ بن عمر بن الخطاب کی صاحبزادی سے شادی کی، اس شادی کا تذکرہ ابن عنبہ نے ''عمدۃ الطالب'' ص ۳۳۷، مطبوعہ: دار الحیاۃ ص ۳۱۵ مطبوعہ انصاریان میں کیا ہے، فرماتے ہیں: ''جہاں تک حسین بن الأفطس کا تعلق ہے، جن کی ماں (ابوالحسن عمری کے بقول) عمریہ ہیں، وہ خالد بن ابو بکر بن عبداللہ بن عمر بن الخطاب کی صاحبزادی ہیں''۔ (عمدۃ الطالب ص ۳۱۵، مطبوعہ: انصاریان) اس کا تذکرہ محمد صادق بحر العلوم اور حسین بحر العلوم دونوں محققین نے اپنی تحقیق کردہ کتاب ''رجال السید بحر العلوم'' حاشیہ ص ۲۳ میں کیا ہے، مزید دیکھئے: تراجم أعلام النساء، ص ۳۶۱۔

مصعب زبیری کہتے ہیں: ''ان کی والدہ جویریہ بنت خالد بن ابی بکر بن عبید اللہ بن عبداللہ بن عمر بن الخطاب ..... ہیں، (''نسب قریش'' ص ۷۳)

۳-حسن (المثنی) ابن الحسن بن علی بن ابی طالب:

آپ نے رملہ بنت سعید بن زید بن نفیل العدوی سے شادی کی، جن کے بطن سے محمد، رقیہ اور فاطمہ پیدا ہوئے، اس شادی کا تذکرہ ابن عنبہ نے عمدۃ الطالب ص ۱۳۰ مطبوعہ: دار الحیاۃ، ص ۹۳، مطبوعہ: انصاریان میں کیا ہے، حاشیہ میں لکھتے ہیں: "اور حسن المثنی کا ایک دوسرا بیٹا بھی تھا، جس کا نام محمد تھا، اور دو بیٹیاں رقیہ اور فاطمہ تھیں، ان کی ماں رملہ بنت سعید بن زید بن نفیل العدوی ہے اور محمد بن الحسن المثنی کی کوئی اولاد نہیں ہوئی، اس کا تذکرہ "مناہل الضرب" میں کیا ہے"۔

۴-اُم کلثوم بنت علی بن ابی طالب:

آپ سے حضرت عمر بن الخطابؓ نے شادی کی۔

اگرچہ بعض علماء نے اس شادی کا انکار کیا ہے لیکن اس کا تذکرہ انساب کی اہم اور مستند کتابوں میں موجود ہے اور جو بھی ابن الطقطقی کی کتاب "الأصیلی في أنساب الطالبیین" ص ۵۸ (تحقیق: مہدی الرجائی) کا مطالعہ کرے گا اس کو اس شادی کے ثبوت میں کوئی تامل نہیں ہوگا۔

"امیر المؤمنین علی بن ابی طالب - علیہ السلام - کی صاحبزادیوں" کے بارے میں فرماتے ہیں اور ام کلثوم: اس کی والدہ فاطمۃ الزہراء - علیہا السلام - ہیں، ان سے حضرت عمر بن الخطاب نے شادی کی اور ان کے بطن سے زید کی ولادت ہوئی، پھر یہ حضرت عبداللہ جعفر کی زوجیت میں آئیں۔ (الأصیلی ص ۵۸)

محقق نے حاشیہ میں اس شادی کے ثبوت کے سلسلہ میں بالتفصیل بیان کیا ہے

اور انساب کے سلسلہ میں حجۃ العلماء کی حیثیت رکھنے والے ابوالحسن عمری (۱) کے قول کو بھی نقل کیا ہے کہ وہ فرماتے ہیں: "المجدی" ص ۷۰ میں لکھا ہے کہ حضرت فاطمہ کے بطن سے پیدا ہونے والی حضرت ام کلثوم بنت علی۔ جن کا نام رقیہ علیہا السلام ہے۔ حضرت عمر بن الخطاب کی زوجیت میں آئیں اور حضرت زید کی ولادت ہوئی، ان کی اور ان کی والدہ کی وفات ایک ہی دن میں ہوئی۔

بغداد کے بلند پایہ زاہد اور مشہور زمانہ مؤرخ ابومحمد الحسن بن القاسم بن محمد العبید العلوی الحمدی (رحمۃ اللہ علیہ) بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر نے جس سے شادی کی تھی وہ شیطانہ تھی، جب کہ دوسرے یہ کہتے ہیں کہ حضرت عمر نے نکاح کے بعد ان کو اپنی زوجیت میں نہیں رکھا، بعض لوگوں کا خیال یہ ہے کہ یہ سب سے پہلی خاتون ہیں جن سے جبراً شادی کی گئی، اس سلسلہ میں سب سے زیادہ قابل اعتماد روایات وہ ہیں جن کو ابھی ہم نے بیان کیا ہے کہ حضرت عباس بن عبدالمطلب نے ان کی شادی حضرت عمر سے ان کے والد کی رضامندی سے کی اور حضرت عمر کی زوجیت میں رہتے ہوئے زید کی ولادت ہوئی۔"
(الاصیلی، حاشیہ ص ۵۸-۵۹)

ہاں مہدی الرجائی نے اس سلسلہ میں شیخ مرتضی کا کلام نقل کیا ہے جس کا خلاصہ بھی یہی ہے کہ ان سے جبراً شادی کی گئی ہے، اس کے بعد مہدی الرجائی نے یہ کہہ کر بات ختم کی ہے کہ "اس مسئلہ کے رد و قدح کے بارے میں کافی کلام کیا گیا ہے جس کو ذکر کرنے کی یہاں کوئی ضرورت نہیں ہے"۔ اس لئے میں مسئلہ کو مختصر کرتے ہوئے ایجاز کے ساتھ چند باتیں لکھ دیتا ہوں:

ڈاکٹر موسوی نے بھی اپنی کتاب "السیدہ سکینۃ بنت الحسین بن

حقائق التاریخ وأوهام المؤرخین" میں اسی سبب کا تذکرہ کیا ہے اور بیان کیا ہے کہ ان کی شادی منصب زبیری سے جبراً کی گئی تھی۔ لیکن یہ عجیب وغریب بات معلوم ہوتی ہے اور اس کو کوئی مان بھی نہیں سکتا ہے کیونکہ یہ بنو ہاشم کے لئے گالی کی مانند ہے جس کو شریف لوگ پسند نہیں کر سکتے ہیں، اور ہر خاص وعام اس بات سے واقف ہے کہ بنو ہاشم تمام لوگوں میں مقام بلند رکھتے ہیں، اور وہ اس وقت اتنی طاقت اور افرادی قوت کے حامل تھے کہ جس کا کوئی تصور بھی نہیں کر سکتا ہے، پھر ان کی بہادری، تعظیم کردار اور اپنی عزت وناموس کی حفاظت کے لئے جان ومال کی قربانی کے باوجود ان کو ذلت ورسوائی کا کیسے سامنا کرنا پڑتا، ایک دیہاتی عربی کی عزت وناموس پر بھی اگر کوئی حملہ آور ہوتا ہے تو وہ بھی اس کے لئے اپنی جان نچھاور کرنے کے لئے اٹھ کھڑا ہوگا حالانکہ حسب ونسب یا علم وتقویٰ سے اس کا کوئی دور تک کا واسطہ نہیں ہوتا ہے، لیکن اس کے باوجود بہت سے ایسے واقعات موجود ہیں جو اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ عربی بدوی کی عزت وناموس پر اگر کوئی حملہ آور ہو وہ غصہ سے بے قابو ہو جاتا ہے چاہے اس پر حملہ جائز طور پر کیا گیا ہو یا ناجائز طور پر، لہٰذا پھر اہل بیت کے بنو ہاشم اس کو کیسے برداشت کر سکتے ہیں، اسی طرح کا ایک واقعہ متعدد کتب میں مذکور ہے البتہ یہاں پر ابن عنبہ کی "عمدۃ الطالب" (ص ۹۰، مطبوعہ: انصاریان) سے نقل کیا جاتا ہے، وہ حسن المثنیٰ کی اولاد کا تذکرہ کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں: "آپ کی کنیت ابو محمد تھی، اور جہاں تک تعلق ہے خولہ بنت منظور بن زبان بن سیار بن عمرو بن جابر بن عقیل بن کعب بن مازن بن فزارہ بن ذبیان کا یہ تو محمد بن طلحہ بن عبید اللہ کی زوجیت میں تھیں اور جنگ جمل میں ان (محمد بن طلحہ) کی شہادت ہوئی، انہی کے بطن سے محمد کی اولاد ہوئی، اس کے بعد حسن بن علی بن ابی طالب - علیہ السلام - نے ان سے شادی کی، اس کی خیر ان کے

والد منظور بن زبان کو ہوئی تو وہ مدینہ منورہ میں داخل ہوئے اور اپنا جھنڈا مسجد نبوی کے دروازہ پر گاڑھ دیا اور مدینہ میں کوئی قیسی ایسا نہیں بچا جو اس کے نیچے داخل نہ ہوا ہو، پھر آپ نے اعلان کیا: کیا میرے جیسے شخص کی بیٹی کے بارے میں میری اجازت کے بغیر کوئی فیصلہ کیا جا سکتا ہے؟ سب نے جواب دیا: نہیں، جب حضرت حسن نے یہ دیکھا تو اس کی بیٹی کو اس کے حوالے کر دیا، اس کے بعد اس نے اپنی بیٹی کو ہودج میں اٹھایا اور مدینہ سے لے کر نکل گیا، جب بقیع پہنچا تو اس کی بیٹی نے اس سے کہا: ابا جان! آپ کہاں جا رہے ہیں، یہ امیر المؤمنین علی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسے حسن ہیں۔ اس نے جواب دیا: اگر اس کو تمہاری ضرورت ہوگی، وہ ضرور ہم سے آکر ملے گا، جب مدینہ کے کھجور کے باغات کے درمیان یہ لوگ چل رہے تھے تو حضرت حسن، حضرت حسین اور حضرت عبداللہ بن جعفر ان کے پاس آکر ملتے ہیں، والد نے اپنی بیٹی کو ان کے حوالے کر دیا اور مدینہ منورہ دوبارہ اس کو بھیج دیا.....''۔

قارئین کرام! اب بذات آپ خود غور کر سکتے ہیں۔

۵- اُم کلثوم بنت ابراہیم بن محمد بن علی بن ابی طالب

آپ نے ابو بکر (ابن القعقس) ابن عثمان بن عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر بن الخطاب سے شادی کی۔ (نسب قریش ص ۷۸)

بنو تیم اور بالخصوص آل طلحہ اور اہل بیت کے مابین رشتہ داریاں

۱۔ حسن بن علی بن ابی طالب:

آپ نے ام اسحاق بنت طلحہ بن عبید اللہ تیمی سے شادی کی۔ حضرت حسن کی اولاد میں فاطمہ، ام عبد اللہ، طلحہ بن الحسن ہیں، اس نکاح کا تذکرہ متعدد کتب مراجع میں موجود ہے۔ دیکھئے:

"الارشاد" شیخ مفید، ص ۱۹۳، "منتھی الآمال، شیخ عباس القمی، ۱/۱۵۱ فصل ۱۲، حضرت حسین کی اولاد میں، "کشف الغمۃ فی معرفۃ الائمۃ" اربلی ۲/۵۷۵، "انوار النعمانیہ" الجزائری ۱/۳۷۔

الجزائری فرماتے ہیں: "اور حسین الاثرم بن حسن، طلحہ، فاطمہ، ان کی ماں ام اسحاق بنت طلحہ بن عبید اللہ تیمی ہیں۔

اسی طرح اس نکاح کا تذکرہ ابن حبیب نے "المحبر" ص ۶۶، میں کیا ہے۔

مصعب زبیری "نسب قریش" ص ۵۰ میں فرماتے ہیں: "طلحہ بن حسن درج ہیں، ان کی والدہ ام اسحاق بنت طلحہ بن عبید اللہ تیمی ہیں، ان کی والدہ کی دو بہنیں فاطمہ بنت حسین بن علی بن ابی طالب اور آمنہ بنت عبد اللہ بن محمد بن عبد الرحمن بن ابی بکر صدیق ہیں"۔

اسی طرح ابن قتیبہ نے "المعارف" ص ۲۱۲، میں ابن الطقطقی نے "الاصیلی فی انساب الطالبیین" ص ۶۲، میں اس کا تذکرہ کیا ہے، اور تقریباً مصعب زبیری کی طرح بیان کیا ہے، فرماتے ہیں: اور آپ کے اخیافی بھائی ابراہیم اور زکوا اور ام القاسم سب محمد سجاد بن

طلحہ بن عبید اللہ کی اولاد میں ہیں"۔

اسی طرح دوسرے مصادر میں بھی اس کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

۲- حسین بن علی بن ابی طالب:

آپ نے ام اسحٰق بنت طلحہ بن عبید اللہ تیمی سے شادی کی، حضرت حسن نے اپنی وفات سے پہلے اپنے بھائی حضرت حسین کو ام اسحاق سے شادی کرنے کی وصیت کی تھی، اور ایسا ہی ہوا، اور انہی کے بطن سے فاطمہ بنت الحسین - رضی اللہ عنہم اجمعین - پیدا ہوئیں۔

دسیوں کتب مصادر و مراجع میں اس نکاح کا تذکرہ موجود ہے، لہذا ذرا غور فرمایئے کہ اہل بیت - رضوان اللہ علیہم - اپنے پاس زوجۂ صالحہ کو رکھنے کے کتنے خواہش مند ہیں۔ اور وہ زوجۂ صالحہ ام اسحاق بنت طلحہ بن عبید اللہ تیمی ہیں۔

اس کا تذکرہ مندرجہ ذیل کتب میں کیا گیا ہے:

"الإرشاد" ص ۱۹۴، "منتھی الآمال" ص ۶۵۱، فصل ۱۲، مطبوعہ: الدار الإسلامیۃ، "الأنوار النعمانیۃ" ۱/۳۷۴، فرماتے ہیں: اور فاطمہ بنت حسین جن کی والدہ ام اسحاق بنت طلحہ بن عبید اللہ ہیں۔

اسی طرح اس کا تذکرہ مصعب زبیری نے "نسب قریش" ص ۵۹، میں اور ابن قتیبہ نے "المعارف" ص ۲۱۳ میں کیا ہے۔

۳- عبدۃ بنت علی بن حسین بن ابی طالب:

آپ سے نوح بن ابراہیم بن محمد بن طلحہ بن عبید اللہ تیمی نے شادی کی تھی، مصعب زبیری کہتے ہیں: "اور عبدہ، محمد بن معاویہ بن عبد اللہ بن جعفر کی زوجیت میں تھیں، انہی

سے آپ کی اولاد ہوئی، اس کے بعد پہلی بن حسین بن حسن بن علی کی زوجیت میں آ گئیں اور ان کی زوجیت میں رہتے ہوئے حسن اور محمد کی ولادت ہوئی، اس کے بعد نوح بن ابراہیم بن محمد بن طلحہ بن عبیداللہ نے شادی کی اور انہی کی زوجیت میں رہتے ہوئے آپ کی وفات ہوئی۔" (نسب قریش ص ۶۳)

۴- حسن (المثنیٰ) ابن الحسن (المثنیٰ) ابن الحسن (السبط) بن علی بن ابی طالب:

آپ نے عائشہ بنت طلحہ (الجود) بن عبیداللہ تیمی سے شادی کی۔

شیخ عباس قمی حسن (المثنیٰ) کی اولاد کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ آپ کے چھ بیٹے تھے: ۱- طلحہ ۲- عباس ۳- حمزہ ۴- ابراہیم ۵- عبداللہ ۶- علی، جہاں تک طلحہ کا تعلق ہے تو ان کے کوئی اولاد نہیں ہوئی، اور عباس کی والدہ عائشہ بنت طلحہ (الجود) ہیں ..." (منتہی الآمال، ۱/۲۸۵ مطبوعہ مؤسسۃ النشر قم)

شیخ قمی نے طلحہ کا نام "الجود" (سخاوت) کے ساتھ ذکر کیا ہے، آپ کا پورا نام طلحہ بن عبیداللہ بن عثمان بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ بن کعب بن لؤی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ ہے، اور آپ کو طلحۃ الخیر اور طلحۃ الفیاض کے لقب سے بھی پکارا جاتا تھا، کیونکہ آپ کی سخاوت اور فیاضی مشہور زمانہ تھی۔

۵- عون بن محمد بن علی بن ابی طالب:

آپ نے حفصہ بنت عمران بن ابراہیم بن محمد بن طلحہ بن عبیداللہ تیمی سے شادی کی۔

ابن حبیب "المحبر" ص ۴۴۸ میں فرماتے ہیں: "حفصہ بنت عمران بن ابراہیم بن طلحہ بن عبیداللہ نے قاسم بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان سے شادی کی، اس کے بعد ہاشم بن عبدالملک کی زوجیت میں آئیں۔ پھر محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان کی، پھر عون بن محمد بن علی بن ابی طالب کی، پھر عبداللہ بن حسن بن حسین کی اور پھر عثمان بن عروۃ بن زبیر کی زوجیت میں آئیں۔

۶- ابوعلی ابراہیم بن محمد (المحدث) ابن الحسن بن محمد (الجوانی) ابن عبیداللہ الاعرج ابن الحسن (الاصغر) ابن علی (زین العابدین)۔

آپ نے تیمیہ سے شادی کی۔

ابن عنبہ کی کتاب "عمدۃ الطالب" کے محقق فرماتے ہیں: "عمری نے "المجدی" میں بیان کیا ہے کہ ابوالحسن علی کی ولادت ہوئی، اور کوفہ میں آپ کی پرورش ہوئی ان کی ماں اور آپ کے بھائی حسین کی ماں تیمیہ ہے، کوفہ میں آپ کی وفات ہوئی اور کندہ کے قریب آپ کی قبر ہے۔"

(حاشیہ عمدۃ الطالب ص: ۲۹۴، مطبوعہ: انصاریان)

اہل بیت اور بنو امیہ کے مابین رشتہ داریاں

ان دونوں خاندانوں کے درمیان بہت زیادہ رشتہ داریاں پائی جاتی ہیں، ان سب کا شمار کرنا یہاں پر ممکن نہیں ہے، کیوں کہ بنو امیہ قبیلہ عبد مناف کی ایک بہت بڑی شاخ ہے، وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نسب میں عبد مناف سے جا ملتے ہیں، ان کا نسب یوں ہے: امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف، ان کے درمیان جو رشتے سب سے زیادہ مشہور ہوئے اور جن کو میں تلاش کر سکا میں یہاں ان کا ذکر کروں گا اور وہ تقریباً اکیس ہیں:

۱۔ حضرت رقیہ اور حضرت ام کلثوم ۔ رسول اکرم ﷺ کی دو صاحبزادیاں:

ان دونوں سے حضرت عثمان بن عفان بن ابی العاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی بن کلاب نے شادی کی۔

حضرت عثمان بن عفان کی والدہ ہیں: اروی بنت کریز بن ربیعہ بن حبیب بن عبد شمس بن عبد مناف۔

اور ان کی والدہ (اروی) کی ماں ہیں: بیضاء (ام حکیم) بنت عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف، یہ آنحضور ﷺ کی پھوپھی اور رسول اللہ ﷺ کے والد حضرت عبد اللہ کی جڑواں بہنیں ہیں۔ یعنی حضرت عثمان بن عفان والد کی طرف سے اموی اور منافی ہیں اور والدہ کی جانب سے منافی ہیں اور ہاشمی کی طرف سے ہاشمی ہیں۔

اس رشتہ داری کو ثابت کرنے کے لئے مصادر و مراجع کے ذکر کرنے کی کوئی

ضرورت نہیں ہے کیونکہ اس کا ثبوت اظہر من الشمس ہے، تمام کتب مصادر و مراجع میں اس کا تذکرہ موجود ہے۔

۲۔حضرت زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم:

آپ سے حضرت ابو العاص بن ربیع بن عبد العزیٰ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی نے شادی کی، آپ عبد شمسی پھر منافی ہیں، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عبد مناف سے جا کر نسب ملتا ہے اور بنو امیہ کے ساتھ (عبد شمس) یعنی ابو امیہ کے ساتھ جا کر ملتا ہے۔

حضرت ابو العاصؓ کی والدہ

ہالہ بنت خویلد بن اسد بن عبد العزیٰ بن قصی ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آپ کی والدہ کا نسب قصی کے ساتھ جا کر ملتا ہے، وہ ام المؤمنین حضرت خدیجہ بنت خویلد کی بہن اور آپ کے بیٹوں اور بیٹیوں کی خالہ ہیں، اس شادی کا تذکرہ بھی تمام کتب مصادر و مراجع میں موجود ہے۔

۳۔حضرت علی بن ابی طالب بن عبد المطلب

آپ نے امامہ بنت ابی العاص بن ربیع بن عبد شمس بن عبد مناف سے شادی کی جن کی والدہ زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ ہیں، اور حضرت زینب کی والدہ: حضرت ام المؤمنین خدیجہ بنت خویلد ہیں، اس شادی کا تذکرہ بھی تمام کتب مصادر و مراجع میں محفوظ ہے بلکہ مشہور یہ ہے کہ حضرت سیدہ فاطمہ الزہراء رضی اللہ عنہا نے حضرت علیؓ کو اپنی وفات سے پہلے حضرت امامہ سے نکاح کرنے کی وصیت کی تھی اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم

کے نزدیک حضرت امامہ کو ایک خاص مقام و مرتبہ حاصل تھا۔

اسی طرح آپ (امامہ) کے والد حضرت ابو العاص بن ربیع نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے داماد ہیں۔(۱)

۴۔حضرت خدیجہ بنت علی بن أبی طالب

آپ ﷺ سے حضرت عبداللہ بن عامر بن کریز الأموی نے شادی کی، ان کا پورا نام عبداللہ بن عامر بن کریز بن ربیعہ بن حبیب بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی ہے، رسول ﷺ کے ساتھ آپ کا نسب عبد مناف سے جا ملتا ہے، آپ ہاشمی ہیں، اور یہ معروف ہیکہ عبد شمس، امیہ کے والد ہیں اور وہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے ماموں زاد بھائی ہیں، کیونکہ حضرت عثمان کی والدہ اروی بنت کریز بن ربیعہ بن حبیب ہیں اور عبداللہ بن عامر کی والدہ دجاجہ بنت اسماء بنت صلت سلمیہ ہیں، اور یہ عبداللہ نبی کریم ﷺ کے زمانے میں پیدا ہوئے، ان کو آپ ﷺ کے پاس لایا گیا جب کہ یہ چھوٹے تھے، آپ ﷺ نے فرمایا یہ ہماری ہی طرح ہیں اور آپ ﷺ ان کے جسم پر اپنا لعاب لگانے لگے اور تعوذ پڑھنے لگے، اور وہ نبی کریم ﷺ کا لعاب نگلنے لگے، اس کے بعد آپؐ نے فرمایا: وہ سیراب ہیں، وہ جس زمین کو بھی ہاتھ لگاتے تھے وہاں پانی ظاہر ہوتا تھا۔

اس شادی کا تذکرہ مندرجہ ذیل کتب مصادر میں کیا گیا ہے:

---

(۱) حضرت امامہ رضی اللہ عنہا کے مقام و مرتبہ کے بارے میں تفصیل کے لئے دیکھئے: فتح الباری، کتاب فضائل أصحاب النبی ﷺ، حدیث نمبر ۳۷۲۹ اور حضرت ابو العاص کے تعارف کے لئے دیکھئے الاصابہ ۴/۱۵۸، مطبوعہ: مکتبہ مصر، اور امام احمد کی کتاب فضائل الصحابہ حدیث نمبر ۱۳۲۹، ۱۳۳۰، ۱۳۳۴، ۱۳۳۵۔

ابن حبیب نے "المحبر" ۷۵ میں "أصهار علی بن أبی طالب" میں بیان کیا ہے:
"اور عبدالرحمٰن بن عقیل کی زوجیت میں خدیجہ بنت علیؓ تھیں، اور پھر ابوالسنابل عبداللہ عامر بن کریز کی زوجیت میں آئیں"۔

یہی عبارت مصعب زبیری کی "نسب قریش" ص ۷۶ میں بھی مذکور ہے۔(۱)

ابن عنبہ کی "عمدۃ الطالب" کے حاشیہ پر ابن الحسن عمری کی "المجدی" ص ۶۹ مطبوعہ انصاریان میں حضرت علی بن ابی طالب کی کئی بیٹیوں کا تذکرہ کیا ہے، اس میں ہے:

۱- أم کلثوم، حضرت فاطمہ علیہا السلام کے بطن سے پیدا ہوئیں، ان کا نام رقیہ ہے، یہ حضرت عمر بن الخطاب کی زوجیت میں آئیں اور ان سے زید پیدا ہوئے۔

۲- زینب الکبریٰ حضرت عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب کی زوجیت میں آئیں اور ان کے بطن سے علی، عون اور عباس پیدا ہوئے۔

۳- رملہ: یہ عبداللہ بن ابی سفیان بن الحرب بن عبدالمطلب کی زوجیت میں آئیں۔

۴- أم الحسن: یہ جعدۃ بن ہبیرۃ مخزومی کی زوجیت میں آئیں۔

---

(۱) دیکھئے: ل صفحہ ۳۷، ۸۱، (۱۸۶) مطبوعہ: مکتبہ مصر، علامہ ابن کثیر نے بھی "البدایہ والنہایہ" میں ان عبداللہ عامر کی فتوحات کا باتفصیل ذکر کیا ہے، آپ بہادر اور سخی تھے، پورے خراسان، بلخ، ترمذ اور کرمان کے علاقوں کو فتح کیا یہاں تک کہ غزہ کے قریب پہنچ گئے، آپ ہی امارت کے دوران لارن کا آخری بادشاہ پیدا ہوا، اللہ کا شکر ادا کرنے کے لئے نیشاپور سے احرام باندھ کر آئے، یہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے عرفہ میں حوض بنوائے اور وہاں کے لئے پانی جاری کروایا، حضرت عثمانؓ بن عفان نے آپ کو بصرہ کا والی مقرر فرمایا۔

۵-أمامة: یہ صلت بن عبد اللہ بن نوفل بن الحرث بن عبد المطلب کی زوجیت میں آئیں۔

۶-فاطمہ: یہ أبو سعید بن عقیل کی زوجیت میں آئیں۔

۷-خدیجہ: یہ ابن کریز(۱) جو بنو عبد شمس سے تعلق رکھتے ہیں کی زوجیت میں آئیں۔

۸-میمونہ: یہ مسلم بن عقیل کی زوجیت میں آئیں۔

۹-رقیہ الصغری: یہ مسلم بن عقیل کی زوجیت میں آئیں۔

۱۰-زینب الصغری: یہ محمد بن عقیل کی زوجیت میں آئیں۔

۱۱-أم ھانی (فاختہ): یہ عبد الرحمن بن عقیل کی زوجیت آئیں۔

۱۲-نفیسہ: یہ أم کلثوم سعری ہیں، عبد اللہ بن عقیل الأصغر کی زوجیت میں آئیں۔

ابن الطقطقی کی "الأصیلی" میں ہے: "اور خدیجہ: یہ عبد الرحمن بن عقیل کی زوجیت میں تھیں، اس کے بعد حضرت عثمان اور حضرت معاویہ کی جانب سے مقرر کردہ امیر بصرۃ عبد اللہ کریز کی زوجیت میں آئیں۔"

اسی طرح "تراجم أعلام النساء" ص ۳۴۵ اور "جمہرۃ أنساب العرب" لابن حزم ص ۶۸، میں بھی ان کا تذکرہ ہے۔

۵-رملہ بنت علی بن أبی طالب:

آپ سے معاویہ بن مروان بن الحکم نے شادی کی۔

(۱) یہاں پر ان کے نام کا تذکرہ نہیں کیا گیا ہے۔ نہ معلوم اس کا کیا سبب ہے حالانکہ یہ بہت بڑے ماہر انساب ہیں، اور یہ بات مشہور اور تمام کتب مصادر میں موجود ہے۔

معاویہ کا مکمل نام: معاویہ بن مروان بن الحکم بن ابی العاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی ہے۔

اس شادی کا تذکرہ مصعب زبیری نے "نسب قریش" ص ۴۵ میں یوں کیا ہے، فرماتے ہیں: رملہ، ابوالھیاج ہاشمی کی زوجیت میں تھیں، ان کا نام عبداللہ بن ابوالحارث بن عبد المطلب ہے، ان کے بطن سے اولاد ہوئی، اس کے بعد یہ معاویہ بن مروان بن الحکم کی زوجیت میں آئیں۔

مزید دیکھئے: جمہرۃ انساب العرب، ابن حزم ص ۸۷۔

۶- علی بن الحسن بن علی بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب:

آپ نے رقیہ بنت عمر العثمانیہ سے شادی کی، اس کا تذکرہ ابونصر بخاری نے کیا ہے، فرماتے ہیں: اور علی بن الحسن بن علی الخرزی ہی نے رقیہ بنت عمر العثمانیہ سے شادی کی، اور وہ اس سے پہلے مہدی بن منصور کی زوجیت میں تھیں، ہادی نے اس کو پسند نہیں کیا اور طلاق دینے کا حکم دیا، علی بن الحسن نے طلاق دینے سے انکار کیا اور کہا: مہدی کوئی اللہ کے رسول نہیں تھے کہ ان کی وفات کے بعد ان کی بیوی سے نکاح کرنا کسی کے لئے حرام ہو، اور نہ ہی مہدی مجھ سے اشرف و برتر ہیں" (سر السلسلۃ العلویۃ: ص ۱۰۳)

یہی عبارت توضیحی اضافہ کے ساتھ ابن عنبہ نے "عمدۃ الطالب" ص ۳۱۲ مطبوعہ: انصاریان میں نقل کی ہے، اور اس قصہ کو بیان کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "موسیٰ ہادی نے ان کے بارے میں حکم دیا اور ان کو اتنا مارا گیا یہاں تک کہ وہ بے ہوش ہو گئے"۔

۷- زینب بنت الحسن (المثنی) ابن الحسن بن علی بن أبی طالب:

آپ سے ولید بن عبد الملک بن مروان نے شادی کی، مروان کا نسب اس سے

پہلے ذکر کیا جا چکا ہے، اس شادی کا تذکرہ دسیوں کتب مصادر میں موجود ہے، دیکھئے: نسب قریش ص:۵۲، "جمہرۃ انساب العرب" ص ۱۰۸، مصعب زبیری فرماتے ہیں: "زینب بنت حسن بن حسن بن علی، یہ ولید بن عبد الملک بن مروان - جو خلیفہ تھے - کی زوجیت میں تھیں"۔ (نسب قریش ص ۵۲)

اسی طرح ان سے معاویہ بن مروان بن الحکم نے شادی کی، ابن حزم فرماتے ہیں: "معاویہ بن مروان بن الحکم کی اولاد میں ولید بن معاویہ ہیں، جن کی ماں زینب بنت الحسن بن الحسن بن علی بن ابی طالب ہیں۔" (جمہرۃ انساب العرب ص ۱۰۸)

۸- نفیسہ بنت زید بن الحسن بن علی بن ابی طالب:

آپ سے ولید بن عبد الملک بن مروان نے شادی کی۔

یہ بھی مشہور و معروف شادی ہے، اسی شادی کی وجہ سے بہت سے امور وقوع پذیر ہوئے، مثلاً ولید کا زید بن الحسن کا اکرام کرنا، ان کی بیٹی ان کی زوجیت میں ہونے کی وجہ سے، اس شادی کا تذکرہ تفصیل سے ابن عنبہ نے "عمدۃ الطالب" میں کیا ہے۔

فرماتے ہیں: "زید کی ایک بیٹی تھی جس کا نام نفیسہ تھا، وہ ولید بن عبد الملک بن مروان کی زوجیت میں آئیں اور ان سے ان کی اولاد ہوئی، مصر میں ان کی وفات ہوئی، وہیں پر ان کی قبر ہے، انہی کو اہل مصر "الست نفیسہ" کہتے ہیں"۔ (عمدۃ الطالب، ص ۶۰، مطبوعہ: انصاریان)

اس کے بعد مزید فرماتے ہیں: "زید، ولید بن عبد الملک کے نزدیک ایک اہم مقام رکھتے تھے، وہ ان کو اپنے تخت پر بٹھاتے تھے اور ان کا اکرام کرتے ہیں کیونکہ ان کی

بیٹی ان کی زوجیت میں تھی، ایک مرتبہ ایک ہی وقت میں ان کو تیس ہزار دینار دیئے۔

دیکھئے: منتھی الآمال ۱/۴۶۱، مطبوعہ: مؤسسۃ النشر الاسلامی قم۔

۹- أم أبيها بنت عبد الله بن جعفر بن أبي طالب:

آپ سے عبد الملک بن مروان نے شادی کی۔

بلاذری کہتے ہیں: "عبد اللہ کی ایک بیٹی تھی جس کو ام ابیھا کہا جاتا تھا، اس سے عبد الملک بن مروان نے شادی کی۔" (أنساب الأشراف ص ۵۹-۶۰)

یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس کا نام ام کلثوم تھا اور اس سے عبد الملک نے شادی کی اور پھر اس کو طلاق دے دی، پھر اس سے ابان بن عثمان بن عفان نے شادی کی، بعض لوگوں کا خیال یہ ہے کہ الگ الگ دو عورتیں ہیں، اور جس سے عبد اللہ نے پھر علی بن عبد اللہ بن عباس نے شادی کی وہ ام ابیھا ہے، محمد الحکیمی "أعیان النساء" ص ۲۰ میں کہتے ہیں: "اور اس سے عبد الملک بن مروان نے دمشق میں شادی کی پھر اس کو طلاق دی، اس کے بعد اس سے علی بن عبد اللہ بن عباس نے شادی کی اور انہی کی زوجیت میں رہتے ہوئے ان کی وفات ہوئی۔

"تاریخ الیعقوبی" ص ۳۲۲ میں ہے "علی بن عبد اللہ بن عباس کے بائیس بچے تھے..... اور عبد اللہ الأکبر کی والدہ ام ابیھا بنت عبد اللہ بن جعفر بن ابی طالب ہیں"۔

۱۰- ام القاسم بنت الحسن بن الحسن بن علی بن أبي طالب:

آپ سے مروان بن ابان بن عثمان بن عفان نے شادی کی۔

مصعب زبیری فرماتے ہیں: "أم القاسم بنت الحسن یہ مروان بن أبان بن عثمان

بن عفان کی زوجیت میں تھیں، ان کے بطن سے محمد بن مروان کی پیدائش ہوئی، اس کے بعد یہ حسین بن عبداللہ بن عبیداللہ بن العباس بن عبدالمطلب کی زوجیت میں آئیں، اور انہی کے پاس وفات پائی۔ ان کی زوجیت میں رہتے ہوئے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔" (نسب قریش ص ۵۳)

۱۱- فاطمہ بنت الحسین (الشہید) بن علی بن ابی طالب:

آپ سے عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان نے شادی کی۔

آپ کی زوجیت میں رہتے ہوئے محمد الدیباج کی ولادت ہوئی جن کو سن ۱۴۵ھ میں منصور دوانیقی کے جیل میں اپنے بھائیوں عبداللہ المحض اور حسن المثلث اور دوسرے اہل بیت کے ساتھ شہید کیا گیا، اور فاطمہ اس سے پہلے حسن المثنی کی زوجیت میں تھیں، جن سے عبداللہ (المحض)، حسن (المثلث) اور ابراہیم (الغمر) کی ولادت ہوئی، بعض علماء بسا اوقات اس نسب کے بارے میں غفلت کا شکار ہوجاتے ہیں جیسے کہ استاذ علی محمد دخیل نے اپنی کتاب "فاطمۃ بنت الحسین" میں لکھا ہے، ان کا خیال یہ ہے کہ انہوں نے صرف حسن (المثنی) سے شادی کی، انہوں نے اپنی کتاب "اعیان النساء، عبر العصور المختلفة" میں بھی ایسا ہی لکھا ہے، فاطمہ بنت الحسین کا تعارف کراتے ہوئے ذکر کیا ہے کہ ان کی شادی حسن المثنی سے ہوئی اور ان کی اولاد انہی سے ہوئی، ان کو منصور دوانیقی کے جیل میں مقید کیا گیا اور پھر وہیں شہید کیا گیا، لیکن انہوں نے اس کا تذکرہ نہیں کیا ہے کہ ان کے ساتھ محمد الدیباج بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان بھی شہید کیے گئے۔

البتہ اس کے باوجود علمائے انساب و تاریخ کی ایک بہت بڑی تعداد ایسی ہے

جنہوں نے اس کو ثابت کیا ہے کہ فاطمۃ بنت الحسین نے عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان سے شادی کی، اور ان سے ان کی اولاد ہوئی، اور ام فاطمۃ یہ اسحاق بنت طلحہ بن عبیداللہ تیمی کی والدہ ہیں۔

اب یہاں چند ایسے مراجع کا حوالہ دیا جارہا ہے جن سے اس شادی کا ثبوت ملتا ہے، ان مراجع سے چند عبارتیں نقل کی جارہی ہیں، جن سے اس کی مکمل وضاحت ہوتی ہے، یہ کتابیں انساب سے متعلق ہیں اور تمام مذاہب اور گروہوں کے نزدیک مسلم ہیں۔

تین مستند اقتباسات جن سے فاطمۃ بنت الحسین کی عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان سے شادی کا ثبوت ملتا ہے:

ابن الطقطقی نے اپنی کتاب: ''الأصیلی في أنساب الطالبین'' میں فاطمہ بنت الحسین کی شادی کا تذکرہ کیا ہے اور مستند روایات کے ساتھ اس کو نقل کیا ہے، اس سے پہلے اس کتاب کے بارے میں، اس کے محقق کے بارے میں اور انساب پر تصنیف شدہ کتابوں میں اس کتاب کی علمی قدر و قیمت کے بارے میں لکھا جا چکا ہے۔

فرماتے ہیں:

''یحییٰ تک متصل سند کے ساتھ منقول ہے کہ یحییٰ نے کہا کہ مجھ سے موسیٰ بن عبد اللہ نے بیان کیا، وہ کہتے ہیں: مجھ سے عیسیٰ بن عبد اللہ بن محمد بن عمر بن علی بن ابی طالب -علیہ السلام- نے بیان کیا کہ عبداللہ بن الحسن بن الحسن -علیہ السلام- حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ -صلی اللہ علیہ وسلم- کے گھرانہ میں مسجد میں پیدا ہوئے، اور جب حسن بن الحسن -علیہ السلام- کی وفات ہوئی تو فاطمہ بنت الحسین -علیہ السلام- حضرت عمرو بن عثمان بن عفان کی زوجیت میں آئیں اور ان سے ان کی اولاد ہوئی۔

اسی طرح یحییٰ تک متصل سند کے ساتھ منقول ہے کہ یحییٰ نے بیان کیا کہ مجھ سے اسماعیل بن یعقوب نے بیان کیا کہ جب عبداللہ بن عمرو بن عثمان نے حضرت حسن بن الحسن کی وفات کے بعد حضرت فاطمہ بنت الحسین -علیہا السلام- کو پیغام نکاح دیا تو انہوں نے شادی کرنے سے انکار کر دیا، اس لئے انہوں (عبداللہ بن عمرو) نے عبداللہ بن محمد بن

عبدالرحمن بن ابی بکر صدیق (جو ابن ابوعتیق کے نام سے معروف تھے) سے بات کی، اور فاطمہ بنت الحسین کی والدہ ام اسحاق بنت طلحہ ان کی زوجیت میں تھیں، اس لئے ابن ابوعتیق نے اپنی بیوی ام اسحاق سے بات کی، اور ام اسحاق نے اپنی بیٹی فاطمہ بنت الحسین سے بات کی اور بہت اصرار کیا یہاں تک کہ اس بات کی قسم کھالی کہ جب تک فاطمہ بنت الحسین، عبداللہ بن عمرو سے شادی کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتی ہیں اس وقت تک دھوپ میں کھڑی رہوں گی، اور وہ دن میں دو گھنٹے دھوپ میں کھڑی رہیں، یہاں تک کہ فاطمہ بنت الحسین باہر نکلیں تو اپنی والدہ کو دھوپ میں دیکھ کر نکاح کے لئے آمادگی کا اظہار کرلیں۔

یحییٰ کہتے ہیں: میں نے یہ حدیث اسماعیل بن یعقوب سے سنی، البتہ میں نے اس کو نوٹ نہیں کیا، میرا بھائی اس کو اور اچھی طرح بیان کرتا تھا اور اس کو یہ اور زیادہ ازبر تھی۔

اس کے علاوہ یحییٰ تک متصل سند کے ساتھ منقول ہے کہ یحییٰ نے کہا: مجھ سے اسماعیل بن یعقوب نے بیان کیا کہ میں نے اپنے چچا عبداللہ بن موسیٰ کو کہتے ہوئے سنا کہ عبداللہ بن الحسن فرماتے تھے: جب محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان کی پیدائش ہوئی تو اس وقت مجھے ان سے اتنی فرحت تھی جتنی اور کسی کے ساتھ نہیں تھی، پھر جب وہ بڑے ہوئے اور انہوں نے مجھ سے حسن سلوک کیا تو مجھے ان سے اتنی محبت ہوئی جتنی کبھی اور کسی سے نہیں ہوئی"۔ (الاصفہانی ص ۶۵-۶۶)

ایک اقتباس۔ جس کو "عمدۃ الطالب" کے محقق نے نقل کیا ہے:

"حسن "المثنی" کے بعد فاطمہ، مشہور شاعر العرجی کے چچا عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان اموی کی زوجیت میں آئیں، ان سے ان کے کئی بچے ہوئے، محمد (جو اپنے بھائی عبداللہ بن الحسن کے ساتھ شہید ہوئے) ان کو دیباج بھی کہا جاتا تھا، قاسم، رقیہ یہ سب عبداللہ بن عمرو کے بچے ہیں، اس کا تذکرہ ابوالفرج اصفہانی نے "مقاتل الطالبین" میں کیا ہے۔" (عمدۃ الطالب، حاشیہ، ص ۹۰، مطبوعہ: انصاریان)

مصعب زبیری کی "نسب قریش" سے ایک دوسرا اقتباس:

حسن بن الحسن بن علی بن ابی طالب کی اولاد کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "حسن بن الحسن بن علی بن ابی طالب کی اولاد میں: محمد (ان ہی کے نام پر ان کی کنیت رکھی گئی تھی، ان کی والدہ: رملہ بنت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل ہیں) عبداللہ بن حسن، حسن، ابراہیم، زینب، ام کلثوم: یہ سب حسن بن الحسن بن علی بن ابی طالب کی اولاد میں ہیں، ان کی والدہ فاطمہ بنت الحسین بن علی ابی طالب ہیں"۔ اس کے بعد حسن (المثنی) کی فاطمہ بنت الحسین سے شادی اور وفات کے وقت ان کی اولاد کا تذکرہ کیا ہے، اس کے بعد عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان سے فاطمہ بنت الحسین کی شادی کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "ان کے بعض سے محمد الدیباج، قاسم (ان کی کوئی اولاد نہیں ہوئی) رقیہ پیدا ہوئے، یہ سب عبداللہ بن عمرو کی اولاد میں ہیں، عبداللہ بن الحسن یہ سب سے بڑے بیٹے تھے، وہ کہتے ہیں: "مجھے عبداللہ بن عمرو سے زیادہ نفرت کسی سے نہیں ہوئی اور ان کے بیٹے محمد (جو میرے بھائی تھے) سے زیادہ محبت بھی میں نے کسی سے نہیں کی"۔ (نسب قریش ص ۵۱-۵۲)

شیخ عباس قمی کی "منتھی الآمال" کے بعض متفرق اقتباسات:

عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان کے ساتھ فاطمہ بنت الحسین کے نکاح کا ثبوت مختلف نصوص کے ذریعہ ملتا ہے، مزید یہ بھی کہ ان کے بطن سے (عبداللہ المحض) کے بھائی) محمد الدیباج، حسن (المثلث)، ابراہیم (الغمر) کی پیدائش ہوئی۔

شیخ عباس قمی نے اپنی کتاب "منتھی الآمال" میں مختلف جگہوں پر اس نکاح کا ثبوت پیش کیا ہے، عبداللہ بن الحسن بن علی بن ابی طالب اور آپ کے دونوں صاحبزادوں محمد اور ابراہیم کی شہادت کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "..... اور عبداللہ (المحض) اور آپ کے دونوں بیٹے محمد اور ابراہیم المحض کے بھائی الدیباج وغیرہ....." (منتھی الآمال ۱/۴۹۸، مطبوعہ: مؤسسۃ النشر، قم)

رباح بن عثمان، منصور کے جیلر ابوالازہر کے ساتھ مدینہ گئے، وہ نہایت خبیث النفس اور شریر انسان تھا، اس نے محمد الدیباج کے ساتھ حسن کے تمام بیٹوں کو نکال کر قید کیا، ان کے ہاتھ پاؤں میں زنجیریں ڈال دیں، ان کے ساتھ بہت سختی کا معاملہ کیا اور ان کو "ربذہ" لے کر چلا گیا"۔ (منتھی الآمال ۱/۵۰۳، مطبوعہ: مؤسسۃ النشر، قم)

"خلاصہ کلام یہ کہ: وہ حسن کے تمام بیٹوں کو اور محمد الدیباج کو ربذہ لے کر آیا، ان کو دھوپ میں کھڑا کیا، منصور کی جانب سے ایک شخص پہنچا اس نے کہا: تم میں محمد بن عبداللہ بن عثمان کون ہے؟ محمد الدیباج کھڑے ہوئے تو ان کو گرفتار کر کے منصور کے پاس لے کر آیا، راوی کا کہنا ہے کہ: محمد اس (منصور) کے پاس کچھ دیر ٹھہرے یہاں تک کہ ہم

نے کوڑوں کی آواز سنی، اور ہم کو محسوس ہوگیا کہ محمد کے ساتھ کیا معاملہ کیا جارہا ہے، جب وہ ہمارے پاس نکل کر واپس آئے تو ہم نے دیکھا کہ ان کا چہرہ سیاہ ہوگیا تھا، اور مارنے اور کوڑوں کی وجہ سے حبشی غلام کی طرح کالے ہوگئے تھے، ان کی ایک آنکھ بھی ناکارہ کردی گئی تھی، ان کا چہرہ خون آلود تھا۔

ان کو بھی اپنے بھائی عبداللہ المحض کے ساتھ کھڑا کردیا، وہ ان سے بہت محبت کرتے تھے، محمد پیاس کی وجہ سے نڈھال ہوگئے، وہ پانی مانگتے تھے کسی نے بھی منصور کے ڈر کی وجہ سے ان کی بات نہیں سنی، یہاں تک کہ عبداللہ نے آواز لگائی: کون رسول اللہ ﷺ کے نواسے کو پانی کا ایک گھونٹ پلائے گا؟! اہل خراسان میں سے ایک شخص کھڑا ہوا اور اس نے پانی پلایا۔

یہ بھی منقول ہے کہ محمد کے کپڑے کوڑوں اور خون کی وجہ سے جسم کے ساتھ چمٹ گئے تھے، زیتون کا تیل لگا کر ان کے کپڑوں کو الگ کیا گیا، کپڑوں کے ساتھ ان کی کھال بھی بعض جگہوں سے نکل گئی .....''۔ (منتھی الآمال، مطبوعہ: مؤسسۃ النشر الاسلامی، قم ۱/۵۰۴)

ابوالفرج کہتے ہیں: ''منصور نے عبداللہ (المحض) کو غصہ دلانے کے لئے عثمانی (محمد الدیباج) کو مارا اور عبداللہ کے سامنے اس کو عار دلانے لگا، جب وہ ان کی پیٹھ پر کوڑوں کے نشان دیکھتے تو بہت افسوس کرتے''۔ (منتھی الآمال ۱/۵۰۵، مطبوعہ: مؤسسۃ النشر، قم)

علامہ ابن الجوزی کے پوتے بیان کرتے ہیں: (محمد اور ابراہیم کی شہادت سے پہلے) منصور نے خراسان میں اپنے نائب کو لکھا: پورا خراسان محمد اور ابراہیم کی بغاوت کی

وجہ سے ہمارے خلاف اٹھ کھڑا ہوا ہے اور یہ سلسلہ کافی طویل ہوتا چلا جا رہا ہے، اس نے محمد الدیباج کا سر قلم کر دیا اور اس کو منصور کے پاس بھجوایا، سر کے ساتھ کچھ لوگ یہ گواہی دینے کے لئے بھیجے کہ یہ محمد بن عبداللہ بن الحسن ہی کا سر ہے جن کی ماں فاطمہ بنت رسول اللہ ﷺ ہیں"۔ (منتہی الآمال ۱/۵۰۲، مطبوعہ: مؤسسۃ انتشر بقم)

"ابن الجوزیؒ بیان کرتے ہیں کہ: منصور نے محمد دیباج کو بلایا (ان کی صاحبزادی ابراہیم بن عبداللہ بن الحسن کی زوجیت میں تھیں) منصور نے ان سے کہا: بتاؤ دونوں جھوٹے فاسق کہاں ہیں (یعنی: محمد اور ابراہیم)؟ انہوں نے کہا: واللہ! میں نہیں جانتا ہوں، یہ سن کر ان کو چار سو کوڑے لگائے، پھر ان کو ایک موٹی قمیص پہنوائی پھر اس کو ایسے کھنچوایا کہ اس کے ساتھ کھال بھی نکل گئی، وہ بہت حسین وجمیل تھے، اسی لئے ان کو دیباج کہا جاتا ہے، انکی آنکھ پر بھی ایک کوڑا لگا جس کی وجہ سے ان کی آنکھ چلی گئی۔

اس کے بعد ان کو اپنے بھائی عبداللہ بن الحسن کے پاس باندھ کر لے جایا گیا جب کہ وہ پیاس سے نڈھال ہو چکے تھے، کسی کو بھی انہیں پانی پلانے کی ہمت نہیں ہوئی اس لئے عبداللہ چیخ پڑے: اے مسلمانو! کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد پیاس کی وجہ سے مر سکتی ہے؟" (منتہی الآمال ۱/۵۰۴، مطبوعہ: مؤسسۃ انتشر بقم)

"أنساب الأشراف" میں ہے: فاطمہ بنت الحسین، حسن بن الحسن کی زوجیت میں تھیں، ان کے بطن سے عبداللہ بن حسن بن حسن، حسن بن حسن بن حسن اور ابراہیم بن حسن بن حسن کی ولادت ہوئی، اس کے بعد وہ عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان یعنی عبد اللہ (المطرف) کی زوجیت میں آئیں ان کے بطن سے محمد پیدا ہوئے"۔ (أنساب الأشراف ۲/۴۱۹، مطبوعہ: دار الفکر، تحقیق: ڈاکٹر سہیل زکار، ۲/۱۹۸، مطبوعہ: مؤسسۃ

الأعلمی للمطبوعات، تحقیق: محمد باقر المحمودی)

محمد (دیباج) بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان کی شہادت کا واقعہ ابو الفرج اصفہانی نے "مقاتل الطالبین" میں نقل کیا ہے اور ابن قتیبہ نے بھی "المعارف" ص:۱۹۹ میں کیا ہے۔

قارئین کرام! دیگر کتب مراجع میں حضرت فاطمہ بنت الحسین کا تعارف موجود ہے، ان سب میں اس نکاح کا تذکرہ موجود ہے، سابقہ نصوص ودلائل کے بعد شک وشبہ کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی ہے، طوالت کا خوف نہ ہوتا تو ہم مزید دلائل پیش کرتے لیکن انصاف پسند حضرات کے لئے مذکورہ دلائل ہی کافی وشافی ہیں۔

۱۲- حسن بن علی بن ابی طالب:

آپ نے لیلیٰ یا آمنہ بنت ابی مرہ سے شادی کی، جن کا تعلق قبیلۂ ثقیف اور اموی خاندان سے ہے، اس لئے وہ ثقفیہ اور اُمویہ کہلاتی ہیں۔

شیخ عباس قمی فرماتے ہیں: "حضرت حسین کی ازواج میں لیلیٰ بنت ابی مرۃ بن عروۃ بن مسعود ثقفیہ ہیں، جن کی ماں میمونہ بنت ابی سفیان ہیں جو علی اکبر کی والدہ ہیں۔ اور علی اکبر اپنے والد کی طرف سے ہاشمی ہیں اور اپنی والدہ کی جانب سے ثقفی اور اموی ہیں"۔

(منتہی الآمال ۱/۸۲۰، مطبوعہ: مؤسسۃ النشر، رقم ۱/۶۵۳، ۶۵۴، مطبوعہ: الدار السلامیۃ)

مزید دیکھئے: "نسب قریش" ص ۷۵ جس میں مصنف فرماتے ہیں: "حسین بن علی بن ابی طالب کی اولاد میں: علی اکبر (جن کی شہادت اپنے والد اور والدہ کے ساتھ طائف میں ہوئی) اور آمنہ یا لیلیٰ بنت ابی مرۃ بن عروۃ بن مسعود بن معتب بن مالک بن

مطلب بن عمرو بن سعد ابن عوف بن قسی ہیں۔ ان (آمنہ) کی والدہ حضرت میمونہ بنت ابی سفیان بن حرب بن امیہ ہیں''۔

ان کا تذکرہ علامہ تستری نے ''تواریخ النبی والآل'' ص ۱۰۸ مطبوعہ: دار الشرافۃ نے بھی کیا ہے۔

۱۳-اسحاق بن عبداللہ بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب:

آپ نے عائشہ بنت عمر بن عاصم بن عمر بن عثمان بن عفان سے شادی کی۔

مصعب زبیری فرماتے ہیں: ''اسحاق بن عبداللہ بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب کی اولاد میں: یحییٰ ہیں، ان کی والدہ عائشہ بنت عمر بن عاصم بن عمر بن عثمان بن عفان ہیں جن کی والدہ کلثم بنت وہب بن عبدالرحمٰن ابن وہب بن عبداللہ اکبر بن زمعہ بن الاسود ہیں''۔ (نسب قریش ص ۶۵) اسی طرح آپ کا تذکرہ ابن حزم نے ''جمہرۃ انساب العرب'' میں عبداللہ بن علی بن حسین (جو الارقط کے نام سے معروف تھے) کی اولاد کے ذیل میں کیا ہے، لیکن وہاں پر آپ کا نام عائشہ بنت عمر بن عاصم بن عثمان بن عفان بن ابی العاص بن امیہ بیان کیا ہے۔

۱۴-اُم کلثوم بنت عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب:

آپ سے ابان بن عثمان بن عفان نے شادی کی۔

علامہ دینوری آپ کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ''آپ کی زوجیت میں ام کلثوم بنت عبداللہ بن جعفر (طیار) بن ابی طالب تھیں''۔

لیکن ابن حزم نے ''جمہرۃ انساب العرب'' میں ذکر کیا ہے کہ آپ نے اپنے

چچازاد بھائی قاسم بن محمد بن جعفر بن ابی طالب سے شادی کی، پھر آپ سے حجاج بن یوسف ثقفی نے شادی کی اور پھر طلاق دے دی۔

ابن حزم فرماتے ہیں: ''عبداللہ بن جعفر کی اولاد میں..... ام کلثوم ہیں جن کی والدہ زینب بنت علی بن ابی طالب ہیں اور ان کی والدہ حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ہیں۔ ان سے حجاج بن یوسف نے شادی کی، اس نے طلاق دے دی، حجاج سے پہلے یہ اپنے چچازاد بھائی قاسم بن محمد بن جعفر بن ابی طالب کی زوجیت میں تھیں، قاسم کی کوئی اولاد نہیں ہوئی''۔ (جمہرۃ انساب العرب ص ۶۹)

دو اہم نوٹ:

۱- ام کلثوم اور آپ کے والد کی ماں (آپ کی دادی) دونوں کے ناموں کے مابین کافی خلط مبحث ہوا ہے، حجاج نے ان میں سے کس کے شادی کی اور عبدالملک کے حکم سے کس کو طلاق دی، ان سب چیزوں کے بارے میں اشتباہ ہو گیا ہے۔

۲- ابن حزم اور علامہ دینوری دونوں کی روایتوں کے مابین تطبیق کی شکل یہ ہے کہ ابان بن عثمان نے ام کلثوم سے قاسم بن محمد بن جعفر بن ابی طالب سے پہلے یا بعد میں نکاح کیا ہوگا۔

۱۵- لبابہ بنت عبداللہ ابن عباس ابن عبدالمطلب:

آپ نے ولید بن عتبہ بن ابی سفیان (حضرت معاویہ کے بھتیجے) سے شادی کی۔

البتہ عباس بن علی بن ابی طالب سے شادی کرنے کے بعد ان سے شادی ہوئی اور اس کے بعد اخیر میں زید بن حسن کی زوجیت میں رہیں۔ (دیکھئے: ''المحبر'' ص ۴۴۱،

''نسب قریش''۱۳۳، حاشیہ ''عمدۃ الطالب'' ص ۴۲، مطبوعہ: انصاریان)

فرماتے ہیں: زید بن الحسن کے بعد لہابہ، ولید بن عتبہ بن ابی سفیان کی زوجیت میں آئیں، ان کے بطن سے قاسم کی پیدائش ہوئی۔

اس کے علاوہ یہ اسماعیل بن طلحہ بن عبید اللہ تیمی کی زوجیت میں بھی رہیں، جیسے کہ مصعب زبیری نے ''نسب قریش'' ص ۲۹ میں بیان کیا ہے۔

۱۶- رملۃ بنت محمد بن جعفر بن ابی طالب:

آپ نے سلیمان بن ہشام بن عبد الملک بن مروان بن حکم اُموی سے شادی کی، دیکھئے ''المحبر'' ص ۴۴۹، جس میں مصنف فرماتے ہیں: ''رملہ بنت محمد بن جعفر بن ابی طالب نے سلیمان بن ہشام بن عبد الملک سے شادی کی، اس کے بعد قاسم بن ولید بن عتبہ بن ابی سفیان کی زوجیت میں آئیں لیکن ان کو عبد اللہ بن علی نے قتل کر دیا تو اس کے بعد علی کے بیٹے اسماعیل یا صالح کی زوجیت میں آئیں''۔

۱۷- اُم محمد بنت عبد اللہ بن جعفر بن اُبی طالب:

آپ نے یزید بن معاویہ بن ابی سفیان سے شادی کی، ابن حزم فرماتے ہیں: ''اُم محمد بنت عبد اللہ بن جعفر بن ابی طالب سے یزید بن معاویہ بن ابی سفیان نے شادی کی''۔ (جمہرۃ اُنساب العرب ۶۹)۔

۱۸- خدیجہ بنت حسین بن حسن بن علی بن ابی طالب:

آپ نے اسماعیل بن عبد الملک بن حارث بن ابی العاص بن امیہ سے شادی کی، ابن حزم فرماتے ہیں: ''اسماعیل بن حارث بن حکم (بن ابی العاص بن امیہ) کی اولاد

میں محمد الاکبر، حسین، اسحٰق اور مسلمہ ہیں، ان سب کی ماں خدیجہ بنت حسین بن حسن بن علی بن طالب ہیں"۔ (جمہرۃ انساب العرب ص۱۰۹)

۱۹- ابراہیم بن عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب:

آپ نے رقیہ الصغری بنت محمد دیباج بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان سے شادی کی۔

ابن حزم فرماتے ہیں: "..... عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان (مطرف) کی اولاد میں محمد الاکبر، محمد الاصغر (جو دیباج کے نام سے معروف ہیں) اور قاسم ہیں..... محمد دیباج کی اولاد میں: عبدالعزیز، خالد..... رقیہ الکبری، عبداللہ، عثمان، قاسم..... اور رقیہ الصغری ہیں، رقیہ الکبری نے محمد بن ہشام بن عبدالملک بن مروان سے شادی کی اور رقیہ الصغری نے ابراہیم بن حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب سے شادی کی"۔ (جمہرۃ انساب العرب ص۸۳)

اس کا تذکرہ شیخ عباس قمی نے بھی کیا ہے فرماتے ہیں: "منصور نے محمد دیباج کو طلب کیا اور ان کی صاحبزادی رقیہ، ابراہیم بن عبداللہ بن حسن کی زوجیت میں تھیں"۔ (منتہی الآمال ۱/۵۰۴، مطبوعہ: مؤسسۃ النشر قم)

۲۰- حسن بن حسین بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب:

آپ نے خلیدۃ بنت مروان بن عقبہ بن سعید بن العاص بن سعید بن العاص بن امیہ سے شادی کی۔

ابن حزم فرماتے ہیں: "سعید بن العاص بن سعید بن العاص بن امیہ کی اولاد

میں: عمرو، اشدق، اُبان ..... یحییٰ، محمد، عبداللہ، ..... داؤد، سلیمان، عثمان ..... معاویہ، سعید ..... اور عنبسہ ہیں، عنبسہ حجاج کے آمنشیوں میں تھے۔"

اس کے بعد آگے فرماتے ہیں: "عنبسہ کی اولاد میں: عبدالرحمٰن، زیاد، مروان اور امیہ ہیں، زیاد بن عنبسہ کی اولاد میں: ابراہیم بن زیاد اور علی بن زیاد ہیں اور پھر مروان بن عنبسہ کی اولاد میں خلیدہ پیدا ہوئیں جن سے حسن بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب نے نکاح کیا اور ان سے ان کی اولاد ہوئی ....." (جمہرۃ أنساب العرب ص ۸۱، ۸۲)

۲۱- لبابہ بنت عبداللہ بن محمد بن علی بن أبی طالب:

آپ سعید بن عبداللہ بن عمرو بن سعید بن العاص بن أمیہ کی زوجیت میں رہیں اور عبداللہ بن علی بن محمد بن علی بن أبی طالب کی زوجیت میں رہنے کے بعد ان کی زوجیت میں آئیں۔ (نسب قریش ص: ۷۶)

۲۲- نفیسہ بنت عبیداللہ بن عباس بن علی بن ابی طالب:

آپ سے عبداللہ بن خالد بن یزید بن معاویہ بن ابی سفیان بن حرب نے شادی کی اور ان کے بطن سے علی اور عباس پیدا ہوئے۔ (نسب قریش ص ۷۹)

خانوادۂ علوی اور عباسیوں کے مابین رشتہ داریاں

یہ رشتہ داریاں صرف خاص طور پر خانوادۂ علوی اور صحابہ -رضوان اللہ علیہم- کے درمیان نہیں تھیں، بلکہ آل علی اور آل عباس اور دوسرے لوگوں کے مابین بھی تھیں۔ ان میں سے بعض رشتہ داریوں کا بیان مندرجہ ذیل سطور میں کیا جارہا ہے:

۱-محمد (جواد) ابن علی (رضا) ابن موسی (کاظم):

آپ نے ام فضل بنت مأمون بن ہارون رشید سے شادی کی۔ (۱)

یہ نکاح ماہ صفر کے اواخر سن ۲۰۲ھ میں ہوا، اس رشتہ کا تذکرہ متعدد علماء نے کیا ہے، البتہ نام بیان کرنے کے سلسلہ میں تھوڑا سا اختلاف پایا جاتا ہے۔ (۲)

اس رشتہ کا تذکرہ مندرجہ ذیل لوگوں نے کیا ہے:

محمد الأعلمی حائری نے "تواجم اعلام النساء" ص ۲۳۹ میں، ہاشم معروف حسینی نے "سیرۃ الأئمہ الإثنی عشر" ص ۴۰۴ اور ۴۰۵ میں "الإرشاد" ص ۳۲۱ میں، اس میں آپ کا نام اُم الفضل بیان کیا گیا ہے، اسی طرح ابن آشوب نے "المناقب" ۴/۴۰۲ میں تذکرہ کیا ہے، علامہ تستری نے "تواریخ النبی والآل" ص ۱۱۱، مطبوعہ: دار الشرافہ میں، اس کتاب کے محقق نے حاشیہ میں مندرجہ ذیل مصادر کا تذکرہ کیا ہے: "تفسیر القمی" ص ۱۹۶،

---

(۱) خلفائے عباسیین کا نسب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا عباس بن عبد المطلب سے ملتا ہے۔

(۲) علمائے انساب کے مابین مامون کی اس بیٹی کے نام کے سلسلہ میں کافی اختلاف پایا جاتا ہے، جس سے محمد (الجواد) نے نکاح کیا کہ ان کا نام ام فضل ہے یا اُم حبیب؟

"الاحتجاج" ۲/۲۴۰، "بحار الانوار" ۵۰/۴۷ ج ۳، ۷۹ ج ۳۔

علامہ تستری فرماتے ہیں: "ام الفضل بنت مامون کے علاوہ ہمیں اور کوئی نام نہیں مل سکا، علامہ قمی نے ریان بن شبیب کے حوالے سے بیان کیا ہے کہ شادی کے بعد مامون نے حکم دیا کہ خاص وعام لوگوں کو ان کے مقام ومرتبہ کے اعتبار سے بٹھایا جائے، اس کے کچھ ہی دیر بعد ہم نے ملاحوں کی آوازوں کی طرح کچھ آوازیں سنیں، اس کے بعد دیکھا کہ کچھ خدام ایک چاندی سے بنی ہوئی کشتی لے جارہے ہیں، جو ریشم کی رسیوں سے ایک گاڑی پر بندھی ہوئی تھی، وہ گاڑی مختلف قیمتی خوشبوں سے بھری ہوئی تھی۔

اس کے بعد مامون نے حکم دیا کہ خاص اور اہم لوگ ان خوشبوؤں میں سے اٹھائیں اور استعمال کریں، اس کے بعد عام لوگوں کے پاس اس کو لے جایا گیا انہوں نے بھی ان خوشبوؤں کا استعمال کیا، دستر خوان لگائے گئے اور لوگوں نے کھانا کھایا..... (اس کے بعد اخیر میں فرماتے ہیں) ..... پھر مامون نے حکم دیا تو ابو جعفر کے سامنے مختلف قیمتی سامان، مختلف کھانے کی چیزیں اور سکے پیش کئے گئے"۔ (تواریخ النبی والآل ص ۱۱۱، مطبوعہ: دار الشرافۃ)

شیخ عباس قمی فرماتے ہیں: "امام جواد -علیہ السلام- کی ام الفضل کے بطن سے کوئی اولاد نہیں ہوئی"۔ (منتھی الآمال ۲/۵۶۹، مطبوعہ: موسسۃ النشر قم)

۲-علی (رضا) ابن موسی (کاظم) ابن جعفر (صادق):

آپ نے ام حبیب بنت مامون بن ہارون رشید عباسی سے شادی کی۔ اس رشتہ کا دسیوں کتب مصادر ومراجع میں تذکرہ کیا ہے، اور یہ بات مشہور ومعروف ہے کہ علی رضا،

مامون کے داماد ہیں، صرف اتنا ہی نہیں بلکہ مامون نے ان کو اپنا نامور و معروف ولی عہد بنایا اور اس کے بعد بہت سے امور وقوع پذیر ہوئے۔

اس رشتہ کا تذکرہ کرنے والوں میں یہ لوگ خاص طور پر قابل ذکر ہیں:

علامہ تستری "تاریخ النبی و الآل" ص ۱۱۱ مطبوعہ: دار النشر الفقہ، محقق نے حاشیہ میں متعدد دیگر مصادر کا بھی ذکر کیا ہے: "عیون أخبار الرضا" ۲/ ۲۲۸، حدیث ۲، بحار الأنوار ۴۹/ ۲۲۱، حدیث ۹ ص: ۳۰۳، حدیث ۱۱۔

شیخ عباس قمی فرماتے ہیں: "ان (مامون) کی بیٹی ام حبیب کا نکاح ان سے ان کے چچا اسحاق بن جعفر نے کروایا، اور اس سال امام رضا - علیہ السلام - کے بھائی ابراہیم بن موسی کو مامون کے حکم سے امیر الحاج مقرر کیا گیا"۔ (منتہی الآمال ۲/ ۴۵۹، مطبوعہ: مؤسسۃ النشر قم)

۳- عبید اللہ بن محمد بن عمر (أطرف) ابن علی بن أبی طالب:

آپ نے ابو جعفر منصور کی پھوپھی سے نکاح کیا، عمر بن عبید اللہ کی عمر چھپن سال کی ہوئی، انہوں نے زینب بنت خالد ابن محمد باقر سے بھی شادی کی۔ اس کا تذکرہ ابو نصر بخاری نے "سر السلسلۃ العلویۃ" ص ۱۳۵، میں کیا ہے۔

۴- أم کلثوم بنت موسی (جون) ابن عبد اللہ (المحض) ابن حسن بن علی بن أبی طالب:

آپ نے عباسی خاندان میں منصور کے بھتیجے سے نکاح کیا، "عمدۃ الطالب" کے محقق نے ابو الحسن عمری کی "المجدی" سے نقل کیا ہے کہ: "موسی بن عبد اللہ (جن کا لقب

جون ہے) کے بارہ بچے تھے جن میں سے نو لڑکیاں تھیں..... جہاں تک ام کلثوم کا تعلق ہے ،ابن دینار کے بقول وہ منصور کے بھتیجے کی زوجیت میں آئیں"۔ (عمدۃ الطالب ص ۱۳۴، مطبوعہ: دار الحیاۃ، ص ۱۰۳، مطبوعہ: انصاریان)

۵- زینب بنت عبداللہ بن حسین بن علی بن حسین بن علی بن أبی طالب:

آپ نے أمیر المؤمنین ہارون رشید عباسی سے نکاح کیا۔

مصعب زبیری کہتے ہیں: "ابن الحسین بن علی بن حسین بن علی بن أبی طالب کی اولاد میں: بکر، قاسم، أم سلمہ، زینب ہیں، یہ سب أم ولد نوبیہ کے بطن سے ہیں، ان ہی سے امیر المؤمنین ہارون نے شادی کی، ایک ہی دن کے بعد ان کو طلاق دی، اسی لئے اہل مدینہ نے ان کا لقب "زینب لیلۃ" (یعنی ایک رات کی زینب) رکھا....." (نسب قریش ص ۷۳، تفصیل کے لئے دیکھئے: جمہرۃ أنساب العرب" حسین بن علی بن حسین بن أبی طالب کی اولاد کے ذیل میں۔

۶- محمد بن عبداللہ بن حسن بن حسن کی صاحبزادی:

آپ کا نکاح امیر المؤمنین محمد بن أبی العباس سے ہوا۔

ابن حبیب فرماتے ہیں: "محمد بن عبداللہ بن حسن بن حسن بن حسن کی صاحبزادی کا نکاح محمد بن ابو العباس سے ہوا، ان (صاحبزادی) کے والد کی شہادت کے بعد مدینہ میں ان کی شادی ہوئی اور صبح ہوتے ہی ان کو طلاق دے دی، اس کے بعد ان سے عیسیٰ بن علی نے نکاح کیا، ان کے بعد محمد بن ابراہیم اور پھر حسن بن ابراہیم بن عبداللہ بن حسن کی

زوجیت میں آئیں، بعض لوگوں کا خیال ہے کہ حسن بن ابراہیم نے ان کی بہن سے نکاح کیا۔" (المحبر ص ۴۴۹-۴۵۰)

۷- میمونہ بنت حسین بن زید بن علی بن حسین بن علی بن أبی طالب:

آپ کا نکاح عباسی خلیفہ مہدی سے ہوا۔

ابن حزم اس کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "حسین بن زید بن علی بن حسین بن علی بن أبی طالب کی اولاد میں: حسن، حسن (دوسرے) علی، جعفر، عبداللہ، محمد، اسحاق، زید، یحیی، میمونہ ہیں، میمونہ سے عباسی خلیفہ أمیر المؤمنین مہدی نے نکاح کیا"۔ "جمہرۃ أنساب العرب" حسین بن زید کی اولاد کے ذیل میں، مزید دیکھئے: ابن قتیبہ کی "المعارف" ص ۲۱۹، فرماتے ہیں: "جہاں تک حسین بن زید کا تعلق ہے تو وہ نابینا ہو گئے اور ان کی بیٹی میمونہ، مہدی کی زوجیت میں تھی، ان کا ایک بیٹا ہوا۔"

آخری بات

قارئین کرام! ان ناموں، رشتہ داریوں اور انساب سے واقف ہونے کے بعد آپ عدل وانصاف سے کام لیجئے، آپ اہل بیت اور صحابہ کرام کے مابین الفت ومحبت، اخوت وہمدردی اور ایک دوسرے کے حق میں دلوں کے اندر صفائی کا مشاہدہ کریں گے، آپ کے دل کے یقین، حسن ظن اور اطمینان کے لئے اتنا کچھ کافی ہے، مختلف مصادر ومراجع اور کتب انساب سے ہم نے یہ نصوص جمع کئے ہیں تاکہ اس موضوع سے متعلق جو کچھ موجود ہے اس کو آپ تک پہنچایا جاسکے۔ اس عمل سے میں صرف اللہ بزرگ وبرتر کی رضا کا طالب ہوں، وہ مجھے اس کا بہترین صلہ اور اجر عظیم عطا فرمائے۔ کیونکہ اس سے صرف اہل بیت اور صحابہ کے عظیم مقام وشرف کو بیان کرنا مقصود ہے، جو ان کو عمل اور نسب کی وجہ سے حاصل ہوا۔

اس سے آپ نے علم انساب کی اہمیت اور صحابہ کرام کے نسب کے سلسلہ میں طعن وتشنیع کرنے سے اجتناب کرنے کی ضرورت کو خوب اچھی طرح محسوس کیا ہوگا، کیونکہ ان سب کا نسب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے جاملتا ہے۔

میں نے کوشش کی ہے کہ کتب انساب، تاریخ، سیرت اور تراجم میں سے صرف انہی چیزوں کو پیش کیا جائے جو قارئین کے لئے مفید ہوں اور جن سے قارئین کو فائدہ حاصل ہوتا ہو، ہم نے بعض موضوعات کو بالتفصیل بیان نہیں کیا،

اس لئے کہ ان کا تذکرہ ہم ایک دوسری کتاب میں کریں گے۔ (۱)

اللہ تعالیٰ ہمیں خیر کے جملہ اعمال کی توفیق مرحمت فرمائے۔ آمین!

بروز پیر/ ۱۹ر جمادی الآخرہ سنہ ۱۴۲۶ھ

مطابق ۲۵ر جون ۲۰۰۵ء

(۱) میں نے مناسب سمجھا کہ سوا ایسے صحابہ اور صحابیات کے اُن سب کو جمع کیا جائے جن کا نسب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے جا ملتا ہے، اس کے لئے ایک دوسری کتاب لکھی گئی ہے، اس لئے یہاں پر صرف عشرہ مبشرہ، امہات المؤمنین اور بعض جلیل القدر صحابہ کے انساب کو بیان کرنے پر اکتفا کیا گیا ہے۔

ضمیمے

ضمیمہ(۱)

مصعب الزبیری کی ''نسب قریش'' سے ایک اہم اقتباس

جس میں آل زبیر اور آل علی کے مابین الفت ومحبت کے قوی دلائل موجود ہیں۔

مصعب الزبیری (وفات ۲۳۶ھ) نے اپنی کتاب ''نسب قریش'' ص ۴۷ (مطبوعہ: دار المعارف، مصر) میں اس روایت کو نقل کیا ہے جس میں آل علی بن ابی طالب اور آل زبیر بن العوام - رضی اللہ عنھم اجمعین - کے مابین پائے جانے والی الفت ومحبت، مودّت ورحمت اور قرابت داری کے قوی دلائل موجود ہیں، فرماتے ہیں:

''عبد الملک بن مروان سخت ناراض ہوا تو اس نے ہشام بن اسماعیل بن ہشام بن ولید بن مغیرہ کو خط لکھا، وہ اس کی جانب سے مدینہ کا گورنر تھا، ہشام بن اسماعیل کی صاحبزادی عبد الملک کی زوجیت میں تھی اور وہی عبد الملک کے بیٹے ہشام کی ماں ہیں، عبد الملک نے ہشام بن اسماعیل کو لکھا: ''آل علی کے ذریعہ علی بن ابی طالب پر سب وشتم کرواؤ اور آل عبد اللہ بن زبیر کے ذریعہ عبد اللہ بن زبیر پر۔'' ہشام کے پاس جب عبد الملک کی یہ تحریر پہونچی تو آل علی اور آل عبد اللہ بن زبیر ایسا کرنے کے لئے تیار نہیں ہوئے اور انہوں نے انکار کر دیا، ہشام کی بہن آئی، وہ صاحب رائے اور عقلمند تھی اس نے کہا: ''اے ہشام! کیا تم سمجھتے ہو؟ کون ہے جو اپنے خاندان کو اپنے ہی ہاتھوں برباد کرنا گوارا کریگا۔ امیر المؤمنین کی طرف پھر سے رجوع کرو''۔ اس نے کہا: ''میں ایسا نہیں کروں گا''۔

اس نے کہا: اگر ایسا کرنا ضروری ہی ہے تو آل علی کو حکم دیا جائے کہ وہ آل زبیر پر سب وشتم کریں، اور آل زبیر کو حکم دیا جائے کہ وہ آل علی پر سب وشتم کریں اور ہشام اس پر راضی ہوگیا۔ لوگوں کو یہ سن کر کچھ خوشی ہوئی کیونکہ یہ ان کے لئے آسان تھا، لہذا سب سے پہلے حسن بن حسن بن علیؑ کو حکم دیا گیا اور وہ کھڑے ہوئے، ان کی کھال نہایت باریک تھی، وہ اس دن نہایت باریک کپڑے کی قمیص زیب تن کئے ہوئے تھے، ہشام نے کہا: "بولو! اور آل زبیر پر سب وشتم کرو!" انہوں نے کہا: "ان کی قرابت داریاں ہیں، میں بھی ان کا پاس ولحاظ کرنا چاہتا ہوں۔ اے لوگو! میں تمہیں راہ نجات کی طرف بلا رہا ہوں اور تم مجھے آگ کی طرف بلا رہے ہو"۔ یہ سن کر ہشام نے اپنے قریب کھڑے جلاد سے کہا: "مارو!" اس نے قمیص کے اوپر سے ہی ایک کوڑا مارا جو کھال کے بیچ سے نکل گیا اور کھال کھڑ گئی، یہاں تک کہ پیروں کے نیچے سے سنگ مرمر پر خون بہنے لگا۔ یہ دیکھ کر ابو ہاشم عبداللہ بن محمد بن علی نے کہا: امیر محترم! ان کو رہنے دیجئے میں ان کی طرف سے آل زبیر کو سب وشتم کرنے کے لئے کافی ہو جاؤں گا! علی بن حسین وہاں حاضر نہیں ہوئے، وہ بیمار تھے، یا بیمار بن گئے تھے، اسی طرح عمر بن عبداللہ بن زبیر بھی وہاں نہیں آئے، ہشام نے ان کو بلانا چاہا، لیکن اس سے کہا گیا کہ وہ کبھی بھی ایسا نہیں کریں گے، کیا آپ انہیں قتل کر دیں گے؟ یہ سن کر اس نے ان کو بلانے کا ارادہ ترک کر دیا۔

آل زبیر کی طرف سے بعض لوگ حاضر ہوگئے، جنہوں نے سب کی جانب سے کفایت کی، عمر کہا کرتے تھے: "اللہ جس چیز کو بھی بلندی اور عروج عطا کرتا ہے اس کے مقام ومرتبہ کو کوئی گرا نہیں سکتا ہے، دیکھو، ہم یہ لوگوں کے ساتھ کیا کر رہے ہیں، حضرت

علی کے مقام و مرتبہ کو کم کرنا چاہتے ہیں اور ان کو سب و شتم کرنے پر لوگوں کو آمادہ کرتے ہیں، لیکن اللہ تعالیٰ ان کو بلند کرنا چاہتا ہے!'' ثابت بن عبداللہ بن زبیر موجود نہیں تھے وہ بعد میں آئے (وہ حسن بن حسن کی خالہ کے بیٹے ہیں، ان کی والدہ تماضر بنت منظور (خولہ بنت منظور کی سگی بہن) ہیں) یہ ہشام بن اسماعیل کے پاس آئے اور کہا: ''میں اس مجمع میں موجود نہیں تھا لہٰذا میرے لئے لوگوں کو پھر سے جمع کیجئے میں بھی اس میں حصہ لینا چاہتا ہوں''۔ ہشام نے کہا: آپ ایسا کیوں کرنا چاہتے ہیں؟ حاضرین کی مرضی سے ہی آپ کو نہیں بلایا گیا۔'' انہوں نے کہا: ''آپ کو ضرور ایسا کرنا ہوگا ورنہ میں امیر المؤمنین کو خط لکھوں گا اور ان کو بتاؤں گا کہ میں نے اپنے آپ کو اس کام کے لئے پیش کیا تھا لیکن انہوں نے مجھے موقع نہیں دیا۔'' اس نے سب لوگوں کو جمع کیا اور یہ ان کے درمیان کھڑے ہوئے اور کہا: ''لعن الذین کفروا من بنی اسرائیل علی لسان داؤد وعیسی بن مریم، ذلک بما عصوا وکانوا یعتدون''۔

ترجمہ: ''بنی اسرائیل میں سے جن لوگوں نے کفر کیا، ان پر داؤد کی اور عیسیٰ بن مریم کی زبانی لعنت کی گئی، ایسا اس لئے ہوا کیونکہ وہ نافرمانی کرتے تھے اور حدود سے تجاوز کرتے تھے''۔

اس کے بعد کہا: اے لوگو! وہ ایک دوسرے کو برائی سے نہیں روکتے تھے، وہ بہت ہی برا کام کرتے تھے، سن لو! اللہ لعنت کرنے والے پر لعنت کرے، اللہ کی لعنت و پھٹکار ہو زبان آور، شیطان کے مارے ہوئے پر، ایسی چیز کی تمنا کرنے والے پر جس کا وہ اہل نہیں ہے، بے حیثیت و کمینہ صفت پر! سن لو! اللہ کی لعنت ہو بھنگے اور ایک دوسرے کے اوپر

دانتوں والے پر، بندھے ہوئے گدھے کی طرح فتنہ میں کودنے والے پر یعنی محمد بن ابی حذیفہ پر۔ امیر المؤمنین پر اژدھوں کے سر پھینکنے والے پر، سن لو! اللہ کی لعنت ہو پھینکے عبید اللہ بن عبدالرحمن بن سمرہ پر، جو نام کے اعتبار سے نافرمانوں میں سب سے زیادہ برا، سب سے زیادہ نقصان دہ اور سب سے زیادہ بے حیثیت ہے، اس پر بھی اللہ کی لعنت ہو اور اس کی زوجیت میں رہنے والی عورت پر بھی! اس سے ہشام بن اسماعیل کی ماں مراد تھی، یعنی: امۃ اللہ بنت مطلب بن أبي العنبری بن ہاشم بن حارث بن أسد بن عبد العزیٰ، اسماعیل بن ہشام کے بعد یہ عبید اللہ بن عبدالرحمن کی زوجیت میں آئی تھی۔ عبید اللہ عورتوں کے نزدیک محبوب ترین شخص تھے، ثابت نے جب یہ بات کہی تو ہشام نے ان کو قید کرنے کا حکم دے دیا اور کہا: ''میں سمجھ رہا ہوں کہ تم تو امیر المؤمنین کے رشتہ داروں پر ہی سب وشتم کر رہے ہو'' ثابت مسلسل قید میں ہی رہے یہاں تک کہ عبدالملک بن مروان کو ان کے بارے میں معلوم ہوا تو انہوں نے یہ تحریر لکھ کر بھیجی کہ ''ان کو چھوڑ دیا جائے کیونکہ انہوں نے صرف اختلاف کرنے والوں کو برا بھلا کہا ہے''۔

فضیل بن مرزوق کہتے تھے: میں نے حسن بن حسن کو ان کے بارے میں غلو سے کام لینے والے شخص سے کہتے ہوئے سنا: ''تم لوگوں کا برا ہو، اللہ کے لئے ہم سے محبت کرتے رہو جب تک کہ ہم اللہ کی اطاعت کرتے رہیں اور اگر ہم اللہ کی نافرمانی کریں تو ہم سے نفرت کرو! کیونکہ اگر صرف رسول اللہ ﷺ سے قرابت ورشتہ داری کی وجہ سے بغیر اطاعت کئے ہوئے اللہ کسی کو فائدہ پہنچاتا تو سب سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین اس کے سب سے زیادہ مستحق تھے، اس لئے ہمارے بارے میں حق بات کہو، کیونکہ

یہ تمہارے مقاصد کے اعتبار سے تمہارے لئے سب سے زیادہ نفع بخش ہے، اور ہم بھی اسی کے ذریعہ آپ سے خوش رہیں گے"۔

حسن کی جب وفات ہوئی تو انہوں نے اپنے بھائی ابراہیم بن محمد بن طلحہ بن عبید اللہ تیمی کو وصیت کی:(۱)

(۱) وصیت کرنے والا، جس کو وصیت کی جارہی ہے وہ اور جن کے بارے میں وصیت کی گئی سب کتنے اچھے لوگ ہیں، ابراہیم بن محمد بن طلحہ بن عبید اللہ تیمی جن کو حسن المثنی نے اپنی اولاد کے بارے میں وصیت کی، یہ قریش کے اہم اور نامدار لوگوں میں سے تھے، ان کو "اسد الحجاز" (حجاز کا شیر) اور "اسد قریش" (قریش کا شیر) کہا جاتا تھا، یہ حسن المثنی ابن حسن کے بھائی ہیں، ان دونوں کی ماں خولہ بنت منظور بن زبان ہیں، جب حسن المثنی نے ان کو اپنی اولاد کے بارے میں وصیت کی تو ان کی اولاد انہی کی پرورش میں رہی، یہاں تک کہ سن شعور کو پہونچنے کے بعد ان کو ان کا پورا مال بغیر کچھ خرچ کئے ہوئے حوالے کر دیا، اور کہا: جو کچھ میں نے تم پر خرچ کیا ہے وہ میں نے اپنے مال میں آپ لوگوں کے ساتھ صلہ رحمی کی نیت سے خرچ کیا ہے، یہ ان پر خوب خرچ کرتے تھے، عمدہ قسم کے گھوڑوں پر ان کو سوار کرتے تھے، اور ریشمی کپڑا پہناتے تھے۔ (دیکھئے: "التبیین فی انساب القرشیین ص ۳۲۴-۳۲۵)

ضمیمہ (۲)

"جمهرة من الأنساب والمصاهرات" کا ایک اقتباس

جس میں بعض اہم نکات اور دلائل موجود ہیں:

عمر الأطرف:

ابن الطقطقی عمر الأطرف بن علی بن أبی طالب کی اولاد کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"جہاں تک عمر الأطرف بن علی بن أبی طالب - علیہ السلام - کا تعلق ہے تو ان کی والدہ اور ان کی بہن کی والدہ رقیہ جرزاں ہیں، ان کی والدہ کا نام أم حبیب بنت ربیعہ بن یحیی بن العبد بن عنقہ بن حارث بن حبید بن سعد بن زہیر بن عثیم بن بکر بن حبیب بن عمرو بن غنم بن ثعلب بن وائل بن قاسط بن نمیت بن اقصی بن دعمی بن جدیلہ بن أسد بن ربیعہ بن نزار ہے"۔ (الأصیلی ص ۳۳۱) یعنی: ان کا نسب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نزار سے جا ملتا ہے۔

ابن عنبہ کہتے ہیں: "قاسم بن محمد بن جعفر کی صاحبزادی طلحہ بن عمر بن عبداللہ بن معمر تیمی کی زوجیت میں آئی، ان کے بطن سے ابراہیم بن طلحہ کی پیدائش ہوئی، ان کو "ابن الخمس" کہا جاتا تھا، یعنی ان کی پانچ پشتینی ماؤں (والدہ، نانی، پڑنانی ....) کی جانب

اشارہ ہوتا تھا''۔ (عمدۃ الطالب ص ۳۶، مطبوعہ: انصاریان)

ان کی پانچ پشتینی مائیں (والدہ، نانی .....) یہ ہیں: (۱) قاسم بن محمد بن جعفر بن ابی طالب کی صاحبزادی (۲) جن کی والدہ عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب کی صاحبزادی ہیں (۳) جن کی والدہ حضرت زینب بنت علی بن ابی طالب ہیں (۴) ان (زینب) کی والدہ حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں (۵) جن کی والدہ حضرت خدیجہ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزی بن عبد مناف ہیں۔

ابن عنبہ نے موسیٰ الجون کی اولاد کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھا ہے: ''ابراہیم بن الجون، ان کی والدہ ام سلمہ بنت محمد بن طلحہ بن عبدالرحمٰن بن ابی بکر ہیں، اور طلحہ بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن کی والدہ عائشہ بنت طلحہ بنت عبیداللہ ہیں اور ان (عائشہ) کی والدہ ام کلثوم بنت ابی بکر الصدیق ہیں''۔ (عمدۃ الطالب ص ۱۰۲، مطبوعہ: انصاریان)

نسب میں مقام بلند کی حامل خاتون:

ابن حبیب ''المحبر'' ص ۴۰۴ میں بیان کرتے ہیں، اسی طرح اس کا ذکر ابن قتیبہ نے بھی ''المعارف'' ص ۲۰۰ میں کیا ہے کہ: ''ایک ایسی خاتون جن کا سلسلۂ نسب رسول اکرم۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔ حضرت ابوبکر، حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت طلحہ اور حضرت زبیر (رضی اللہ عنہم) سب سے ملتا ہے۔ گویا کہ یہ سب ان کے آباء میں ہیں۔ وہ خاتون ہیں: حفصہ بنت محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان (بن عفان)

ان (حفصہ) کی والدہ: خدیجہ بنت عثمان بن عروۃ بن زبیر ہیں۔ اور حضرت عروۃ کی والدہ: حضرت اسماء بنت اَبی بکر ہیں، محمد کی والدہ: فاطمہ بنت حسین بن علی ہیں، فاطمہ بنت حسین کی والدہ اُم اسحاق بنت طلحہ بن عبید اللہ ہیں، اور عبد اللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان کی والدہ: حفصہ بنت عبد اللہ بن عمر بن الخطاب ہیں، بعض لوگوں نے زینب بنت عبد اللہ بن عمر کا بھی نام ذکر کیا ہے۔

ابن حبیب سے اس کی وضاحت رہ گئی کہ رسول اللہ ﷺ سے آپ کا نسب کیسے ملتا ہے، وہ اس طور پر کہ حضرت حسین بن علی کی والدہ حضرت فاطمۃ الزہراء بنت رسول اللہ ﷺ ہیں، اگرچہ ان خاتون کا سلسلۂ نسب خبیب کے ذکر کردہ اَنساب میں سے ہر ایک سلسلۂ نسب میں آنحضور ﷺ کے ساتھ جا ملتا ہے، لیکن اس کی بھی وضاحت ضروری تھی، آگے ذکر کردہ نقشہ سے اس کی مزید وضاحت ہوتی ہے:

حضرت حفصہ بنت محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان کا شجرہ نسب



تابعین میں شاذ و نادر ہی کوئی ایسا شخص ہوگا جس کا نسب ان آٹھوں شاخوں میں نبی کریم ﷺ کے نسب کریم کے ساتھ جاملتا ہو، میری معلومات کے مطابق ان حضرات کے علاوہ اور کسی کا نسب آپؐ سے اس طرح نہیں ملتا ہے۔ جہاں تک صحابہ کا تعلق ہے تو عنقریب ایک صحابیہ کا نسب آگے آرہا ہے جن کا نسب نو شاخوں کے ذریعہ آنحضور ﷺ سے جاملتا ہے۔

ان جلیل القدر صحابیہ کا نسب جن کا سلسلہ نو اعتبار سے والد کی جانب سے اور آٹھ اعتبار سے ماؤں کی جانب سے آنحضور ﷺ سے جاملتا ہے، کسی اور صحابہ کو یہ خصوصیت حاصل نہیں ہے:

(ہند بنت عتبہ)


رسول اللہ ﷺ کا نسب
ہند بنت عتبہ کا نسب
ام ہند کا نسب
ام صفیہ کا نسب
ام آمنہ کا نسب
ام قلابہ کا نسب
ام تماضر کا نسب
ام الصماء کا نسب
ام عاتکہ کا نسب
ام ریطہ (الخطیا) کا نسب
محمد
عبداللہ
عبدالمطلب
ہاشم
عبد مناف
قصی
کلاب
مرہ
کعب
لوی
غالب
فہر
ہند
عتبہ
ربیعہ
عبد شمس
عبد مناف
صفیہ
امیہ
حارثہ
الاوقص
بہثہ
سلیم
منصور
عکرمہ
خصفہ
قیس
عیلان
مضر
آمنہ
نوفل
عبد مناف
قلابہ
جابر
نمر
مالک
حسل
عامر
لوی
تماضر
حارث
حبیب
جذیمہ
مالک
حسل
عامر
لوی
صماء
سعید
سہم
عمرو
حصین
کعب
عاتکہ
عبدالعزیٰ
تیمی
ریطہ (الخطیا)
کعب
سعد
تیم
مرہ
قیلہ
حذافہ
جمع
عمرو
حصین
کعب

رسول اللہ ﷺ کے ساتھ امہات المؤمنین کا نسب ملنے کو ثابت کرنے والا ایک خاکہ



رسول اللہ ﷺ کے ساتھ عشرۂ مبشرہ کا نسب ملنے کو ثابت کرنے والا ایک خاکہ


محمد ﷺ
علی
عثمان
زبیر
سعد
عبدالرحمٰن
ابوبکر
طلحہ
عمر
سعید
ابوعبیدۃ
عبداللہ
عباسؓ
عفان
عوام
ابوسفیان
عوف
الاقامہ
اللہ
خطاب
زید
عبداللہ
ابوطالب
ابولہب
خویلد
عبدالعزیٰ
عبدالکعبہ
عبدمناف
عبدالدار
عبدالعزیٰ
عبدالعزیٰ
عبداللہ
عبداللہ
عبداللہ

ضمیمہ (۳)

علم الانساب کی اہمیت ومقام اور اس کے بارے میں عربوں کا اہتمام

ابن الطقطقی نے ''الاصیلی'' ص ۱۰۳ اور ابن عنبہ نے ''عمدۃ الطالب'' ص ۱۲۷، مطبوعہ: انصاریان میں اس قصے کو بیان کیا ہے جس میں اس سلسلہ میں بہت سے دلائل موجود ہیں، یہاں پر ابن الطقطقی کی نقل کردہ روایت کو بیان کیا جارہا ہے:

